مالک این کتاب بنده مرتضی احسن از مقام

۲۹۶

مه آسمان معانی است او	سپهر همه نکته دانی است او
نویسد چو نثر آن شه ارجمند	شود پایهٔ معنی ز نثره بلند
چو آرد بکف دُرّ مکنون شعر	دهد اوج شعری بمضمون شعر
درآید دمی چون بعلم عروض	کند کشف اصل رموز و غموض
سخندان و هم قدردان سخن	از و هست روشن جهان سخن
الهی بود تا سخن را بقا	بود تا زبان زینت کامها
بماند شه اختر ذی کرم	باقبال و دولت بجاه و حشم
درین دور فرّخ ز فکر بلند	رقم زد کتاب فصاحت پسند
بذکر غزای وصیّ نبیّ	مسمّی است با هیبت حیدری
به توصیف شاه زمین و زمن	بداد است لاریب داد سخن
ندارم بمدح و ثنایش مجال	کنون بایدم فکر تاریخ سال

نثره بفتح نثره اسم منزل از منازل قمر ۱۲
شعری بالکسر و رای مهمله مفتوح بر وزن [illegible]
[illegible]
عروض [illegible] علم و نثر ۱۲

بمدحِ شہ اختر تاجدار — محبِ شہنشاہِ دلدل سوار
زہی قہرمانِ عدالت سرشت — کہ دارد بہ دنیا متاعِ بہشت
بہ صوم و صلوٰۃ و بہ بذل و کرم — بہ عشق و ولائی امیر امم
بہ طاعاتِ حق بارکوع و سجود — ز خیل شہان گوئی سبقت ربود
نویسم اگر بخشش شہریار — شود جانِ حاتم بہ کلکم نثار
گر انصاف سلطان نمایم بیان — شود محو ذکرِ انوشیروان
چہ دارد سرِ فتنہ چشم حیات — کہ در عہدِ او شد مریضِ ثبات
شود گر بمیدانِ کین جنگجو — برآرد روان از نہاد عدو
بلند ار کند نیزۂ خون فشان — رساند بمریخ نوکِ سنان
کشد تیغ تیز ار بمیدان کین — گریزد تہ حوت گاوِ زمین
گر آرائشِ بزم عشرت کند — برد روحِ جمشید رشک و حسد

رقم شد جلی سال طبع کتاب
عشـ۱۲ـ۷۸ والاغنی

بہر مصرع چیدہ رقصان پری
عشـ۱۲ـ۸۶ افصلی

دل منکران خون نمود این نوید
سـ۱۲ـ۸۴ـنہ ابنگلہ

بجابل تبر ہیبت حیدری
سـ۱۲ـ۹۶ـہ

درخشان زمہر شہ پاک وسعد
سـ۱۲ـ۸۷ـنہ

بجا یافتم گنج مدحت گری
سـ۱۲ـ۹۶ـنہ ہجری

قطعۂ تاریخ از نتائج افکار شاعر شیرین کلام تعیش الدولہ بہادر متخلص بہ عیش

بدہ ساقیا ساغر جم وقار
کہ دل تنگم از دور دور خمار

زفرط ہجوم ہموم وملال
بشد کند طبع وزبان گشت لال

نہ بیند مرا چرخ سفلہ پرست
کہ باشم دمی با مئی سور مست

بنامش بدہ ساغر لاجواب
کہ شد بہر او رجعت آفتاب

بیار آتشین می بہ بزم طرب
کہ سوزد ز رشکش دل بولہب

درآیم بہ بزم ثنا گستری
فروزم چراغ سخن پروری

قطعات تاریخ

قطعهٔ تاریخ طبع کتاب ہیئت حیدری از نتائج افکار بلند آسمان پیوند مہتاب الدولہ بہادر متخلص بہ درخشان کہ ہر مصرع اش تاریخ است

کتابی رقم زد سلیمان شبیہ (سنہ ۱۲۹۲ھ) — فلک جاہ ابر کرم گستری (سنہ ۱۲۹۲ھ)

یم جود و ذیجاہ و گیتی پناہ (سنہ ۱۲۹۲ھ) — بہار کرامت گل جعفری (سنہ ۱۲۸۴ فصلی)

ملک خو پری رخ فہیم و جمیل (سمبت ۱۹۳۲) — بلرزد بجا خسرو خاوری (سمبت ۱۹۳۲)

سپہر عطا جان عالم خلیق (سنہ ۱۲۸۲ بنگلہ) — شہ پاک نام و مہ برتری (سنہ ۱۲۸۲ ولائتی)

ندیدہ چمن ہمچو آن گلعذار (سنہ ۱۲۹۲ھ) — نگاری تہ چرخ نیلوفری (سنہ ۱۸۷۵ع)

زہی نظم اکمل عجب نام پاک (سنہ ۱۲۹۲ھ) — بیان شرف ہیئت حیدری (سنہ ۱۲۹۲ھ)

بہر مصرع شاہ والا شکوہ (سنہ ۱۲۸۴ فصلی) — عجب جلوۂ زہرہ و مشتری (سنہ ۱۲۹۲ھ)

بتابد پئی رونق پنجتن ع (سنہ ۱۲۸۲ بنگلہ) — بعرش علا کوکب اختری (سمبت ۱۹۳۲)

زرِ نقد کی یون ہوئی اوفتاد
غنیمت کا آیا جو مال و منال
زبانِ مبارک نی تاثیر کی
کہ پورا ہوا مال تہا وہ جو کم
عطا کر دیا شہہ نی سلمان کو
دیا اسنی آقا کو جا کر وہ مال
رہا ہو گیا قیدِ آقا سی وہ
سلیمان کی مانند سلمان ہوا
جمال و درون و برون نیک تہا

نبیؐ کو ہوا جبکہ حکمِ جہاد
ہوا وزن کرنیسی وہ کم کمال
دُعائی معلّیٰ نی تدبیر کی
چہل اوقیہ وہ ہوا بی الم
کیا اسطرح کامل ایمان کو
بیان کر دیا معجزیکا بہی حال
ملا آکی اپنی مسیحا سی وہ
سخی و غنی اہلِ ایمان ہوا
ہزارونمین لاکہونمین وہ ایک تہا

تمام شد

کہا بو کے ان سبکو آگاہ کر | زمین مین دبین جب مجھی دی خبر

قضیبین جو سلمان کو کین عطا | تو سلمان نی گاڑین وہ ایک جا

پیمبر سی پہر عرض کی ای جناب | رسالت مآب و ثریا رکاب

خداوند شاخین وہ سب گڑ چکین | حضور ایک بہی اونمین باقی نہین

چلی اون قضیبونکی جانب رسولؐ | دعا کی خدا سی جمین سب اُصول

ثری سے سما تک اثر کر گئی | دعا خشک شاخون کو تر کر گئی

ہری ہو گئی نخل خرما بلند | لگی اونمین خرمی بہی مانندِ قند

گلستان جو تیار و تر ہو چکا | دعائی نبی کا اثر ہو چکا

تو سلمان سی ارشادِ حضرت ہوا | کہ لا اپنی آقا کو ای بی ریا

نہو تو متفکر نکر کچہہ ہراس | خرید آپکو اب تو ای حق شناس

زرِ نقد مانگی تو یہہ اوسی کہہ | کہ بر وقت پائیگا اوسکو بہی رہ

خریدونگا مین اپنی کو تجھ سی آج | نہ نیکی سی ہونا کہین بد مزاج
تبا لیگا کیا ای نہال کرم | کہان تک ہی قیمت ہی کتنی رقم
کہا اوسنی اشجار خرما مین مول | مگر تین سو کیون کہون گول گول
اونہین اپنی ہاتہونسی بوہون دراز | زمین سی کشیدہ ہون ای سرفراز
بڑہین وہ گہنی ہون بخوبی شجر | ہری اور تر و تازہ اور پُر ثمر
تو بعد اوسکی تکلیف یہہ دونگا مین | طلا کی چہل اُوقیہ لونگا مین
خریدی جو اپنی کو یہہ راہ ہی | یہہ منظور ہی اور دلخواہ ہی
یہہ قیمت ہی تیری اگر دی سکی | خرید آپ اپنی کو گر لی سکی
یہہ خدمت مین شاہ جہان کی گیا | کہا دست بستہ وہ سب ماجرا
نبیؐ نی سنا اور کیا سب قبول | کہا اپنی دل مین نہو تو ملول
صحابہ سی منگوا کی پہر بر ملا | اوسی تین سو کین قضیبین عطا

اوقیہ نصف بمقدار دو درم و پنج سبع درم و بعضی گویند چہل درم از منتخب

قضیب بمعنی شاخ درخت

نہایت تمنّا سی وہ باصفا | پس پشت مولا کھڑا ہو گیا

یہہ دیکھا رسول خدا نی جو ہین | نبیؐ الورا پیشوا نی جو ہین

اولٹ دی رداوش سی اسطرح | نکل آئی بدلی سی مہ جسطرح

پڑی مُہر دین پر جو اسکی نظر | لیا بوسہ ہونٹھونسی بس دوڑکر

اوسی وقت ممتاز سلمان ہوا | مسلمان ہوا وہ مسلمان ہوا

بصد صدق دل لایا ایمان پاک | مسلّم ہوا دلسی سلمان پاک

پیمبرؐ نی لطف وکرم سی کہا | کہ ای پاک دل نیک خو باحیا

کچھہ احوال اپنا ہی کر تو بیان | بتا کسطرح سی تو پہنچا یہان

کیا عرض حال اپنا سلمان نی جب | کہا اوس سی شہ نی کہ ای خوش لقب

خرید اپنی مالک سی تو آپ کو | زر نقد دینگی ہم اوسکو جو ہو

وہ ہنستا چلا اپنی آقا کی پاس | کہا بیچ لی مجھکو ای خوش قیاس

تصدق ہی شاہا اگر ہو قبول | مطالب ولی ہون ہماری حصول

شہنشہ نی وہ عرض خویش کی قبول | کہ تا ہو نہیہ اپنی دلین ملول

نشان نبوت جتا یا اوسی | نبیؐ و علیؑ نی نہ کہا یا اوسی

حبیبون کو تقسیم سب کر دیا | رخ نور ایمانسی دل بہر دیا

سلیمان کا سلمان کو آیا مزا | نشان نبوت یہہ پہلا ملا

بہرا وسری روز خرمونکا جام | وہ لیکر گیا پیش خیر الانام

کہا میرا ہدیہ یہہ منظور رہو | جو مقبول ہو جان مسرور رہو

پذیرا ہوا اور وہ ہدیہ قبول | ہوئی دولت عیش اسکو حصول

علیؑ کو دیا خود تناول کیا | بچا جو ہر اک کو عطا کر دیا

ہوئی پہر تو امید سلمان نہ یاد | کہا دلسی مونہہ مانگی آئی مراد

ارادہ ہوا دیکہی مُہر نبی | یہی امتحان ایسی تدبیر کی

بنی اوس و خزرج ہین فرمان پذیر — بہ چراغِ جہان ہی شہِ بی نظیر

یہہ مذکور سلمان بہی سنتا تہا سب — حکایاتِ خوش داستانِ عرب

ہوا دست بستہ حضورِ ولی — پہر آقا سی یہہ گفتگو اوسنی کی

کہ ای میری مالک سماءِ کرم — سرِ تاج مولا ہمارِ کرم

دوبارا یہہ تقریر سنوائیی — یہہ کیا ہی یہہ کیا کچھہ تو فرمائیی

وہ آشفتہ روبی ادب ہوگیا — طمانچہ بہی مارا غضب ہوگیا

کہا تجہکو کیا جا کی لگ کام مین — تجسس نہ کر بی سبب نام مین

تو بیچارہ سلمان چپ رہگیا — نہ کچھہ مونہہ سی بولا نہ پہر کچھہ کہا

سرِ شام لیکن یہہ تدبیر کی — بڑہی روشنی ماہِ تقدیر کی

کیا ایک تیار خوانِ طعام — چلا لیکی پیشِ شہِ نیکنام

رکہا آگی حضرت کی خوانِ طعام — لگا امتحانا یہہ کرنی کلام

نہ بہکا مجہی ساقیِ خوشنما آج
مئی دین کا ساغر پلا کوئی آج

بطِ آب طاہر ہو بہر وضو
کلوا واشربوا کی نہو گفتگو

صراحی برنگِ صبا اُڑ چلی
دلِ اہل کین سوزِ غم سی جلی

بہری شیشۂ دلمین زنگِ وضو
اُڑی نکہتِ روئی گُل چارسو

فلک دورِ ایمانپہ تحسین کری
سبو دان پہ پیمانہ نفرین کری

یہودیکا بہائی جو عم زاد تہا
بُرا نیک خو نیک بنیاد تہا

ملاقات کو آیا بہائی کی پاس
تو کہنی لگا ای اخی خوش قیاس

سنا ہی بہت مشتہر ہی یہان
کہ آیا ہی کعبی سی کوئی جوان

قُبا مین ہوا ہی وہ منزل گزین
کہ خاتم پہ ہو جسطرح سی نگین

وہ کہتا ہی اوپر سی وحی آتی ہی
ہر اک آنکہہ ساحر کی شرماتی ہی

بتاتا ہی خود کو رسولِ خدا
نبیّ مقتدا پادشہ پیشوا

سنو گوشِ دل سی فسانہ اب اور — خدا کی کرو کارسازی پہ غور

کہ آقا کا بہائی جو تہا خوشقیاس — ملاقاتکو آیا بہائی کی پاس

قرا کی جو جنگل مین دیکہا اسی — غلامِ برادر جو پایا اسی

برادر سی اسکو خریدا وہین — کیا اسنی ہمراہ بیجا وہین

چلا لیکی وہ انکو یثرب کی سمت — چلی مہر جسطرح مغرب کی سمت

غرض جبکہ پہنچی یہہ اوس شہر مین — بصد شوق مطلوب کی لہر مین

نشان جو جو راہب نی تبلائی تہی — وہ سلمان پر ساری ظاہر ہوئی

پتی وہ جو بالکل ہوئی آشکار — ہوا دلمین خوش طالبِ روئی یار

مراد اوسکی برآئی اس شہر مین — کہ قسمت اوسی لائی اس شہر مین

حقیقت سناؤن اب اسلام کی — یہہ ہی بات سلمان کی نام کی

سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی ایمان لانیکی کیفیت

قزاکی جو جنگل مین پہنچا یہود — مروّت حمایت ہوئی کچہہ نہ سود

یہودی اک اور اسکا تہا آشنا — وہان ترک انصاف اسنی کیا

طمع آگئی بیچا سلمان کو — گیا بہول جنگل مین احسان کو

بنایا یہودی نی انکو غلام — خریدا انہین زر دیا شاد کام

لیا زر یہودی نی رخصت ہوا — یہہ بیچارہ سلمان بہچک رہگیا

پہنسا جب مصیبت مین یہہ خستہ جان — تو کیا دیکہتا ہی وہان یہہ جوان

کہ خرمی کی ہین پیڑ اوسجا بہت — جو صحرا مین میوہ یہہ پایا بہت

کہا اسنی دلسی کہ ای میرے دل — نہو تو غم و رنجسی مضمحل

وہی جا ہو شاید یہہ ای مہربان — وصیّت جو کرگی موا تہا جوان

تجہی جسکی خواہش ہی ہو وہ زمین — یہہ جا آرزو کی نہوئی کہین

وہ خوش خوش پہر حال رہنی لگا — مصائب کو راحتسی سہنی لگا

مشرّف جو خدمت سی ہوا ایجوان | ملی نقد اسلام جب درمیان

ہماری طرف سی درود و سلام | بہت عرض کرنا سُن ای نیکنام

وصیّت یہہ کرکی مرا وہ جوان | کیا دفن اسنی اوسی پہر وہان

فراغت جو ہین دفن سی ہو چکی | یکایک خبر اسکو اوسجا ملی

کہ اک قافلہ ہی عرب کو روان | چلا جانب کاروان یہہ جوان

کیا کاروانی سی اسنی بیان | کہ سُن گوش دل سی اسی ایجوان

مری مُلک مین ہین بہت گوسفند | بہت چست چالاک فربہ بلند

سوا انکی گائین بہی ہین شیردار | کہ قندِ کمر ہی پہاتی کی دہار

اگر مجہکو پہنچائی سوئی عرب | تو وہ اپنا مایہ تجہی دونین سب

کیا حیلہ پرداز نی سب قبول | کہا گائین دی ہو گا مطلب حصول

غرض گائین دیکر چلا اوسکی ساتہہ | لئی جاتا تہا وہ اسی ہاتہون ہاتہہ

وہ جب دارِ فانی سی راہی ہوا ۔ اسی دوسری سی ملا مدعا
چہہ عیسائی اوستاد انکی موئی ۔ یہہ شاگرد اون سبکی ہوتی رہے
غرض ساتوان شخص جب ملگیا ۔ لکہا ہی کہ وہ شہر موصل کا تہا
ہوا نزع کا وقت اسکا ہی جب ۔ تو سلمان نی کی عرض ای خوش لقب
وصیّت کرو تا کہ دل شاد ہو ۔ ہماری سُنو اور اپنی کہو
کہا اوس سی راہب نی ای حق شناس ۔ وصیّت یہی ہی نہو بیحواس
مری بعد ملکِ عرب جائیگا ۔ یہودی بہت کوہ پر پائیگا
اوسی کوہ پر جا کی ہو نا مکین ۔ ملینگی وہین خاتم المرسلین
نشان نبیّ ہی یہہ ای باصفا ۔ تصدّق نہ لیگا وہ ہی بی ریا
ہدایا کریگا مگر وہ قبول ۔ سمجہتا ہی دینکی فروع واصول
نبوّت کی ہی مُہر شانو پہ صاف ۔ کریگا وہ اعدائی دین سی مصاف

ہوئی عقل دنگ اوسکی تقدیر پر | لگا ہاتہہ سلمان کا زنجیر پر

جدا ہوگئین دم مین زنجیر پا | ہر اک بند آپس سی کہل کہل گیا

نکل آیا زنجیر و نسی یون جوان | کہ بدلیسی ہو چاند جیسی عیان

جو بدلیسی نکلا مہ بی کلف | چلا گہر سی عیسائیونکی طرف

وہ پہنچا جو ہین پیش عیسائیان | تمنائین سب لگی بر آئیان

بہت خوش ہوئی راہب یہی | بہت آفرین اسکی ہمت پہ کی

اسی قافلی کو حوالہ کیا | اودہر یہہ بہی ان سبسی رخصت ہوا

روانہ ہوا شام کی شہر کو | یہی ٹہن گئی اب یہانسی چلو

جو پہنچا سوئی ملک یزدان پرست | بہت خوب دیکہا وہان بندوبست

وہان ایک راہب کی خدمت جو کی | محبت جو کی اور اطاعت جو کی

بدل وہ ہوا اسکی اوپر شفیق | عبادت بتائی سمجہکر رفیق

ہوا قید زندانمین سلمان جب — نتہا دلکو کچھہ اوسکی رنج و تعب

نظر اوسکی تہی ایزد پاک پر — اذیّت سی رکہتا نتہا کچھہ خطر

کہا زاہدون نی کئی دنکی بعد — کہ چلئی یہہ تاریخ ہی نیک و سعد

لکہا اونکو سلمان نی یہہ جواب — کہ مجہپر تو ہی قید خانہ عذاب

رہا ہونگا جب قید خانیسی مین — نہ باز آؤنگا شام جانیسی مین

رہائیکی صورت نہ آئی نظر — ہراسان ہوا دلمین وہ خوش سیر

اسی فکر مین وہ شب روز تہا — نہ یار و رفیق اور نہ دلسوز تہا

غرض ایک شب باپ جب سُو گیا — یہان بخت بیدار بس ہو گیا

دعا کی پسر نی کہ ای ذو الجلال — بہ چہٹون قید سی رفع ہو یہہ ملال

جو کی عجز و زاریسی اسنی دُعا — تو مطلب دُعا کا نشانہ ہوا

وہین قدرت حق ہوئی آشکار — او سی دم ہوا لطف پروردگار

تشفّی نی کبہی دست و پا تان کر — لگد مشت ماری اوسی جان کر

وہ بیکل یہہ بولا نہ مانونگا آج — نہ کہائیگا اب ابن آدم اناج

بہت اسپہ کرتا تہا وہ مار پیٹ — یہہ کہتا تہا بابا نہ مجہکو گہسیٹ

مرا دل ہٹی گا نہ اوس دین سی — ہوا عشق قلبی ہر آئین سی

مسلسل جو تقریر سلمان نی کی — تو یہہ عملی تدبیر نادان نی کی

کہ در بند کر کی وہ آشفتہ سر — یہہ تعذیر سونچا سگِ بیخبر

پسر کو کرون قید مین مبتلا — جو ابو نکی پائی جزا و سزا

کرون قید سلمان کو زندان مین — خلل لائی بد نیک ایمان مین

وہین اوسنی زنجیرین منگوائیان — پسر کی قدم چومنی آئیان

اوٹہایا بٹہایا دبی پور پور — پسر کو بنایا شکنجی مین مور

ہوئی پاؤن زنجیر سی آشنا — بہت شور غل سنگدل نی کیا

پسر نی جہمک کر دیا یہہ جواب
یہہ کیا آپ کہتی ہین عالیجناب

اگر مہرِ دین دل کو دکہلائی دی
ہوس شعلۂ نار کی کیا رہی

پرستش سی آتش کی دل سرد ہی
مری سامنی آگ اب برد ہی

مرادہ ہیان ایزد پرستی مین ہی
پسند اک یہی بات ہستی مین ہی

مجہی جانئی آپ ایزد پرست
مقدّر ہوا تہا ز روزِ الست

اوٹہا مثلِ مارِ سیہ اوسکا باپ
کہا خوب پنہچو نمین آئی ہین آپ

طماچو نسی مونہہ کو کیا لال لال
رخِ لالہ تر ہوئی دونو گال

گُلِ گوش مَل مَل کی خوشبو کیا
جفاؤنسی تن بہر کو اُتّو کیا

کیا چٹکیون سی بدن نیلگون
بنایا گُلِ کاسنی رنگ خون

پکڑ ہاتہہ جہٹکا دیا زور سی
کلیجیکو کہٹکا دیا زور سی

لبِ تر بہی اوس خشک دلنی ملی
رہا وہ تو اوپر یہہ غمگین تلی

اوسیجا رہا شام تک با خدا | سرِ شام سلمان راہی ہوا
کیا مستعد راہبون کو ادہر | روانہ ہوا اونسی کہکر یہہ گہر
اوسی گہر مین آنا بہانہ ہوا | کہ تیرِ الم کا نشانہ ہوا
کہا باپ نی حال کہہ ای پسر | زراعت کی دی مجہکو یکسر خبر
زبس مزرعِ دینکی تہا فکر مین | منغّص ہوا کہیت کی ذکر مین
کہا کہیت کا کیا کہون ماجرا | نہ جوتا نہ بویا کہین باجرا
نہ گوڑی زمین اور چلایا نہ ہر | مجہی کہیت کی کیا خبر ای پدر
مگر دین کا کہیت تیّار ہی | فقط پانی ایقان کا درکار ہی
خفا ہو گیا باپ سُنکر یہہ حال | منغّص ہوا وہ پسر سی کمال
بس اکبار چینِ جبین تیز کی | حسامِ نصیحت وہین تیز کی
کہ کسنی کجی تجہکو تعلیم کی | سُجہائی روش کاف اور جیم کی

ہوا فکر کی بعد جب ہوشیار ۔ ہوا دینِ عیسیٰ اوسی آشکار

جو ایمان سی جان پُر ضو ہوئی ۔ ضیائی درون شمع کی گو ہوئی

کیا شعلۂ نور نی گرم دل ۔ ہوئی مشعلِ عیسوی مشتعل

وہ دینِ مسیح نبیؐ سی ملا ۔ بصد صدقِ دل لا کہہ جی سی ملا

وہ مذہب سی اپنی ہوا اجنبی ۔ ہوا داخلِ ملّتِ عیسوی

جو آغاز کا نیک پایا مآل ۔ تو نصرانیون سی کیا یہہ سوال

کوئی جائی خوش ہمکو بتلائیی ۔ جہان اہلِ ملّت ہون بہجائیی

کہا راہبون نی کہ ای نیکنام ۔ یہانسی ہی نزدیک اک شہرِ شام

بسی ہین وہان اہلِ ایمان بہت ۔ فدائی نبیؐ ہین وہ ذیشان بہت

کہا اسنی مجہکو یہی عید ہی ۔ وہ کیا ملک ہی قابلِ دید ہی

کوئی قافلہ گر چلی شام کو ۔ تو لی ساتہہ اس محنت انجام کو

زمین آسمان اوسنی پیدا کئی — مکین و مکان اوسنی پیدا کئی

چرندی پرندی پری آدمی — اطاعت مین رہتی ہین اوسکی سبہی

وہ خالق ہی اور سب یہہ مخلوق ہین — دل خوش عبادتکی صندوق ہین

عجب خالقِ خلق ہی بی نیاز — کہ ہیجا یہان بندۂ سرفراز

نبی کر دیا نام عیسیٰ رکہا — پیمبر بنایا کیا پیشوا

پئی رہنمائی وہ پیدا ہوا — عبادت کا آئین ہویدا ہوا

کتابِ خدا ہی عنایت ہوئی — یہہ انجیل بہر ہدایت ملی

سراسر ہین احکامِ دین اسمین سب — کہ اللہ کا کام ہی بی سبب

سب اشراف عیسیٰ کی ملّت مین ہین — بصدقِ دل اوسکی اطاعت مین ہین

پڑہی تہی جو الفاظ نیک ای جوان — وہ سب ذکرِ انجیل تہا درمیان

سنا جبکہ سلمانؑ نی یہہ سخن — ہوا بحرِ حیرت مین دل غوطہ زن

وہ انجیل پڑہتی تہی آواز سی — بصوتِ حزین نیک انداز سی

محبّت اسی دین کی آ گئی — وہ آوازِ خوش دلمین جا پا گئی

اوسی گہر مین بی خوف داخل ہوا — اوس آواز پر دل سی مائل ہوا

توکیا دیکہتا ہی یہہ لڑکا وہان — عبادت مین ہین سب وہ انجیل دان

نماز و نمین مشغول ہین سربسر — عبادت سی روشن ہی راہب کا گہر

محرّک کیا دل کو ایمان نی — تو اون سبسی پوچہا یہہ سلمان نے

پرستش یہہ کسکی ہی بولو شتاب — یہہ تم لوگ پڑہتی ہو کسکی کتاب

کہا سب نی بیشک خدا ایک ہی — پئی بندگان خالقِ نیک ہی

بہت خوب ہی ذاتِ پاکِ خدا — اوسی نی دو عالم کو پیدا کیا

فرازندۂ آسمان ہی وہی — برآرندۂ جسم و جان ہی وہی

اوسی نی بنائی ہین ساتون سپہر — اوسی نی کئی ہین بشر رشک مہر

ملی تھی بہت جاہ و ثروت اوسے — مہیا تھی دنیا کی نعمت اوسی

زمیندار کا ایک لڑکا بھی تھا — کہ تھا نام سلمان اوس ماہ کا

زبان پر خلائق کی یہہ نام تھا — پسر کا مگر نیک انجام تھا

زمیندار رکھتا تھا اوسکو عزیز — سکھاتا تھا ہر روز لطف و تمیز

کبھی گھر سی باہر نکالا نہ تھا — کوئی بوجھہ لڑکی پہ ڈالا نہ تھا

زمیندار تھا وہ جو آتش پرست — پسر آتش افروز سی سخت پست

زمیندار کھیتی پہ جاتا تھا روز — مکانین رُخ آتشِ خانہ سوز

زمیندار کو کام اکدن ہوا — نہ اوس روز وہ کھیت پر جا سکا

عوض اپنی بیٹی کو تکلیف دے — بحکم پدر اسنی محنت وہ کی

قدم گھر سی لڑکی نی باہر رکھا — گذر دیرِ رہبانپہ اوسنی کیا

بہت راہبِ دیر تھی ایکجا — کہ تھا عالمونکا وہان جمگھٹا

نسیمِ بہار یسی سرسبز ہون | ہرا اکدم ہرا ہو درون و برون

مجھی پائمالِ ستمگر نہ کر | بجا ہر کی چلنی سی ای دادگر

نہ چڑھ آئی مجھپر کوئی ضلعدار | مری کھیت پر توہی رہ سایہ وار

قلم مردہ ہو بدن چوبدار | چڑھی میری مونہہ پر نہ کوئی گنوار

مجھی حاصلِ مملکت کر عطا | بحقِّ علیؑ شاہِ خیبر کشا

بس اب بس نہ بڑھ اتنا ای راستگو | پیمبر دکھائین گی روئی نکو

نہ لگ میری مونہہ آج تو ساقیا | پلا جامِ بادہ بہت خوش مزا

صراحی مجھی دی بہت پائدار | نہ ٹوٹی نہ چھوٹی نہ اوتری خمار

چھکا نشہ دینِ احمدؐ سی تو | منگا حورِ قصرِ زبرجد سی تو

یہہ اصحابِ تاریخ نی ہی لکھا | کہ تھیرا زمین اک زمیندار تھا

بڑا نامور اور آتش پرست | خورِ چرخ جکا حوصلہ اوس سی پست

برہمن ہو تیغِ قلم سی حلال — ہلال مضامین ہون بدرِ کمال

پہری اس زمین پر جو گاوِ قلم — تو ہو تخمِ پاشیِ مضمون بہم

کہی دانہ گندم کا اللہ ایک — بدی جای طینت سی خرمن ہو نیک

بہارِ مضامین ہو فصلِ ربیع — خرافات ہو ترک ربِّ سمیع

شعارِ شعیر سی دل سیر ہو — سیہ کاریونسی نہ اندہیر ہو

نجوبی ہو فکرِ ربیع و خریف — زمین کا نہ درپی ہو دستِ حریف

جو پیدا ہو مضمون ہو خوش تراش — ادب دال ہو چہوڑ دین بدمعاش

نہ ہو بد نظر سی زمین پاتش — او تارا کرون صدقی ہین تیل ماش

رہی جمع غلہ اگر کال ہو — ہر اک نقطہ ہر بیت کا دال ہو

ہر اک بیتِ خوش حسن کی تاک ہو — نہ اُو سُر نہ بنجر زمین پاک ہو

گلِ مدّعا ہو شگفتہ مدام — بحقّ محمد علیہ السلام

اسی طرح حبِّ مدینہ ملی | رخِ روشن آئینہ سینہ ملی

عطا کر مدینی کو اب بادنیک | نہ بیمار ہو تا کہ انمین سی ایک

یہانکی ہوا مین رہی اعتدال | چمن کی گلون کو نہ ہوئی زوال

مدینی کی انکو محبت رہی | مجھی عیش ہو انکو راحت رہی

وہ قریہ کہ جحفہ ہی اوس کا نام | یہودی بسی ہین وہاں پر تمام

یہہ بادِ مخالف وہان بھیجدی | وبائی الم اوس جگہہ پر رہی

دعائی محمدؐ ہوئی سب قبول | تعیّش نشاط و خوشی تھی حصول

وہ بیماری جحفہ کی جانب گئی | مدینی مین جانون کو راحت رہی

اسلام مین آنا سلمان فارسی کا اور بیان اوسکی حقیقت کا

مجھی جودتِ طبع دی ای خدا | گرہ دلکی کھولی نبیؐ ہدا

عطا نورِ دل ہو شب تار مین | صدا ہی اذان آئی زنّار مین

عوض اسکا دی باغبان جہان ہر اک خار غم سی رہے نیمجان

خزانین او نہین خار ہم دی خدا ملی خار نیّت کی تن کو سزا

غم و رنج و ایذا گوارا نہین کدہر بہاگ جائین کہ چارا نہین

نبیؐ تک جو پہنچا یہہ اخبار رنج کہ داغِ مرض سی ملا سبکو گنج

وبا آئی ہی لوگ رنجور ہین جوان بادۂ غمسی مخمور ہین

وطن یاد کرتی ہین یار و رفیق علالت ہوئی ہی سبہون پر شفیق

تنفّر او نہین شہر یثرب سی ہی فغان نالہ آرا ہر اک لبسی ہی

دعا کی نبیؐ نی کہ پروردگار مریضونکا شافی طبیبِ بہار

دلآرا شفا بخش و دانا حکیم کریم و رحیم و علیم و حلیم

ضیا بخش قندیل حبّ حرم کرم کر کرم کر کرم کر کرم

عطا جسطرح الفتِ کعبہ کی سبہونکی دلون پر عنایت ہوئی

تہی برگ خزان دیدہ ہوش و حواس
سر خار آفت دل پر ہراس

قد خم نما شکل سرو دراز
خیابان جا نمین نشیب و فراز

بنا مثل قمری دل نعرہ زن
ہوا ژالہ خوردہ چمن کا چمن

ہوا خاک دلمین اڑانی لگی
بڑی طاقتون کو گہٹانی لگی

رخ گل جمال گلستانسی زرد
ہوا باغبان کی کلیجی مین درد

گری فاختہ پہڑ پہڑانی لگی
ہوا باغ مین لڑ کہڑانی لگی

درختونکی پتونسی چہوٹی بہار
خزانسی چمن ہوگیا بیقرار

بدن خشک اور جسم رنجور تہا
وطن پاس سی منزلون دور تہا

ہر اک لالہ سان داغ کہائی ہوئے
گل رنج تازہ کہلائی ہوئی

لب دلسی کہتی تہی باکین وطیش
الٰہی یہہ ہین رنج و غم مین قریش

وطن کی چمن سی نکالا ہمین
مصائب مین دہدو نمین ڈالا ہمین

تہمتن کی رخ پر بہی چہایا ہراس
نہ آئی ہوائی خوشی آس پاس

رخِ گل نی کی بہاگنی کی سبیل
حرارتسی رائی اطبّا علیل

قضانی فضائی چمن خشک کی
نئی چہال بہرِ کفن خشک کی

قیامت کا سامان گلشن ہوا
ہر اک سرو صورِ سرافیل تہا

جوانانِ خوش غم سی مرجہا گئی
چمن سی گل و نخلِ تازا گئی

سرِ فاختہ کو قضا کا تہا شوق
گلی مین دکہایا تالم کا طوق

بدی نی گرائی دلِ نیک مرد
ہوئی گرمیِ موتسی جسم سرد

تصادم سی بیمار رائی طبیب
عدوِ زندگی کی تہی جان حبیب

دوانی اثر سی کنارا کیا
کفن مردہ گان نی گوارا کیا

جوانانِ گلرنگ کمہلا گئی
مثالِ گلِ خشک مرجہا گئی

ہوائی وطن سی وہ مالوف تہی
کہ بد قلب تن سبکی ماؤف تہی

اوسی سال مین یہہ ہوا اختلاف ۔ کہ باہم ہوا عنصرون مین خلاف

نہ آیا نظر گل کو بلبل کا حال ۔ نہ کچھہ باغبان کو گلون کا خیال

نہ صیّاد کو فکر بلبل رہی ۔ نہ وہ صورتِ زلفِ سنبل رہی

ہوا جوش زن خوشہ انگور کا ۔ پہپہولا نیا جسم رنجور کا

چلی گلشنِ دہر مین باد تند ۔ کہ رہ رہ گئی سُست صیّاد تند

اگر سرو سی چہو گئی بادِ تیز ۔ زمین مین گرا تہی نہ جائی گریز

جوانانِ گلشن سی چہوٹی جو رخت ۔ ہوئی غمسی سرو و صنوبر کرخت

نہتی برگِ لالہ چمن مین نہال ۔ طمانچو نسی رُخ ہو گئی لال لال

جوانانِ گلزار گریان ہوئی ۔ بنی سنبلِ تر پریشان ہوئی

لگی بادِ غم سی ہر اک دل پہ چوٹ ۔ چمن مین ہوا باغبان لوٹ پوٹ

ہوا تب زدہ سروِ نوخواستہ ۔ و با نی کیا شہر آزاستہ

اور سیّد المرسلین کی دُعا سے دور ہونا

خوش اقبال جان بخش کلکِ سُخن
تن آرا مسیحائی سروِ چمن

سمنبر پری مایۂ نازِ حُسن
سرِ عشق معشوق اندازِ حُسن

قیامت کی مضمون مین تعجیل ہی
قلم بیر اصورِ سرافیل ہی

خداوند جانِ شافیِ دوجہان
مداواکُن دردِ افلاکیان

بچا سبکو ناسازئی دہر سے
رُخ زرد و بیمارئی شہر سے

تڑپتی ہین جانانِ نازک مزاج
جبالِ گرانبارِ صندل ہے آج

مُوحّش طبیبانِ حاذق خیال
ارسطوئی عالم کا ہی دق خیال

بنی موجِ بادہ سبوئی گلاب
دل و سینہ کحل الجواہر کباب

ہوا ایک ساحال نزدیک و دور
پلا مجھکو ساقی شرابِ طہور

اُبھر آئی صورت سرِ داغ کی
ہوا مختلف ہو گئی باغ کی

تحیّر سی سنتا ہی میری کلام
نبیؐ کا نکلتا نہین مونہسی نام

نمایان ہوا ہی عجب نیک مرد
اطاعت مین اوسکی ہی ہر گرم و سرد

وہ مخبر بہی ہی حالِ آئندہ کا
مُفسّر ہی افلاک تا بندہ کا

کلام اوسکا سنتا نہین کوئی واہ
رسولؐ و امین و نبیؐ خیر خواہ

شبان نی سنی جب ہی اوسکی کلام
تو ہیبت سی دلکو لیا تہام تہام

محبّت محمّد کی پیدا ہوئی
شبِ راہِ اُلفت ہویدا ہوئی

وہ آیا رسولِ خدا کی قرین
مُسلمان ہوا پہر بصدق و یقین

کیا گُرگ کا ماجرا ہی بیان
ہوئی شاد اصحابِ شاہِ جہان

نبیؐ نی کہا ٹہیک ہی سانچا
تعجب کی جا کچہہ نہین ہی ذرا

تکلّم سی حیوان کی اثبات ہی
قیامت کی آثار کی بات ہی

انتشار پانا بیماری کا یثرب کی شہر مین

اوسی سال کا حال ہی دوستان
زبانِ قلم سی کرون مین بیان

یہودی وہانپر تہا اک گلّہ بان
چراتا تہا دُمبی سدا وہ جوان

چراتا تہا اکروز دُمبی وہ مرد
کہ ناگہہ اوٹہی سامنی ایک گرد

نمایان ہوا ایک گُرگ بزرگ
گرا گوسفند و نپہ آکر وہ گُرگ

وہ لی بہاگا گلّیسی اک گوسفند
گلیکو کیا اوسکی دانتونسی بند

ہوا جبکہ آگاہ وہ گلّہ بان
ہوا اوسکی پیچہی بسرعت دوان

وہ گُرگ آگی او پیچہی تہا گلّہ بان
چہڑائی غرض بہیڑ تہی نیمجان

یکایک بحکمِ خدائی بزرگ
محافظ سی اسطرح بولا وہ گُرگ

مرا رزق مونہہ سی چہڑایا تو کیا
مری پیچہی پیچہی تو آیا تو کیا

دیا تہا مجہی رزق اللہ نی
چہڑایا رُخِ مرد گُمراہ نی

تعجّب سی سہما بہت گلّہ بان
کہا گُرگ نی ڈر نہ ای مہربان

مجھی لوگ کہتی ہین آتش زبان ‏ طبیبِ دلِ نازکِ گلرخان

جلاؤن سرِ دشت و گلزار کو ‏ بناؤن گُل و لالہ ہر خار کو

گلونکو کیا مینی اورنگ زیب ‏ زنخدانِ معشوق کو رشکِ سیب

رُخِ گلستان مجھسی گُلرنگ ہی ‏ مری رخسی آئینی پر زنگ ہی

قوافی بہارِ یہ لاتا ہون مین ‏ نیا رنگ اونمین دکھاتا ہون مین

چھلاوہ کرون آہوئ چین کو مین ‏ ہلا دیتا ہون شیر قالین کو مین

لبِ گلسی باتین کری عندلیب ‏ چمن مین سرِ سرو قمری خطیب

چکاری ہرن ہون ہرن ہی چکار ‏ ابھی چوکڑی بھول جائین سوار

جو صحرائی مضمونمین آجائین ہم ‏ قلم سی کرین پائی آہو قلم

غزالِ حکایات شیرِ بزرگ ‏ رقیبِ کہن سال ہمشکل گرگ

عجب واقعہ ہی عجب ماجرا ‏ تعجّب کی جا ہی نہین شک ذرا

ہر اک بیت ہی مہرِ معجز کلام ۔ رخِ شعرِ تر ماہِ گردون مقام

سرِ نقطہ گر خالِ ہندو بنی ۔ شعاعِ خورِ بیت جگنو بنی

فسون سازیِ فکر افسانہ ہو ۔ سلیمانِ قصّہ پریخانہ ہو

ہُماہی مرا کلک جادو نگار ۔ اسی سی ہی عالم کا نقش و نگار

پئی زُلفِ خوبان ہی افسون مار ۔ کری راسُو آسا قلم خونِ مار

روانی سی کاغذ پہ اُتّو رہی ۔ مضامین سی خامیکو اُچھّو رہی

عجب قُلقُلِ شیشۂ کلک ہی ۔ دُرِ بی بہا نظم کی سلک ہی

لبونسی جو قُم قُم کہی ساقیا ۔ تو تُم تُم صدا دی مرا قافیا

گُلِ کاغذین نغمہ پرداز ہون ۔ بلابِلِ ترنّم کی دمساز ہون

مین تاجِ سرِ ہُدہُدِ راز ہون ۔ نگینِ سلیمانسی ممتاز ہون

قفس مین رکھون طائرِ فکر کو ۔ خفی و جلی سُن لُو ہر ذکر کو

مگر وہ لعین کہتی تہی بالاتفاق
رسوٗل خدا سی کرینگی نفاق

عجب عہد کرتا ہی یہہ ارجمند
نہ آیا ہمین تو یہہ ہرگز پسند

تعجب ہی یہہ صنع خلاّق سی
ہمین عشق ہی آلِ اسحاق سی

ذبیحہ کی جانب ہنین میل دل
نبوّت ہوئی کسطرف منتقل

نہ لائینگی ایمان ہرگز مگر
ہمیشہ عداوت کرینگی ادہر

گرین گرچہ یہہ روز روشن سیاہ
مثالِ کفِ خاک سبکو تباہ

اُٹہائینگی پر دشمنی سی نہ ہاتہہ
کبہی ہم چلین گی نہ احمد کی ساتہہ

بیس کنایہ از حضرت ذبیح اسماعیل علی نبینا و علیہ السلام

تکلّم کرنا گرگ خوش بیان کا اور تعبیر کرنا رسوٗلِ ایزد منّاں کا

بنی سامری سحر سازِ بیان
اُڑی دو فرزدن شاہباز بیان

رُخِ نظم ہی خوش بیان سخن
زمینِ زبان آسمان سخن

خلاف اسکی ہرگز نہوا ورکار رہی عمر بہر عہد یہہ پایدار

مناسب جو ہوئیگا بروقتِ خاص کرین گی ہم اوسوقت کو اختصاص

ضرورت جو درپیش ہوگی کوئی وہ اک جلسی پر منعقد ہوئیگی

سُنا جب کہ اون شخصونکا التماس رسولِ خدا نی کیا اونکا پاس

لکھا عہد نامہ یہہ اس شرط پر نہ کوئی پہری قولسی عمر بہر

کریگا جو اسمین کوئی مکروفن تو آگاہ تزویر ہی ذوالمنن

کہ یہہ حربی کافر وہ ہو جائیگا نہ ہرگز امان جانسی پائیگا

زر و مال ہوگا ہر اک پر حلال رہی یاد تم سبکو یہہ قیل و قال

پسر تک تمہاری بنینگی غلام بہی خدمتِ فوج ہونگی تمام

زن و مرد ہوئینگی لونڈے غلام سرائی خطر مین رہین گی مدام

لکھا عہد کو با دلِ خوش سواد یہودی ہوئی شاد حدسی زیاد

رہیگا قیامت تلک اوسکا دین ۔ وہ ہی خلق مین خاتم المرسلین

ہوئی ہین یہہ اوصاف جسکی بیان ۔ نبی وہ وہ مین ہی ہون سُنو دوستان

یہہ موسائیون نی سنا جب سخن ۔ دو چندان ہوا اور رنج و محن

کہا آپسی ہی ہمین یہہ امید ۔ ہمیشہ رہین خلق مین روسفید

ہماری تمہاری ہو عہد و قرار ۔ کرو اسکا پیمان تم ای شہریار

بدی ہو نہ ہمسی تمہاری لئی ۔ بدی ہو نہ تمسی ہماری لئی

نہوگی مدد اور نہوگی بدی ۔ یہی عہد ہی مایۂ سرمدی

مگر رکہنا تکلیف دین سی معاف ۔ نہ منظور ہو تو کہو صاف صاف

کرین شہر مین ہم بہی داد و ستد ۔ اسی عہد نامیکی رکہین سند

نہ اصحاب دین ہمکو آزار دین ۔ ہتک آبرو مین نہ سردار دین

ہماری تمہاری یہی عہد ہی ۔ یہی قول و پیمان بہم شہد ہی

تظلم سی بھر جائیگا جب جہان ‏ ‏ بڑھینگی ہر اطراف مین بدگمان

بحکم خدائی جہان بھر رسول ‏ ‏ سکہائیگا دین کی فروع واصول

وہ بطحا سی یثرب کی سمت آئیگا ‏ ‏ دل مشرکین سی امان پائیگا

سیہ آنکھومین ہونگی ڈوری بھی لال ‏ ‏ ملیح وحسین نیک یوسف جمال

سر دوش اقدس ثریا نشان ‏ ‏ عیان ہوگی مہر نبوت کی شان

جہان بھر مین ہوگا جو گندہ لباس ‏ ‏ وہ زیب بدن ہوئیگا بی ہراس

او رادنی غذا پر کریگا کفاف ‏ ‏ بتائیگا راہ خدا صاف صاف

نہ دشمن سی ہوگا ذرا خوف وبیم ‏ ‏ زیادہ ہر اکسی عقیل وفہیم

پھریگا وہ کوچو مین خنجر بدست ‏ ‏ کریگا شریرونکی دنیونکو پست

وہی صاحب السیف بھر جہاد ‏ ‏ تہ تیغ ہوینگی اہل عناد

نہ اسپ وشتر جاسکین گی جہان ‏ ‏ پہنچ جائیگا دین اوسکا وہان

یہہ کرتا ہی راوی روایت رقم
چہکتی ہی آگی زبانِ قلم

کہ موسائیوں مین سی یہہ تین قوم
نہ سمجہی نمازین نہ رکہتی تہی صوم

وہ مشہور ہین قینقاع و نظیر
قبیلہ سوم ہی قریظہ شریر

وہ یثرب مین تہی ایک جا سب مقیم
سنو لطفِ ربِ رحیم و کریم

چلی تینو اقوام سی تین مرد
کہ بازار گرمِ نبی کیجی سرد

جو مین پہنچی وہ خدمتِ پاک مین
در آئی صفِ شاہِ لولاک مین

شہنشاہِ دین سی کیا یہہ سوال
کہ دعوت ہی کیا اسکا ہی کیا مآل

سرامر ہی کونسا نیک دین
جواب اسکا دیجی رسولِ امین

کہا تمہنی دعوت مری ہی عیان
بتاتا ہون امت کو رازِ نہان

کہ معبودِ برحق خداوند ہی
دلِ غمزدہ اوس سی خرسند ہی

مجہی سمجہو بیشک رسولِ خدا
مرا وصف توریت مین ہی لکہا

حلاوت بیانمین مری ہی عیان | رخِ شہد و شکر ہی ہر داستان

متین و حسین و شکیل و جمیل | ہراک مصرعِ خوش ہی ہیریکی مثیل

خفیف اس سی ہین سب ثقیلِ جہان | ہوئی جمع اسباب ایسی یہان

ہین مجموعِ اوتاد و منج فلک | بندہا ہی سرِ خیمۂ عرش تک

ہین اوتاد مفروق سیّارگان | سہیل و سُہا شمس و بدرِ عیان

تقارُب خدا سی ہی بیشک حصول | ہراک شعرِ خوش فرع ہی بااصول

نشیمن ہی جز بُلبُلِ قلب کا | نمونہ ہی خُم قُلقُلِ قلب کا

شکر ریز ہی لطفِ مضمونِ شعر | مری قبضی مین ہی یہہ ہامونِ شعر

چہکتا ہی خامہ مرا باغ مین | ہُما کا مزا ہی رُخِ زاغ مین

زبان قلم ہی یمِ دُرفشان | مری شاعریکا ہی قائل جہان

ادب کر ادب داستان چہیڑ دی | سنبہل روک دلکو بیان چہیڑ دی

حباب مئی لالہ گون ہو قرار
کہ تلچھٹ پہ ٹہیرا ہی دار و مدار

سر جام ہو رشک جام بلور
نکل آئی شیشی سی اک شکل حور

صراحی لبالب ہو جسم تیز ہو
قلم خنگ گردونکا مہمیز ہو

سبک سر گرانیسی ٹہیرے نہین
قلم پر حبابونکی جوہر نہین

گلاب رقم ہو نہال سمن
شراب قسم ہو جمال سمن

رخ مغبچہ جوش مے سے ہو تلخ
روان بحر بادہ ہو تا روم و بلخ

شراب کہن دی نیا ذائقا
او تر آئین گردونسی شمس و سہا

سزاوار شہ نہین یہہ سخن
سناہی پر یہ وکہین یہہ سخن

یہہ آب زلال بجور بیان
کسی ملتا ہی آشنائی زبان

مگر مہربانی ہی اللہ کی
کہ یہہ روشنی میری ہمراہ کی

شب تارمین ولکو اب ڈر نہین
سوا اس سی قند مکرر نہین

کشش گرچہ ماں کی نہایت ہوئی
مشابہ اوسکی وہ صورت ہوئی

یہہ جب سُن چکا شہہ سی ابن سلام
مُسلمان ہوا وہ بصدق تمام

غلامِ شہنشاہ جو زید تھا
اوسی سال مکّی کی جانب گیا

کہ اہل و عیالِ شہنشاہِ دین
وہ لی آئی مکّی سی شہہ کی قرین

حفاظت سی لایا غرض سبکو زید
مدینی مین آیا وہ بی مکر و کید

اوسی سال مین بس بحُکمِ خدا
نکاحِ نبیؐ عائشہ سی ہوا

بڑہا عائشہ کا اوسی سال اوج
اوسی سال احمدؐ ہوئی اوسکی زوج

اوسی سال اسعد نی پائی وفات
گیا خُلد کو اسعدِ نیک ذات

عہد کرنا یہود انِ یثرب دیار کا سیّدِ ابرار کی ساتھہ

ادہر آذرا ساقیِ ارجمند
کہ پہنچا سرِ بام روئی کمند

رُخِ نشہ برتر ہی امواج سی
ہی رندون کا یہہ قول ابآج سی

کہا تسنہی مشرق سی اوٹّہی گا دود / بڑہیگا کریگا جہان مین صعود

بہت خوف کہائیگی خلق خدا / تو آپس سی ہر ایک ہوگا جدا

دُہوان سمت مغرب چلا جائیگا / نشان اوسکا کوئی نہ پہر پائیگا

سوال اوسنی پہر دُوسرا یہہ کیا / کہ جنّت مین سب کہائینگی پہلی کیا

ہمین آپ بتلائین نامِ طعام / کہا شاہ نی اوس سی ای خوش کلام

جو مچہلی ہی دنیا مین زیرِ زمین / زمین نصب اوسپر ہی مثلِ نگین

وہی اہلِ جنّت کی ہوگی غذا / ملیگی وہی پہلی ای باصفا

کہا تیسرا ہی یہہ میرا سوال / مجہی دو جواب اسکا ای خوش مقال

خبر دیجیئی مجہکو اوس طفل سی / مشابہ جو ہوتا ہی مان باپ کی

سبب اسکا کیا ای شہِ انبیا / جواب اوسکو اسطرح شہنی دیا

اگر نطفہ غالب ہوا باپ کا / پسر اپنی والد کی صورت ہوا

کہا ای شہنشاہِ چرخِ برین ۔ رہین حکم خوش مین زمان و زمین

براہیم کی عہد سی ای جناب ۔ سنین تین باتین ہین یہہ لاجواب

معانی سی پوشیدہ ہین آجتک ۔ مری دلمین ہی اونکی اخفا سی شک

معانی ہون اونکی مجہی کیا حصول ۔ نہین جانتا کوئی غیر از رسولؐ

اگر عقل و دانش ہی سرکار مین ۔ جو ہو مایۂ علم ابرار مین

تو تفسیر اونکی عیان کیجئی ۔ یہہ رازِ نہانی بیان کیجئی

تو پہر شک نہوگا ذرا مہرِ دین ۔ نبوّت مین بہی دغدغہ کچہہ نہین

نبیؐ نی بہی کی غرض اوسکی قبول ۔ کہا کہہ بڑا ہی خدائی رسولؐ

جو کچہہ چاہ تو پونچہہ ای نیک مرد ۔ بتادونگا مین تجہکو سب گرم و سرد

کہا اوسنی ای خاتمُ الانبیا ۔ قیامت کے دنکا مجہی دو پتا

کہ اوس روزِ اوّل کاہی کیا نشان ۔ کہو مین سنون اوسکو باگوشِ جان

زمانہ جو ہو رات کو خواب مین — تمہین ہوشیاری ہو ارباب مین

اوسکی عبادت کرو بیشتر — خدا حال سب کی ہی باخبر

جو پہچانو دنیا مین تم خوب و زشت — یقین ہی کہ عقبیٰ مین پاؤ بہشت

بہشت برین ہی تمہارا مقام — سخن سب یہہ سنتا تہا ابن سلام

کہا دلمین اوسنی بصد اضطراب — کہ کیونکر نہو جان کو پیچ و تاب

کہ یہہ خصلتین سب پیمبر کی ہین — تقاریر خوش صاف رہبر کی ہین

عجب ہی نصیحت عجب ہی بیان — یہہ سلطان دین ہی یہہ شاہ جہان

تردد بڑہا فکر ہر دم رہی — تلاش رخ پاک پیہم رہی

گیا اپنی گہر جبکہ ابن سلام — کہا دل سی پہر بہی سنونگا کلام

یہہ لکہتی ہین عبداللہ ابن سلام — برغبت بہ الفت بہ شوق تمام

مشرف ہوا خدمت پاک سی — گیا عرش اعظم پہ وہ خاک سی

اودہر مسجد پاک و دولت سرا ہوئی جبکہ طیار راحت فزا
موافق جو مرضی کی گہر بن چکا تو پہر شہنے نقلِ مکان بہی کیا
وہی آلِ احمدؐ کا مسکن ہوا پس از مرگ حضرت کا مدفن ہوا
یہہ لکہتا ہی راویِ شیرین زبان ہوا سالِ ہجرت جو پہلا عیان
پیمبر کی جو کچہہ کہ معمول تہے اوسیمین شب و روز مشغول تہی
یہودی تہا اک شخص ابن سلام بہت خوش بیان تہا وہ شیرین کلام
کمال و ادب مین بہت چاق تہا کہ علم و ہنر مند مین طاق تہا
وہ مجلس مین آیا ہدایت کی وقت نمازونکی وقت اور عبادتکی وقت
نصیحت یہہ فرماتی تہی شاہِ دین عزیزو نسی پہیرو نہ مونہہ بالیقین
جو حکمِ خدا ہین بجالاؤ تم کہ بہوکونکو کہانا بہی کہلواؤ تم
کرو سبقت آپسمین بہرِ سلام کہ اہلِ جہان تمسی ہون شاد کام

جو پوچھی سرِاِبن یاسر سی گرد ۔ تو کہنیچی شہنشاہ نی آہِ سرد

کہا طاغیون کا بُرا حال ہو ۔ جو بدخواہ ہو تیرا پامال ہو

کریگا تجھی قتل اک بی شعور ۔ خصومت مین اوس سی نہوگا قصور

وہی جنگِ صفین مین ظاہر ہوا ۔ کہ نامردون نی جب کیا سامنا

نہ باز آئی فعلون سی اپنی عنید ۔ ہوئی اوسمین عمّار یاسر شہید

بتاؤن مین کیا تمسی وہ کون تہا ۔ مجہی کام ہی اوسکی قصّی سی کیا

اگر عمر باقی ہی ای مہربان ۔ تو اس رمز کو پہر کرونگا بیان

مری دلمین گر حق کی تائید ہی ۔ تو وہ رمز بہی قابلِ دید ہی

یہہ نزدیک ای دوراندیش ہی ۔ مجہی داستان شہ کی درپیش ہی

لکہا ہی جنابِ رسولِ خدا ۔ رہی گہر مین ایُّوب کی سامعا

بسر ہوگئی اوسجگہہ ہفت ماہ ۔ اوسی گہر مین رہتی تہی عالم پناہ

نگاہِ عداوت سی تکنی لگا | زبانسی بہی بیہودہ بکنی لگا

رجز سُنکی عمّارِ دیندار کا | مبدّل ہوا رنگ خونخوار کا

نہایت ہوا غیظ سی تند خو | یہہ عمّار یاسر سی کی گُفتگو

کہ کیا تیری قدرت ہی ای مردِ دین | جو ظاہر کری مجھسی اندازِ کین

عصا ہی مری پاس ماہِ عیان | جو ماروں تو دندان ہوں شکل کتان

حبیبِ خدا نی سنا یہہ کلام | بغصّہ نظر کی لیا اوسکا نام

یہہ فرمایا تیرا ارادہ ہی کیا | سنبھل گفتگو اب یادہ ہی کیا

مصاحب ہمارا بہت دور ہی | اسی دیکھی یہہ کسکا مقدور ہی

میری آنکھہ ہی میرا عمّار ہے | مرا یار ہی میرا غمخوار ہی

کیا شہ نی دستِ مبارک بلند | لگی صاف کرنی رُخ ارجمند

پہرا روئی عمّار پر اپنا دست | کہا تجھسی پائی ستمگر شکست

گلِ وحشت اصحاب لانی لگی
سرو نیر بہی مٹّی اوٹہانی لگی

شہنشہ بنفسِ نفیس آپ بہی
صحابہ کی کرتی تہی خود پیروی

مدد کرتی تہی بہر انصار آپ
ہوئی اس عمارتمین بہی یار آپ

نوازش محمدؐ پہ بس ختم ہی
یہہ اکرام احمدؐ پہ بس ختم ہی

شہنشہ سمجہتی تہی ہر خوب و زشت
اوٹہاتی تہی عمّارِ یاسر بہی خشت

کہ دو اینٹین لاتی تہی اک راہ سی
وہ دل سی ملی تہی شہنشاہ سی

صحابہ مین سی ایک مغرور تہا
سُنو مجہسی تم اوسکا یہہ ماجرا

وہ اوس گلِ کشی کو تہا بد جانتا
کمال اس سی تہا وہ بُرا مانتا

تماشائی تہا روز کرتا تہا سیر
نہوتی تہی اوس سی کبہی کارِ خیر

تہی عمّارِ یاسر بڑی باوفا
چلی اوسکی آگی ہوئی پیشوا

یہہ گذری جو اوس مردکی راہ سے
وہ نادان نہ آپکی جاہ سی

غرض ناقہ آگی روانا ہوا / اوسی ٹہوڑی ہی دور جاتا ہوا

چلا چل کی بیٹہا وہ ٹہوڑی قدم / کہا سبہی اسجا یہ اُترینگی ہم

اُترنا تہی سیّدالمرسلین / کہڑی تہی مثالِ مہِ خوش جبین

کہ اک مرد ایّوب تہا جسکا نام / کہا اوسنی ای شاہِ گردون مقام

بہت پاس ہی کُلبۂ خانہ زاد / وہان چلیئی ہو میری عزّت زیاد

شرف بخش ہون میری گہر مین حضور / کہ تا ہو قدم سی زمین رشکِ طُور

پذیرا ہوئی عرض ایّوب کی / پسند آئین باتین خوش اسلوب کی

شہنشہ گئی ساتہہ اَیّوب کی / رہی گہر مین مردِ خوش اسلوب کے

زمین دو نو لڑکونسی لی شاہ نے / خریداری کی ماہِ ذیجاہ نی

زمین بہرِ سجدہ جو ہین مول لی / تو پہر ایک مسجد بہی تعمیر کے

رہا کرتی تہی دو نو لڑکی جہان / بنا خانہ بہرِ سکونت وہان

گھڑی بھر نہ گذری تھی ای مہرباں / کہ ناقی نی زانو لپیٹی وہاں

بحکم خدای رحیم و کریم / ٹکایائی ناقہ جو بی خوف و بیم

وہ جا ایسی تھی ای حبیب قدیم / رہا کرتی تھی او سجگہہ دو یتیم

تھی بن باپ کی طفل وہ خوشکلام / لکھا ہی سُہیل و سُہل اونکا نام

زمین صاف اور بیعمارت تھی وہ / نتھی سقف پر بامتانت تھی وہ

نبیؐ نی کہا بس یہی مسکن یہاں / بنی گی زمین رشکِ گلشن یہاں

کہا سبنی اک عرضِ انصار ہی / او ہر اور ایوان بہی طیار ہی

بنائی مکان ہو یہاں جبتلک / رہین چلکی حضرت وہاں جبتلک

پسند مبارک ہو جسکا مکان / رہین جبتلک شاہِ ذیشان وہاں

شرف بخش جس گھر مین مہتاب ہو / تو رشکِ درِ خلد ہر باب ہو

کہا سبھنی لیگا شرف جو زمین / رہونگا مین بحکمِ خدا سی وہین

خدا کی عدو کو کرو زیرِ تیغ ۔ دلونمین نہ اوسوقت آئی دریغ

تن و مال و جان ہون نہ اوس سی عزیز ۔ چلو ایسی رہ نیک ہون بدتمیز

مدد چاہو اللہ سی ای گروہ ۔ نہ دنیائی دونمین جتاؤ شکوہ

وہ ہوتا ہی جو چاہتا ہی خدا ۔ مدد اوسکی لازم ہی صبح و مسا

ہوئی جبکہ خطبہ سی فارغ رسولؐ ۔ نمایان کئی دینکی فرع و اصول

چڑہی ناقی پر پہر شہنشاہِ دین ۔ تہی چہوٹی بڑی گرد شہکی قرین

گذرتی تہی جس گہر سی شاہِ جہان ۔ وہ کہتا تہا آئین پیمبرؐ یہان

کرمسی یہہ فرماتی تہی شاہِ دین ۔ نہ ٹہیریگا ناقہ یہان بالیقین

شتر یہہ روان ہی بحکم خدا ۔ نہوئیگا امرِ خدا اسی جدا

جہان حکمِ حق ہوگا ایدوستان ۔ تو ٹہیریگا ناقہ بہی جاکر وہان

لپیٹیگا جسجا پہ زانو شتر ۔ وہین ہوگا مسکن وہین ہوگا گہر

نہوگا قیامت مین تمپر عذاب — عبادت کا ہوگا نہایت ثواب

نہ مانیگا جو حکمِ پروردگار — نہ بخشیگا اوسکو بہی آمرزگار

نہ مانیگا جو اوسپہ ہوگا عتاب — وہ دوزخ مین پائیگا لاکہون عذاب

خدانی کیا ہی مجہی رہنما — بتاتا ہون تم سبکو دینِ ہدا

بہت سوچ کرتا ہون انجام مین — کہ آغاز نیکی ہو ہر کام مین

خدا کی کہی پر اگر جاؤ گی — صلہ خوب اوس امر کا پاؤ گی

احد کی پرستش سی غافل نہو — بدی پر دل و جانسی مائل نہو

دورنگی نہو ایک دل سبکا ہو — قدم جادۂ راستی پر دہرو

باخفا و ظاہر وہی ایک ہی — کمالونکا ماہر وہی ایک ہی

اطاعت پہ ہرگز نہ مغرور رہو — عبادتسی بالکل ریا دور رہو

گر اوسکی دشمن سی تم دشمنی — دل کو ز بد ظن دہی تم دشمنی

کیا ترک بالکل طریقِ خدا ‏ دلونمین نہ کرتی تہی خوفِ خدا

نہ باہم ہوئی قاصدِ زارسی ‏ سیہ دل رہی اونکی انکارسی

کہ جسطرح آئینی ہون روسیاہ ‏ دلونپر نمایان رہا داغ ماہ

وہ لہو و لعب پر ہوئی مستعد ‏ نبیّونکی دلسی ہوئی اونکو ضد

مراسم ادب بہول ساری گئی ‏ عذاب خداسی وہ ماری گئی

تمہین غیرحق کچہہ سہارا نہین ‏ مجہی رنجِ اُمّت گوارا نہین

ہوا جبکہ دنیاسی برباد دین ‏ مجہی حقنی بہیجا تمہاری قرین

کہ ظاہر ہوا اسلام کا آفتاب ‏ جہانمین ضیا ہو بڑہی آب و تاب

سُنو ای گروہِ مُسلمان سُنو ‏ ہوئی ہو جو تم اہلِ ایمان سُنو

بجالائیگا جو کہ حکمِ خدا ‏ اوسی اجر ہوگا بروزِ جزا

عبادت خدا جب کریگا قبول ‏ توجب نعمتِ دین بہی ہوگی حصول

کہ حمدِ خدا کسطرح ہو عیان | بنائی درخت و زمین آسمان

پرستش اوسیکو سزاوار ہے | وہی اپنی بندونکا مختار ہے

عطا کی ہی عظمت ہر اک نام مین | مدد چاہئی اوس سی ہر کام مین

وہ یکتا ہی وہ فرد ہی وہ احد | وہ عالم ہی مالک ہی وہ ہی صمد

محمدؐ کی حرمت اوسیسی بڑہی | پیمبرؐ کی عزت اوسیسی بڑہی

اوسیکی کرم سی یہان آئی ہم | یہہ مژدہ سبہونکی لئی لائی ہم

پیمبرؐ مقدم جو گذری ہین اور | کسینی نہ کی اونکی ملت پہ غور

تلف ہو گیا جملہ آئین وہ | کسینی نہ مانا کہین دین وہ

سب اغوائی شیطانسی ناری ہوئے | سُبک ہو گئی دل جو بہاری ہوئے

سیہ روئی سینی ہوئی کُفر سی | نہان اونمین کینی ہوئی کُفر سی

بتونکی پرستش وہ کرتی رہی | سلیں غمکی سینونپہ دہرتی رہی

سمنبر سر افراز ہون رنگ سی
چڑہا ساغر شعر اس ڈہنگ سی

نثار سر بلبل دین ہی دل
گل جعفری سرو تزئین ہی دل

جگر مست خمخانۂ دین ہوین مین
پرستان کی مجمع مین پر بین ہوئین

جو مصرع ہی بست سخی جبر و ماہ
تو مضمون فرخندہ سلطان کلاہ

مر صدر ہی ابتدا ضرب کی
حسام عروضی ہی خوش حرب کے

سر حشو موئی میان جہان
ہر ابرو کا مضمون کمان جہان

ہوئی داخل شہر جب شاہ دین
وہ تہار و زآدینہ راحت قرین

گروہ بنی سالم اوسجا جو تہا
وہان آئی پہلی شہ انبیا

کہ داخل ہوا وقت ظہرین کا
کیا خطبہ حضرت نی اوسدم ادا

بصد جوشش و با زبان فصیح
نہایت بلیغ و سراسر ملیح

سراہی یہہ خطبی کا ای مہربان
کہ ہی یہہ پیام خدائی جہان

ہوئی بخت بیدار اوس شہر کی	قدم سی مدینی کی رتبی بڑہی

سید انبیا صلعم کا مدینی مین داخل ہونا اور مسجد اور دولت سرا کا اوس زمین پر تعمیر کرنا

چہک بلبل خامہ کاغذ پہ تو	بنا عطر دان ظرف جام سبو

سناؤن وہ داؤد لحن ملیح	مثال سلیمان بلیغ و فصیح

وہ ہو جوش رندانہ اک خود پرست	سما جسکی آگی ہو ہیبت سی پست

رقیبونسی دار مضامین پہ چہپی	رخ داستانسی سخن چین چہپی

دل آویز ہو مصرع تر مرا	ہر اک شعر ہو جام کوثر مرا

دمادم مئی ارغوانی ملی	رخ سرخ کو زعفرانی ملی

گلابی بنین غنچۂ گلستان	تو ہو موج می بوئی باغ جہان

نشانِ کفِ مُوسوی پاؤن تہی ۔ جمالِ شہِ خاوری پاؤن تہی

کفِ پا جو جہل جہل کی زخمی ہوی ۔ تو ہمرنگ تہی داغِ طاؤس کی

نہ تبخالی تہی پائی خوش پہر پر ۔ ستاری جڑی تہی رُخِ مہر پر

وہ چہالی تہی مہ جبنیہ ہر دم نثار ۔ بہبہولونسی خورشید تہا شرمسار

پڑی جب برادر کی مونہہ پر نظر ۔ تو سمجہی کہ ایذا مین ہین بیشتر

بہت رنج و غم راہ مین پائی ہین ۔ بڑی مشکلونسی یہان آئی ہین

محمدؐ نی بہرِ علیؑ کی دعا ۔ ہوئی دور چہالی ملا لطف پا

وہ سب آبلی پاؤن کی کہو گئی ۔ کفِ آبِ راحت سی دُہو دُہو گئی

جو تہی ماندگی راہ کی کہو گئے ۔ کدورت رخِ ماہ سی دُہو گئی

پہر اوسد نسی تا عمر شیرِ خدا ۔ نہ ہرگز ہوئی شاکئی دردِ پا

غرض بعد چندی رسولِ خدا ۔ قبا سی چلی شہر کو ظاہرا

ہوئی جھگڑ لسی جبکہ فارغ علیؑ — چلی شہر یثرب حضورِ نبیؐ

سواری میسر نہ آئی اونہین — پیادہ روی کھینچ لائی اونہین

روانہ ہوئی اپنی معشوق پاس — نتہا خوفِ دشمن نہ دلکو ہراس

پیادہ روی سی ٹری آبلی — رُخِ دُر سرِ خارِ غم سی پھلی

جو پہنچی حضورِ شہنشاہِ دین — سرافراز خوش ہو گئی بالیقین

شگفتہ ہوئی مثلِ گل رہنما — دہن بنگیا غنچۂ لالہ زا

خوشی سی ملائی جبین سی جبین — کلیجی سی دلکو لگایا وہین

بہم سینی سی سینہ اور دلسی دل — لگی آنکھہ سی آنکھہ اور تل سی تل

جبینِ مبارک پہ بوسہ دیا — قرین اونکو سرور نی ٹھہلا لیا

کفِ پائی مہرِ خدا بی نظیر — ہوئی چہالونسی رشکِ بدرِ منیر

رُخِ ماہ ہر پاؤن مین آگیا — دلِ ہور رہ روشن بہی شرما گیا

محمدؐ کو مہمان اوسنی کیا ہر اک بال قربان اوسنی کیا

بحکم خداوند ہر دو جہان فلک شان ہی اوسکی گہر میہمان

قبا تہا جو اک موضع دلپذیر پسند دل خسروی نظیر

بنا ڈالی مسجد کی شہ نی وہان وہ تہی مسجد اوّلین دوستان

عجب نیک تعمیر واللہ تہی بنا کردہ شاہ ذیجاہ تہی

بنا اوسکی ایسی ہوئی تہی قوی کہ ابتک کہین سی نہین وہ ہلی

عرب مین اوسی کہتی ہین سب قُبا وہ مشہور ہی خانۂ کبریا

وہین رہتی تہی شاہ گردون پناہ عبادت مین مصروف شام و پگاہ

لکہا ہی یہہ راویِ ذیجاہ نی کہ جب قصد یثرب کیا شاہ نی

علیؑ پر ادہر حادثی یہہ پڑی کہ مکّی مین وہ تین دن تک رہی

بجالائی حُکم جناب رسولؐ نمایان کئی فرع حق کی اصول

شرف بخش او سجا ستاره ہوا — جمال شتر ماه پاره ہوا

شب او سجا گذاری شہنشاه نی — ستارون کو روشن کیا ماه نی

سحر کو غرض آفتاب جہان — ہوا مشرق و کوه سی جب عیان

نمایان ہوا مہر عالم فروز — بہر العل تا بانسی دامانِ روز

سحر حُسن سی آئینہ بن گئی — پرِ چہپر طاؤس وش تن گئی

سرِ شمس افلاک زرّین ہوا — مرخّص رُخِ عقد پروین ہوا

ہمائی جہان تاب اُڑنی لگا — سمندِ طلا فام مُڑنی لگا

جمالِ سحر مین ستاری چھپی — رُخِ شمس مین ماه پاری چھپی

ضیا بیز تہا شمسِ چرخِ کرم — ستاری تہی مفقود او رضو علم

قبیلی جو دو تہی بنی عمر و عوف — تہمتن بہادر نتہا اُنکو خوف

وہان اک مسن کا تہا کلثوم نام — نہایت فہیم اور بہت خوش کلام

پیادہ سوار زمین تہی ساتہہ ساتہہ — جُدا پائی شہ سی ہوتی تہی ہاتہہ

عجب روز خوش تہا عیان نور تہا — زمین آسمانین وہان نُور تہا

کہڑی تہی ہر اک سمت سب صف بصف — بجاتی تہی خوش ہو کی ہاتہو نسی دف

صدائی خوشی سی بعیش و طرب — رجز خوان جوان تہی برسمِ عرب

جدہر رُخ پہراتی تہی شاہِ جہان — وہ کہتا تہا حضرت یہان اور یہان

کوئی بولا اسجا کوئی بولا وہان — کوئی بولا اس سمت ایجانِ جان

رئیسِ قبیلہ کی تہی یہہ امید — مری گہر مین آئین مجہی ہو نوید

حبیبِ خدا تہی ادہر عذر خواہ — دل و جانسی قربان تہی انصار شاہ

کفِ پا سی آنکہین لگاتی تہی وہ — خوشی سی نہ پہولی سماتی تہی وہ

نبیؐ پہنچی جب آلِ نجّار مین — قدم بڑہ گئی جائی سردار مین

کہ تہین والدہ جدکی اوس قوم سی — نصیب اونکی جاگی وہ شادان ہوئی

کہ ناگہہ سبہون نی سنی اک ندا — کہ پہنچی ہین نزدیک شاہِ ہدا

صدائی طرب ہو چکی جب بلند — گہرونسی روانہ ہوئی ارجمند

قدم سر بنا کر نمایان ہوئی — برائی تجسّس پریشان ہوئی

بہت مضطرب شوق مین شاہ کی — وہ تہی منتظر آمدِ ماہ کے

یکایک نظر آئی شاہِ ہدا — او راگی بریدہ لئی تہا لوا

جو ظاہر ہوئی پیشِ انصار شاہ — ہراک نی کیا آنکہونکو فرشِ راہ

گری ناقی کی دست و پا پر جوان — لگی چومنی پائی شاہِ جہان

بنی خاکِ رہ سرمۂ چشمِ جان — فدائی رُخِ شہ تہی پیر و جوان

پئی تہنیت ہر طرف لوگ آئی — قدمہائی شہ چشم و دلسی لگائی

کیا دوڑ کر سب نی پابوسِ شاہ — بجالائی ہر موسی شکرِ الٰہ

کہڑی چومتی تہی لبونسی بہم — رکابونمین پاتی نہتی جا قدم

رفیع المکان شافعِ عاصیان ‌‌ سمارِ کرم آفتابِ جہان

سرِ راہ تہی راہ کہکشان ‌‌ زمین راہ کی بنگئی آسمان

ہر اک ذرّہ تہا رشکِ بدرِ منیر ‌‌ درختِ خوشی مشعلِ بی نظیر

چمن بحر کوہ و نہال و زمین ‌‌ خوشی سی بنی صورتِ نازنین

سمبرِ نہال اور درخت آب تہی ‌‌ ہر اکجا مسرّت کی گرداب تہی

سَفر بابور تہا خضرِ شر مگین ‌‌ تکاپوئی شہ سی خضر شرمگین

مہیّا تہی ہر سو نشاط و طرب ‌‌ دلونسی پراگندہ قہر و غضب

سبہی شہر سی جا کی باہر رہی ‌‌ نہ اوس روز سی گہر کی اندر رہی

تمنّا سی با شادیِ بیشمار ‌‌ شہنشہ کا کرتی تہی روز انتظار

نباتی تہی جسدم نبیؐ کا نشان ‌‌ تو پہر گہر مین آتی تہی وہ نیمجان

اسیطرح اکروز سب تہی وہ جمع ‌‌ شبِ غم مین پروانی جو پائی شمع

سُنو مجھسی ای صاحبانِ ہنر | کہ یثرب مین پہنچی جو مین یہہ خبر

کہ اعدا نی اتنی کئی ہین ستم | شہنشاہ سی چھٹگیا ہی حرم

وہ خورشید سان شکوہ ہوکر نہان | سوئی شہر یثرب ہوئی ہین روان

سُنا جبکہ مژدہ یہہ انصار نی | کیا جشن ہر ایک غمخوار نی

ہوا شوقِ والا مین دشوار خواب | سحر کو ہوا جب علم آفتاب

رُخِ شب سی زائل ہوئی تیرگی | سیاہی پہاڑون مین جاکر چہپی

سحرگہہ ستاری پریشان ہوئی | در و بام و ایوان نمایان ہوئی

مصفّا ہوئی برگ و بار و شجر | مصقّل کیا صبح نی ہر ثمر

ضیا شمس کی مشعلِ نور تہی | تجلّی وہ سینۂ طور تہی

پہرہرا تہا شب کا گریبانِ صبح | پڑا چہرۂ شب پہ دامانِ صبح

ترقّی پہ تہا اوجِ حسنِ سحر | چہپا چادرِ شب مین روئی قمر

پلا ساقیا روح پرور ایاغ
کہ مجہہ خشک لبکو کری تر دماغ

ہوئی مغز و دل فکر سی سوختہ
نہ کر سوزن غمسی لب دوختہ

مطابق ہوئی گردش روزگار
چلی بزم مین کوئی جام خمار

رہی محفل عیش مین خوش دماغ
تن رنج و ہم غمسی ہو داغ داغ

ہوا جشن نوروز غم سب گئی
پیمبر جو یثرب مین داخل ہوئی

برنگ چمن تہا وہ آراستہ
کہ ہر نخل تہا سرو نوخواستہ

رُخ حُسن و تزئین سی شکل عروس
بلند زیور دین سی شکل عروس

سُنا نوبت دینکو تا شش جہت
ہوا کوس آوازہ معدلت

نہ پہولون سماتی تہی وہ سرزمین
طرب زا ہوئی رشک خلد برین

کوئی جام ساقی پلادی ضرور
کباب بط می لگا دی ضرور

کہ کرتا ہون مین خوش حکایت بیان
ہی نخل زبان باغ پر گُل فشان

اوسی لطفِ احمد سی حصّہ ملا | فسانا ہوا نیک قصّہ ملا
وہ جب لُطفِ حضرت مین داخل ہوا | گروہِ مُسلمانین شامل ہوا
یہہ کیعرض ای مُقتدائی جہان | شہنشاہِ دینِ زمین و زمان
کہ داخل ہوئی شہر یثرب مین اب | زمین ہوگئی طی زراہِ ادب
اگر پیش حضرت نشان بہی چلی | دلِ مُشرکان سُوزِ غمسی جلی
علم کو کہا شہ نی تیّار کر | رُخِ خُوبِ نیزہ سرِ دار کر
نہ ممکن ہوا اوسجگہہ پر نشان | کہ چلتا وہ پیشِ خدیوِ جہان
بریدہ نی تدبیر کیا خوب کی | کہ نیزہ پہ دستار اک باندہ دی
چلا آگی رُوئی شہنشاہ کی | لِوا مِہر تہا ہاتہہ مین ماہ کی

مدینۂ منوّرہ مین سیّدِ عالم کا پہنچنا اور انصار والا تبار کا استقبال کرنا

بزرگوں کو پوچھا تو بولا جوان نبی سہم کہتی ہین ای مہربان

تبسّم کیا اور ہنسی بادشاہ براتِ مبارک سی گردون کلاہ

بنی سہم یعنی کہ حصّہ کا پور بہت خوش ہوئی اس شگون سی حضور

یہہ فرمایا حصّہ ملی گا تجہی خداوند توفیق دیگا تجہی

سُنا جب جوان نی کلامِ شریف غریب و عجیب و لطیف و ظریف

زبانِ معلّیٰ پہ مائل ہوا شہنشہ کی جانب رُخِ دل ہوا

یہہ کہی عرض نامِ مبارک سُنون جدہر آپ جاتی ہین مین بہی چلون

تو بولی خدیوِ زمان و زمین مرا نام ہی سیّد المرسلین

محمّد مجہی کہتی ہین خاص و عام نبی کا سُنا جب بریدہ نی نام

بصد شوقِ دل وہ مسلمان ہوا کہ تا زیست ممنونِ احسان ہوا

بنا کر سر اپنا مثالِ قدم کیا نعلِ پائی مبارک پہ خم

سبو کوزہ سب شیر سی بہر دی — پیمبر نی تقدیر سی بہر دی

وہان سی چلی آگی خیر البشر — چہٹا امّ معبد کا حضرت سی گہر

پہر کہا شاہ نی جبکہ باہر قدم — ہوا رہروی مین جوان اک بہم

شکستہ جگر تہا جو وہ دلخراش — پیمبر کی تہی اوسکو ہر سو تلاش

لکہا ہی کہ اوسکا بریدہ تہا نام — ملا وہ شہنشاہ کو بمقام

نہ ہرگز ہوا دلکو خوف جوان — ہوئی حال پرسان رسول زمان

کہ کیا نام ہی ای جوان حسین — یہہ کی عرض اوسنی کہ ای مہ جبین

زمانیمین میرا بریدہ ہی نام — تلاش محمد سی رکہتا ہون کام

شگون نیک شہنی لیا نام سی — ہوا سعد آغاز انجام سی

کہا ہی قبیلہ ترا کون سا — وہ بولا بنی اسلم ای باخدا

رسول خدا خوش ہوئی اور کہا — سلامت رہین گی ہم ای کبریا

که باقی نهین چارپائین خون | گهڑی هی اگر بهیڑ تو سرنگون

کها شاه نی گر اجازت ملی | تومین دُوده دُهلون که راحت ملی

کها اُمِّ معبد نی ای شاهِ دین | مجهی اسمین انکار هرگز نهین

اوتر کر شهِ مرسلین نی وهین | لیا نامِ خالق بصدق و یقین

رکها شه نی جب بهیڑ کی تهنپه هاتهه | بها دوده دستِ مبارک کی ساتهه

چلا اسقدر شیر پستان سی | هوئی سیر وه دابّه جانسی

که تها شیر کا بند کرنا محال | هوا ظرف مین اوسکا دهرنا محال

یهه اعجازِ شه هی لیا شیر کو | دیا پیرزن کو که تم بهی پیو

هوئی سیر اوس شیر سی پیرزن | پیا سبنی جو ساتهه تهی بیوطن

پیمبّر نی اوقاتِ خوش کی جو صرف | بهرا شیر سی زن کا هر ایک ظرف

لگن کاسه ساغر پیاله گلاس | صراحی خم و جام و ابریق و طاس

کہا اوس سی حضرت نی ای نیک زن | کہلا مُشتِ خرما مجہی دی لبن

تری پاس ہوئی اگر قُرصِ نان | بقیمت عطا کر کہ ہون خستہ جان

یہہ کی عرض اوسنی کہ ای شاہِ دین | یہان صورتِ نان تو بالکل نہین

سرِ نونکا نام تک ہی محال | پڑا ہی بہت اس زمانین کال

نہ پانی ہی اسجا نہ ہی برگِ کاہ | یہانکی رعیّت ہوئی ہی تباہ

نہ گندم نہ چانول نہ کوئی اناج | دواکو بہی روٹی ملی گی نہ آج

مجہی تمسی جانان نہین جان عزیز | سوا اوسکی ہی روئی مہمان عزیز

تردّد ہی کیا نذرِ مہمان کرون | نہو گہر مین گر قُرصِ نان کیا مین دون

مگر پیشِ روئی شہِ ارجمند | بندہی تہی وہان مادہ گوسفند

کہا شہ نی گر بہیڑ ہو شیر دار | تو دی شیر مجہکو کہ ہون بیقرار

نبیؐ سی یہہ عرض اُمِّ معبد نی کی | نہین دابّہ مین ذرا شیر بہی

ملاقی جو ہوئیگا بدظن کوئی　　ملیگا اگر مجھکو دشمن کوئی
تو پوشیدہ اوسّی کرونگا یہہ حال　　چھپاؤنگا احوال رنج و ملال
کلام اوسکا سنکر رسولِ خدا　　یہہ کہنی لگی حق سی ای کبریا
رہا ہو جوان ہو اگر نیکذات　　اگر راست گو ہی اسی ہو نجات
زبس تہا نہ نیّت مین اوسکی قصور　　اجابت کو پہنچی دعائی حضور
وہ نکلا زمین سی کہلی دست و پا　　دعا دیکی گہر کو روانہ ہوا
جو ملتا تہا دشمن کوئی راہ مین　　جو ہوتا تہا بدظن کوئی راہ مین
یہہ کہتا تہا جاتی عبث ہو وہان　　محمدؐ نہین راہ کی درمیان
اونہین پہیر دیتا تہا اوس راہ سی　　ملین تا نہ وہ شاہِ ذیجاہ سی
پہر آگی بڑہی جب رسولِ خدا　　گذر اک قبیلی مین شہ کا ہوا
وہان اُمِّ معبد تہا اک زن کا نام　　وہین ٹہیری آکر رسولِ کرام

کہا شاہ نی ڈر نہ تو اسقدر ۔ حمایت خدا کی ہی نزدیک تر

مددگار ہی شرِّ اعدا پہ وہ ۔ بچاتا ہی تو دیکھہ کسجا پہ وہ

نبیؐ سی یہہ صادر ہوا معجزہ ۔ کہ اسپِ سراقہ دہنسا سر بپا

بزانو در آیا وہ گِل مین تمام ۔ اوبہر نیکا اوستی لیا پہر نہ نام

طبیعت بہت اوسکی کی تیز ہی ۔ جوان نی کیا اوسپہ مہمیز ہی

نہ نکلا وہ لیکن وہ اوس خاک سی ۔ دہنسا تہا دعائی شہِ پاک سی

خدا کا جو باندہا ہوا اسپ تہا ۔ نہ خاکی طویلی سی ذرّہ کہلا

سُراقہ نی دیکہا جو ہین یہہ غضب ۔ پشیمان ہوا ذیخرد بی ادب

کہا ای شہنشاہِ عالی نژاد ۔ تمہاری بزرگی ہوئی مجہکو یاد

اگر اس بلا سی ابہی مجہی ہو نجات ۔ نہ پیچہا کرونگا شہِ نیکذات

مین حضرتکی جانب نہ پہر آؤنگا ۔ قبیلی کو اپنی چلا جاؤنگا

لبِن شاہ بیکر روانہ ہوئی ‌ ‌ عدو تیرِ غم کا نشانہ ہوئی

قبیلیکا سردار تہا اک جوان ‌ ‌ سُراقہ تہا نام اوسکا ای مہربان

وہان جبکہ پہنچی شہِ نیکنام ‌ ‌ چلا اوس قبیلی سی اک خوشخرام

اور اوسنی سُراقہ کو دی یہہ خبر ‌ ‌ یہان کیا تو بیٹہا ہی ای نامور

گیا تہا ابہی گہر سی مین بہرِ کار ‌ ‌ ملی تہی شتر پر مجہی دو سوار

وہ مشہور ہی سب مین جو رو و بار ‌ ‌ اون اونٹونکا اوسجا ہوا ہی گذار

محمدؐ کا مجہکو ہوا ہی گمان ‌ ‌ کہ یثرب کو شاید ہوئی ہین روان

سُراقہ نی جس دم سخن یہہ سُنا ‌ ‌ تو نیزہ لیا ہاتہہ مین اور چلا

وہ نیزہ اوٹہا کر معِ راہوار ‌ ‌ نمودار ناگہہ ہوا ایک بار

یہہ کیعرض بو بکر نی شاہ سی ‌ ‌ سلامت نجائینگی اس راہ سی

وہ دشمن قریب آن پہنچا حضور ‌ ‌ بس اب ماری جائینگی ہم بقصور

سُراقہ بن مالک بن جعشم
بالتشین المعجمہ [illegible] صحابی [illegible] العرب

یہہ جہوی پہول کو کیا مجال صبا
کنیزون کی مانند خالِ صبا

زمین و زمان تابعِ حکم پاک
صدائی ملک یہہ کہ روحی فداک

رقم کر و لا حالِ خیر الانام
نکر اب کسی سی سوال و کلام

کہ کفّار جب کر چکی جستجو
نہ پہنچا لبِ آب دستِ سُبُو

جو ہین کوہ و دشت اونسی خالی ہوئے
روانہ ادہر شاہِ عالی ہوئی

جو دو اونٹ لایا تہا اک ساربان
سوار اوسپہ بو بکر و شاہِ جہان

گہن ماہ کامل کا تہا یون ردیف
کمینِ عدو جسطرحسی حریف

او راک اونٹ پر عامر و ساربان
چلی سوئی یثرب بصد عزّ و شان

بس اوس صبحسی تا بروزِ دگر
چلی ہی گئی شاہِ جنّ و بشر

اوتر کر گیا جبکہ حضرت نی خواب
تلاشِ غذا مین تہا یہہ بیحجاب

اوسی ایکجا ملگیا جامِ شیر
نبیؐ کو وہ اوسنی دیا جامِ شیر

نمازی دعائی سحر سی نہال | نمو پر ہین برگ درخت وصال

ہی سرو چمن بافروع واصول | تعاقب سی غولو نکو ہی کیا حصول

صنم کش نمودار ہوتا ہی اب | خوشی خرّمی ہی بعیش وطرب

سرِ دین کا غرّہ نمودار ہی | جو تاریخ ہی سعد وخوشکار ہی

ہمائی کرم شافعِ عاصیان | قفائی غریبان پناہِ جہان

گُہر ریز زر ریز ایمان ریز | عدو نی کیا جسکی بو سی گُریز

قریشِ بہائم غنی ہو گئی | عرب جانور آدمی ہو گئی

برہنہ جو رہتی تہی بازار مین | جنہی وہ ہی چشمِ خریدار مین

جنہین بات کرنا ہی آتی نہ تہی | خدا کو سمجہکر بنی متّقی

جو وحشی تہی انسان بنی شہر مین | ہوا شہد داخل رُخِ زہر مین

جو مفلوک تہی وہ غنی ہو گئی | غنی غمخوری سی دنی ہو گئی

قدم یون تری ساقیِ تیز ہوش
نگریا وہ گوئی سی مجھکو خموش

سبو دان اوٹہا رند بادہ فروش
کہ مصروفِ ذکرِ نبیؐ ہین یہہ گوش

تہم ایدل نکلتا ہی بدلیسی چاند
شبِ ماہ ہی جسکی عارض سی ماند

اُگل لعل مضمون دانشوری
خُمِ کوہ سی ہی نکلتی پری

سنبہل خضرِ دل راہ رو نور ہو
بہارِ نبوّت سی معمور ہو

سہارِ کرم ہی جبین جہان
کہ ہوتا ہی اب ماہِ نخشب عیان

تبِ ہجر زائل ہر اک تنسی ہی
دُرِ وصل آلودہ دامن سی ہی

شفاءِ مرض ہی طبیبِ بہار
ہر اک گُل کی پہلو سی ہی دُور خار

مسیح جہان مردونسی ہی دوچار
ہوئین زندہ جانین دلونکو قرار

چہکتی ہین بلبل گلونکی بہار
گہٹا عیش کی زاہدون کا نکھار

بنا دانہ تسبیح شمس فلک
ہوا ذکرِ حق شمسۂ مہر تک

کہ دو اونٹ احمدؐ کو درکار ہین ۔ وہ یثرب کی جانیکو طیّار ہین

در غار پر صبح جانا ضرور ۔ نہ حکم شہنشہ مین کیجیو قصور

بہت خوش ہوا سُنکے وہ ساربان ۔ مُہیّا کیئے دو شتر نوجوان

وہ شب بھر رہا منتظر صبح کا ۔ ہوئی شب اوسی دام مرغ لقا

ادہر تہی جو کفّار سب دلخراش ۔ پیمبرؐ کی کرتی رہی وہ تلاش

نہ پایا جو اوس کوہ پر شاہ کو ۔ پہری مضطرب شہر کی راہ کو

یقین ہو گیا ہین یہین تاجدار ۔ تجسُّس مین تہی کو بکو بیقرار

جمال رخ شاہ کی تہی تلاش ۔ مگر راز حضرت نہوتا تہا فاش

غار سی باہر آنا سیّد المرسلین کا اور یثرب کی طرف متوجّہ ہونا اور کفّار کا تعاقب کرنا

وہ می دی جو آرام ہو حلق کو ۔ ترو تازہ رکھی دل خلق کو

ابو بکر کا لخت دل وقتِ شام — پس صبح لاتا تہا آب و طعام

لعینون کا کہتا تہا سب حال وہ — مفصّل بتاتا تہا احوال وہ

وہانپر جو ساکن تہا اک گلّہ بان — مسلمان ہوا آنکر وہ شُبان

زبان زد یہی تہا پئی خاص و عام — اوسی لوگ کہتی تہی عامر تمام

برائی شہنشاہِ گردون سریر — وہ گذران جاتا تہا اک جامِ شیر

مدارات تہی آب و گل مین خمیر — وہ تہا دامِ عشق نبیؐ مین اسیر

ابو بکر کا پورا اور گلّہ بان — یہہ حال مبارک کی تہی رازدان

کوئی تیسرا شخص آگہہ نہتہا — کہ مرد سوم دُئو کی ہمرہ نہتہا

پیمبر نی اوس غار مین سامعا — جگر بندِ بو بکر سی یون کہا

کہ دُئو اونٹ لادی پئی رفع کار — پہنچ جاؤن یثرب مین دل لی قرار

اوسیوقت سنکر وہ دوڑا گیا — مُسلمان شتربان تہا اوسی کہا

وہ بیخود ہوا خوف سی اور کہا | لعین سر پہ آپہنچی ای پیشوا

نہ کیونکر کری عقل دانا گریز | ٹہرنی کی جا ہی نہ جائی ستیز

کہا شاہ نی بس نہ بیہوش ہو | نہ بک اتنا ای شخص خاموش ہو

ذرا دیکہہ قدرت خدا کی یہان | کہ کیا کرتا ہی کارساز جہان

ادہر آئی بہی ہین تو کیا پائین گی | نہ دیکہین گی یہہ سب یہ چلی جائینگی

یہہ ظاہر ہوئی قدرت کبریا | کسی نی نپایا نشان خدا

پراگندہ ہوکر برنج و تعب | نبی کو لگی ڈہونڈہنی سب کے سب

وہ دن بہر تو اس جستجو مین رہے | تلاش شہ نیکخو مین رہی

ہوئی شب گہرونکو روانہ ہوئی | خدنگ الم کی نشانہ ہوئی

ہوئی دوسری دن وہ سب بہر روان | ہوئی فکر احمد دریدہ دہان

کرون عرض کیا تین دن تین رات | رہی غار مین خسرو نیکذات

نہ رو تو ارے خر بصوت بلند | نہین زخم افعی سی تجھکو گزند
قریب آئی رونکی جب مشرکین | سنی اونکی پاؤنکی آہٹ جو مین
کبوتر اوڑی آشیان چھوڑکر | چلین مکڑیان تار کو توڑکر
کہا پی شناسون نی ہی یہہ گمان | محمد ہین اس کوہ کی درمیان
نہین آسمان پر وہ ہین غار مین | چھپی ہین بلا شبہہ کہسار مین
سبھون نی دیا طعن سی یہہ جواب | نہین ہین جناب رسالت مآب
کہین کیا ہم اسجا سوائی سکوت | تنا ہی یہان رشتۂ عنکبوت
دوم جہاڑیان ہین بہت سایہ دار | کہ پرخار ہین اور ہین بیشمار
اسی جانتی ہین عقیل و فہیم | کبوتر کا جوڑا یہان ہی مقیم
کوئی شخص جاتا اگر غار مین | تو رہتی یہہ کاہیکو کہسار مین
ابو بکر نی جب سنی یہہ کلام | تو دہشت سی دلکو کہا تہام تہام

چھپایا رُخِ برگ نی غار کو
سرِ غار پھیلا دیا بار کو

کبوتر کی جوڑی نی تنکی رکھی
نظر آتی تہی جیسی گنگی رکھی

کبوتر کا جب آشیانہ ہوا
پئی چشم پوشی بہانہ ہوا

کبوتر نی انڈی دیی بیٹھکر
کہ ظاہر نہو مُرغِ دین کی خبر

تنا مکڑی نی جالیکو غار پر
نہو مسکن شہ کا تا کچھ اثر

اس اثنا مین کُفّار پہنچی وہان
کبوتر نی انڈی دیی تہی جہان

کفِ پاسی جو بند سُوراخ تھا
جہان پائی بوبکر تہا بدنما

کہ اک سانپ پیدا ہوا ناگہان
وہ روزنسی ظاہر ہوا اور عیان

لپٹ کر کف پائی بوبکر سی
جو دانتون سی تلوا لگا کاٹنی

تو چلّا کی مکار رونے لگا
وہ بی موت جان اپنی کہونی لگا

کہا تسہ نی چپ رہ نہ اتنا پکار
مرینگا نہ تو گو کہ کاٹی یہہ مار

ابوبکر شہ کو وہان سے لے گیا
چھپایا یا رُخ ماہ کو خود چھپایا

سُنو غار کا غارِ ثور تھا نام
جہان تھی شہنشاہ گردون مقام

ابوبکر کرتا تھا سوراخ بند
کہ تا چشمِ بد سے نہ پہنچی گزند

دکھایا یا جہان چھید ہمراز نی
گیا بند اوس رخنہ پرداز نی

سر دامن بد ہوا چاک چاک
گئی بند روزن کہ تھا خوف ناک

کُھلی تا نہ وہ ماجرائی شگرف
ہوئی سب عبا رخنہ بندی مین صرف

فقط ایک رخنہ جو باقی رہا
اوسی پاؤن سی بند اوسنی کیا

غرض بند رخنون کو جب کر چکا
درآئی پھر اوسمین رسولِ خداؐ

مقامِ تعجب ہی گفتار مین
کہ ایسی شبِ تیرہ و تار مین

ابوبکر کیون کر ہوا باخبر
گئی بند کسطرح سوراخ و در

شجر تھا قریب اوسکی کانٹون بھرا
بحکمِ نبیؐ در پہ وہ چھا گیا

ہوئی پا برہنہ شہِ ذی کرم | کہ پہچانی دشمن نہ شکلِ قدم

شہنشہ جو طی کر چکی تہوڑی راہ | تو کیعرض بو بکر نی رشکِ ماہ

سرِ خار تلوونسی مل مل گئی | کفِ پای سردار چہل چہل گئی

مجہی مرکبِ تیزرو کیجئی | جو کارِ رفاقت ہو وہ لیجئی

یہہ منظور شاہِ جہان نی کیا | حمارِ سبک رو بنا دابّہ

ہوئی دوش بوبکر پر شہ سوار | وہ باکہ تہا بنگیا راہوار

تامل مجہی اس بیان مین ہوا | تردد بہی ذکرِ زبان مین ہوا

حدیثِ دگر گونسی دل چپ ہوا | کہ بار نبیؐ اوس سی کیونکر اوٹہا

بتائی اگر یار وہ لاکہہ بار | مگر کیا نبیؐ کا اوٹہایا تہا بار

غرض اسطرح لکہتی ہین ذیشعور | چلا تہا وہ چوپایہ کچہہ تہوڑی دور

او سیدم ہوئی صبح بہی آشکار | نظر آیا کوہِ گران پائیدار

ضنم عیش مین غیظ اللہ کو — لگا غم کا دہبہ رخِ ماہ کو

طنابِ فلک رنج سی سست ہین — ملک بہرِ فرمان رب چست ہین

پرستار تہی جنکی حور و ملک — نگہدار بحر و سما و سمک

سوادِ شبی مین وہ یون دور ہو — کف پا برہنہ ہو رخ ہور ہو

سپر مہرِ حق حکمِ رب ہو حسام — روان اسطرحسی ہون خیر الانام

دلا چہوڑ تمہید ہجرِ رسولؐ — جو حکمِ خدا تہا کیا وہ قبول

لکہہ اب حال پہر داستان چہیڑ دے — مورّخ تو ہی ہے بیان چہیڑ دی

یہہ لکھتا ہی راویِّ صاحب ہنر — کہ آگی بڑہی میر و خیر البشر

ابو بکر کی گہر گئی شاہ دین — وہ راضی ہوا بہرِ ہجرت وہین

شہنشہ کی ہمراہ وہ ہو لیا — ہوئی پا برہنہ حبیبِ خدا

وہ بی کفش آخر روانہ ہوئی — مسافر خدیوِ زمانہ ہوئی

وہ سوجہین ترنگین کہ پروانہو | بدن شمع محفل کا پروانہ ہو

نکل جائین دشتِ جنون سی قدم | بنی شاخِ گلزار روئی قلم

تدارک کر ای ساقیِ خوشخرام | کہ خالی ہین اب بادہ نوشونکی جام

بطِ می ہی غوطہ زنِ بحرِ غم | فقیرونکی بطنون نقشِ درم

ہراک پاؤن خاکِ وطن سی چھٹا | دریغا کہ بلبل چمن سی چھٹا

پہڑکتی ہین گلچین ثمر زرد ہین | کلیجونمین صیّادونکی درد ہین

قدم ڈگمگاتی ہین رخ لال ہین | نہ نیکی کی طالب بداعمال ہین

صبا پہیکتی ہی جمالِ چمن | گلونپر ہی ظاہر ملالِ چمن

قلوبِ الم خوشی انگور کی | کرم منتشر ہین رخِ نور کی

مہیسّر ہوا رشکِ مہرِ جہان | بنی سروِ آزاد شکلِ کمان

صبا سہمگین چہرہ رخ گردش نصیب | ادہر پا برہنہ خدا کا حبیب

ندا کرتی تہی افسرانِ قریش | برنج و الم اور بصد کین و طیش
نبی کا پتا جو کوئی آکی دی | وہ سو اونٹ انعام کی ہمسی لے

قطعہ

اسی حرص سی کافرانِ جہان | سوئی کوہ و صحرا روان و دوان
رہا کرتی تہی بہر دانست و دید | کہ ملجائی وہ بابِ فتح و امید
بہت سخت دل جو کہ بی شرم تہی | تلاشِ شہنشہ مین سرگرم تہی
قدم کی شناسا جو تہی اہلِ کین | نشان ڈہونڈہتی پہرتی تہی ہر کہین

سیّدِ اخیار کا غار مین پہنچنا اور تعاقب کرنا کفّار کا اور محفوظ رہنا خسروِ جہان کا

پلا جامِ مخفی مجہی ساقیا | کہ ہو نشۂ عشقِ خیر الورا
چہلک جائی صہبائی حبِّ علی | دکہا ساغرِ الفتِ حیدری
سرِ شیشہ ہو گوشِ بنت العنب | صراحی بنی دو بنِ بنت العنب

یہہ نوبت ہوئی جب وہان روبرو | تو پرخاشگی ہی چہڑی گفتگو

کسینی کہا یہہ بہی کچہہ کم نہین | یگانی ہین کیا اونسی باہم نہین

کرو قتل انکو ابہی بیدرنگ | کہ کم ہو دلون کی ذرا تو اُمنگ

کسینی کہا قید رکہو یہین | بہم ہو رہی تہی چنان و چنین

کہا بولہب نی ہی حاصل نہین | کہ یہہ قتل کرنیکی قابل نہین

تعاقب کرین اونکا پیچہا کرین | نہ جبتک اونہین پائین ڈہونڈہا کرین

ابہی پاس ہونگی یہانسی ضرور | وہ نزدیک تر ہین نہین ہمسی دور

پسند آئی یہہ رائی کفار کو | کہا راست ہی جستجو مین چلو

سرو عقل گم کردہ نادان بنی | تلاشِ محمدؐ مین حیران بنی

بلاسی علی نی جو پائی نجات | کہا شکر ای خالقِ نیکذات

منادی ہوئی شہر مین ناگہان | چہپائی نہ احمد کو کوئی یہان

یکایک در آئی وہ گہر مین تمام — نمایان ہوئی حیدرِ نیکنام

گرہ ابروئوں پر وہ کاکُل کا بل — پر جبرئیل امین مور چہل

غضبناک شمشیر پکڑی ہوئی — مسلّح سلاحو نمین جکڑی ہوئی

نظر آیا بعدِ ردایون وہ شاہ — گہن سی نکل آئی جسطرح ماہ

مقابل ہوا شیر روباہون کی — سنی نعری اون سینونسی آہونکی

معاندنی دیکہا جو یہہ ماجرا — کفِ حسرت و درد و غمکو ملا

محمّدکو پوچہا کہ کیا ہو گئی — کدہر کو گئی وہ کدہر کو گئے

گرواب ذرا نیک و بد مین تمیز — بتاؤ تمہین جان ہی گر عزیز

کہا شیرِ حق نی نہو بی ادب — مجہی تمنی حضرتکو سونپا تہا کب

کسی سمت جانیکا ہی علم کیا — کہ تمکو بتاؤن وہان کا پتا

تلاش اونکو کرلو جہان وہ ملین — مجہی کیا خبر ہی کہان وہ ملین

مگر حرفِ شیطان کا تہا یہہ اثر | دلونمین کہٹکتی تہی وہ بی خبر

پہنکر لباسِ سحر آفتاب | چلا سمتِ مشرقی باآب و تاب

علم کوکبون کی نگون ہو گئی | نمایان دُرُونِ برون ہو گئی

مرخّص ہوا گردۂ ماہتاب | ہوا شمسِ گردونگار روشن شباب

چمکا چوند نظرون مین آنی لگی | کرن پٹّہا بنکر سمانے لگی

ہوئی جہلملاہٹ درختون پہ برق | رُخِ آبِ شبنم خجالت مین غرق

سفر ظلمتِ قیرگون کر گئی | لبِ شب سحر رنگِ خون کر گئی

نمائش مین تہی برگ و بار و شجر | درخت و مکان و زمین و ثمر

طباشیرِ صبحِ ضیا بیز تہا | مؤذن بہی مرغِ سحر خیز تہا

لٹکتی تہی اس در پہ زنجیر نُور | وہ تڑکا سحر قدسیون کا ظہور

ہوا پہر نہ اون کینہ خواہونکو صبر | بہت کر چکی تہی وہ بُت ضبط و جبر

یہہ لکھتا ہے راوی وہ شیطان تھا
عدوّ خدا سخت نادان تھا

دو بارا نہان کو عیان کر دیا
کہ وہ سارا قصہ بیان کر دیا

کہا کیون کھڑی ہو سرِ راہ سب
گھرونسی چلی ہو بغیظ و غضب

وہ بولی ہی اب انتظار رسولؐ
کہ شب سی مسلّح ہین سب دل ملول

ہنسا جب تو ابلیس اور یہہ کہا
کہ نیزہ مین پہنچی شہِ انبیا

ہوئی آپ آخر تم آ کر ہلاک
پڑی ہی سرِ و چشم پر سبکی خاک

سرِ و نیزہ پہرا کر وہ دستِ زبون
یہہ غمگین ہوئی جیسی ہوئی جنون

کہ آلودۂ خاک تہی سر بسر
نہ تہی ایک کی دوسرے کو خبر

وہ حیرت سی اوس وقت تکنی لگی
زبانونسی بیہودہ بکنی لگے

کسینی جو کی دور سی ناگہہ نظر
تو دیکھا کہ سوتی ہین شہ بیخبر

دیا ساتہہ والونکو مژدا کہا
ابہی گھر مین سوتی ہین خیر الوریٰ

بجالا یا حقِ اخوّت سے علیؑ
حمایت مروّت اطاعت بہی کی

زمین پر روانہ ہوای قدسیو
نگہبانِ ضرغام خالق رہو

حفاظت ضروری ہی بہرِ علیؑ
رہو اک سرہانی اور اک پائنتی

قوی دل رکہو تیغ آہن سی تم
بچانا اوسی شرِّ دشمن سی تم

جو دونو ملک گہر مین داخل ہوئے
بنی کبکِ رخسار مائل ہوئی

سرہانی تو میکال تہی جاگزین
رہی پائنتی جبرئیل امین

نگہبان دونو رہی باخبر
ہوئی صرف توصیف باہمدگر

یہہ کہتی تہی ای بندۂ سرفراز
پسندیدۂ خالقِ بی نیاز

مباحات کرتا ہی پروردگار
اطاعت مروّت پہ ای نامدار

اودہر حال بدقسمتونکا یہہ تہا
کہ تلوارین کہینچی تہی مثل بلا

کہ اک شخص پیدا ہوا سامنی
کہا اوسنی سب ماجرا سامنی

برادر رہی تم دو نو آپسمین ہو — برابر بہی تم دو نو آپسمین ہو

بہم تمکو عشق و محبت بہی ہی — کہ شرکت بہی ہی اور الفت بہی ہی

دراز اسقدر رہی تمہاری حیات — کسی شی کو اتنا نہین ہی ثبات

مصیبت پڑی تم مین گر ایک پر — یہہ ہو سکتا ہی دوسرا لی خبر

کری اپنی مظلوم پر جان نثار — وہ زندہ رہی جان دی غمگسار

وفاداریسی جان نثاری کری — نہ اوسوقت جان اپنی پیاری کری

یہہ کیعرض دونو نی حاشا نہین — نہوگا نہوگا نہوگا نہین

ہوا پہر یہہ ارشاد ای قدسیو — نیا حادثہ ہی تجہو بی سُنو

علی کیطرف کو اشارا ہوا — کہ اسکو یہہ کیونکر گوارا ہوا

بصد صدق و اخلاص و عین شباب — برغبت بشوق دل و بیحساب

کیا حکم پر سر کو دینا قبول — نہ غمگین نہ خائف نہ ذرہ ملول

عطا پاش ہی وہ خطا بخش ہی ‏ ‏ مُہوس کو وہ کیمیا بخش ہی

بہوین چہرہ پر رشکِ معراجِ شاہ ‏ ‏ تو نعلین ہین روکشِ تاجِ شاہ

غُبار قدم افسرِ دو جہان ‏ ‏ پر پر و شہنشاہِ دین و زمان

نگین نام سی اوسکی خالی نہو ‏ ‏ کبھی رنج مین طبع عالی نہو

شکم ور نشانِ بنی ہاشمی ‏ ‏ خوش اختر نشانِ بنی ہاشمی

ہُمائی سعادت وصیِّ کرام ‏ ‏ معیّن ہوا ہی پئی روئی دام

ہراسان وہ کیا شیر کردار ہو ‏ ‏ کہ ہر آن جسکا خدا یار ہو

ہوا حُکمِ پروردگارِ جہان ‏ ‏ یہہ جبریل و میکال کو اوس زمان

غمِ موت تمکو نہ ذوقِ حیات ‏ ‏ ازل سی نہین لطف و شوقِ حیات

منزّہ مبرّا ہو لذّات سے ‏ ‏ فقط کام ہی تو عبادات سی

پس و پیش دنیا کی کاہش نہین ‏ ‏ کبھی کہانی پینی کی خواہش نہین

لکھاہی کہ وہ خاک جسپر پڑی — لگی ضربِ تیغ اوسکی تن پر کڑی

وہی بدر کی روز مارا گیا — اوسی شخص کا سر اوتارا گیا

غرض سرورِ انبیا پاک دین — عدو سی نہان مثل مہرِ مبین

روانہ ہوا سمت یثرب وہ ماہ — خدیو جہان شاہِ عالم پناہ

ذکر حال یعسوب الدین بعد روانگی سیّد المرسلین دولتخانی سی یثرب کیطرف

نہ بیہوش ہو ساقیِ جان نثار — لبالب رہی ساغرِ خوشگوار

نہ بہکائی تیز سی ساقیا — کہ ہُشیار ہی صاحب لافتا

حبیبِ نبیؐ راز دار خدا — شجاع و جری بہرِ کار خدا

تہمتن وصی شیر بیشہ دلیر — دل آرا علیؑ صف شکن رشکِ شیر

ہنر بر متین مردِ میدانِ جنگ — علمدار و سردار و خواہانِ جنگ

خوشا رتبہ و زیستِ مرتضیٰ
علیؑ مصطفیٰؐ پر جو ہوئی فدا

سزاوار کارِ جلی ہی علیؑ
پئی لطف سرِّ خفی ہی علیؑ

زہی عزّت و آبروئی علیؑ
ہدایت ہوئی ہی جو سوئی علیؑ

بصد صدق و ایمان شہنشاہِ دین
نبیؐ سی ردا لیکی لیٹی وہین

مثل کہتی آئی ہین سچ سب دلیر
کہ ہی خوابگہ شیر کی جائی شیر

حقیقت مین حقنی کیا جانشین
علیؑ کو اوسی رات ای اہلِ دین

چلی سوئی یثرب رسولِ خدا
جو باہر ہوئی گہر سی کشورکشا

زمین پر پڑہا کر وہین دستِ پاک
اوٹہائی پیمبرؐ نی اک مشت خاک

اوسیطرح پڑہ پڑہ کی یاسین کو
بجالائی فرمان و آئین کو

سوئی مشرکان پہینکدی مشت خاک
پڑی آنکہونمین دل ہوئی خوفناک

وہ تا کا کئی پاس سی دور کو
نہ دیکہا کسینی پر اوس نور کو

پہنچ جاؤ گی شہرِ یثرب مین تم | نہ سستی کرو اپنی مطلب مین تم

دل مصطفیٰ کو ہوئی سنکی عید | ہوئی جبرئیلِ امین ناپدید

مسلّح ہوئی وقتِ شب اہلِ کین | چلی سب گہرونسی برائی کمین

جب آئی بدولتسرائی نبیؐ | وہان بیٹھکر مشورت پھر یہہ کی

کہ تا صبح ہم پاسبانی کرین | نہان شب کو رازِ نہانی کرین

سفیدہ ہو جب صبح کا آشکار | کرین ایک تن مل کی اتنی شکار

علم کرکی تلوارین بی خوف و بیم | ہی قتلِ احمدؐ ہون سب مستقیم

سحر گہ یہہ لازم ہی کارِ سعید | محمدؐ کو گہر مین کرین ہم شہید

رسولِ خدا نی یہہ تدبیر کی | علیؑ سی بیان ساری تقریر کی

جو ہونی تہی نعماتِ جنّت حصول | علیؑ نی بدل کرلیا سب قبول

یہہ کی عرض ای مالکِ دوسرا | برآئی تمنّا ملا مُدعا

سر و جان علیؑ تمہیہ کردی نثار | جز او سکی نہو گا کسی سی یہہ کار

علیؑ کی لئی ہی مجسّم یہہ بار | وہی شاخ ہی جو کہ ہو میوہ دار

نہو گا کسی سی نہو گا یہہ کار | کری جو براہِ خدا جان نثار

بجالائی حکمِ خدا مرتضےٰ | تمہاری محبّت مین اوڑہی ردا

اگر جان جائی تو پروا نہو | وگر دم نہ آئی تو پروا نہو

رکہو گی قدم تم جو بیرونِ در | خطر ہی خطر ہی خطر ہی خطر

نکلنا جو تم گہر سی ای مصطفےٰ | اوٹہانا زمین پر سی خاک اک ذرا

زمین سی اوٹہا کر تم اک مشتِ خاک | کفِ دست مین رکہہ کی بی بیم و باک

تم اوس خاک پر پڑہہ یٰسین کو | بند ہی رکہنا مٹّہی کشادہ نہو

پہر اوس خاک کو ای نگہبانِ دین | ہر اک آنکہہ مین جہونک دینا وہین

نہ دیکہی گا کوئی تمہین مطلقا | نہ پہچانیگا ہین کدہر مصطفےٰ

فدا پائی نازک پہ دلدادہ ہے / رخِ سرو ساقِ قدِ آزادہ ہی

خبر تو نہ لی اوسکی ای باخبر / نہو تیر آہِ جگر کارگر

فدائی سرِ دوست ہوتا ہی ایک / شجاعو نمین یکتا بدو نمین وہ نیک

نہ لیگا جواب بہی خبر ناصحا / قیامت مین پوچہیگا یہہ ماجرا

سنو حالِ لطفِ خدا دوستان / وہ کیا اپنی بندونپہ ہی مہربان

جو کفار نی یہہ ارادہ کیا / ستم مصطفیٰ پر زیادہ کیا

پیمبر پہ نازل ہوئی جبرئیل / دیا پہر یہہ فرمانِ ربِّ جلیل

یہانسی روانہ اسی شبکو ہو / کہ حاصل پشیمانی ان سبکو ہو

علی کو اوڑہا کر تم اپنی ردا / نگاہِ معاندسی مثلِ صبا

کرو ترک خارِ وطن چہوڑ دو / گلِ راہ ہو یہہ چمن چہوڑ دو

علی کو سلاؤ اوڑہا کر ردا / کہ جسطرح اک جان و قالب جدا

جہاندار و را حافظِ انس و جان
ملک پرورا عالمِ حالِ جان

صمد لم یلد وحدہ لاشریک
توہی اپنی فرمائین الا شریک

کلوا واشربوا ہم سبھو نکو ہی حکم
عبادت کرو یہہ دلونکو ہی حکم

کبیر واحد مالک نیک و بد
ابد تک ازلسی ازلسی ابد

عدوِّ صنم ساتر دوستان
حسامِ غضب مہربانِ جہان

شفیقِ جہان مونس و غمگسار
سکون جگر مطلعِ ہشت و چار

حبیبِ نبیؐ عاشقِ مصطفےٰ
نگہبانِ جانِ شہ اوصیا

سزاوار دل ربِ ارض و سما
سر سین و یا مالک کاف و ہا

لگی غمکی بجلی خبر کچھہ نہین
لنڈہا شیشہ دل اثر کچھہ نہین

چمن مین ہی معشوق رنگین مزاج
تو صحرا مین عاشق کی دلکا علاج

خبر لی خبر لی اری ذی شعور
کہ مظلوم دل ہی بدن بیقصور

عزیز اونکی مانگین گی گر خونبہا
تو راضی کرونگا اونہین خوب سا
زر نقد دونگا مین خونکی عوض
سمجہہ لونگا حال زبونکی عوض
کہا پیر نجدی نی صد آفرین
یہہ ہی نیک کچہہ شبہہ اسمین نہین
یہی عقل و فہم و ذکا خوب ہی
یہہ تدبیر بہتر خوش اسلوب ہی
کوئی اچہی تدبیر اس سی نہین
کوئی تحفہ تقریر اس سی نہین
وہ کافر نہایت ہی دق جب ہوئے
اسی رائی پر متفق سب ہوئی
مسلح ہوئی وقت شب اہل کین
کہ زرغمین آئی رسول امین
یہہ ٹہیرا کی پہر عقل ناپاک مین
چلی بیچیا شاہ کی تاک مین

خبردار کرنا حضرت جبریل کا سید المرسلین کو ارادہ مشرکین سی اور بحکم خدا سلانا امیر المومنین علی ابن ابیطالب علیہ السلام کا بستر سید المتقین کی اوپر

شش و پنج دلمین ہی ہم کیا کرین | تبا ہمکو ای خوش قدم کیا کرین

ہوا پیر نجدیکو یہہ ناپسند | کہا اس سخن پر نہو کاربند

وہ نیزیکو بیشک پہنچ جائینگی | مدد کو فرشتی وہان آئینگی

جو اندیشہ کرتی ہو پیش آئیگا | ہر اک ذی نفس غمسی پچتائیگا

ابوجہل مردود نی یہہ کہا | کہ تدبیر میری سُنو اک ذرا

مری رای مین جو ہی وہ خوب ہے | سمجہہ لو کہ نیک اسکا اسلوب ہے

کہ ہر قوم سی لو تم اک اک دلیر | اسد پنجہ ضیغم تہمتن ہوشیر

شجاعت مین رکہتی نہون وہ جواب | پئی قتل احمدؐ کرو انتخاب

انہین جمع کرکی روانہ کرو | خدیو جہان کو نشانہ کرو

یہہ سب دفعتاً جا کی دکہلائین رنگ | کرین قتل خوش بخت کو بیدرنگ

حوالہ کرین دفعتاً تیغ کین | تو معلوم ہوگا نہ قاتل کہین

متقید رہین شاہ تا زندگی
نہو دین احمد کو پائندگی

دیا پہر نجبے نی بڑہکر جواب
کہ یہہ رائی مردم ہی دور از صواب

بنی ہاشم آ آ کی گہر جائین گی
وہ تکلیف احمد سی پہر جائین گی

بہم متفق ہو کی مارینگی وہ
قیامت تلک بہی نہ ہارینگی وہ

اونہین ہوگا منظور کب ای قریش
کہ محبوس ہون شاہ اقبال جیش

شہنشہ کو لیجائین گی وہ ضرور
یہہ نزدیک ہوگا نہین ذرہ دور

بنی ہاشم اگر کرینگی جو شور
کسی مین رہیگا ذرا بہی نہ زور

کہا سبنی پہر کیا کرین ای ضعیف
کدہر جائینگی ہم بجان نحیف

اگر گہر سی سلطانکو بہی گہر کرین
اگر شہر سی شہکو باہر کرین

تو ترک وطن بہی کریگا فتور
یہہ جا کر وہان پر کرینگی غرور

غریب الوطن ہو کی عالم پناہ
ویا چہوڑ دینگی بری رسم و راہ

رہا کرتا ہوں مین پئ انتقام ہوا اتفاقاً یہان بہی مقام

نہ چھوڑیگا ہاتھوں سی اب کار خیر نہ نامور اور مجہسی ہی بیر

جو لطف عداوت ہی حاصل کرون کرون کینہ اورونکو مائل کرون

سُنا جبکہ شیطانکا یہہ کلام تبہ کر چکا اونکو وہ نیک نام

تواضع سی پیش آئی کُفار سب مدارات کرنی لگی یار سب

کیا راز سی اپنی آگاہ سبہے بتائی فریبون کی ہر راہ بہی

کہا ہمکو سوجہی ہی تدبیر نیک ہی اوس بیگنہ کی یہہ تعذیر نیک

کہ اک خانۂ تنگ و تاریک ہو اور اک روزن اوسکا بہ باریک ہو

خدیو جہانکو رکہین ایسی جا رہی بند دروازہ اوس حجریکا

در قید خانہ کو تیغا کرین جو لازم نہ ہووا دریغا کرین

ملی ایک روزنسی آب و طعام کری کوئی ہرگز نہ شہسی کلام

ہم آئینگی سب نے یہ ظلم و ستم ۔ عداوت کی ہتھیار ہونگی علم

کرینگی دلِ اہل خزرج مدد ۔ بدرجہ اطاعت رفاقتین کد

بہت جمع انصار ہو جائینگی ۔ معین و مددگار ہو جائینگی

نہ دینگی ہمین مہلتِ زندگی ۔ بچینگی اگر ہوگی شرمندگی

ضرور اسکی تدبیر اب چاہئی ۔ ہدف پر پڑی تیر اب چاہئی

زبانونسی ظاہر ہوئی قیل و قال ۔ دل شرمگین کو تہی رنج و ملال

بنا فوراً ابلیس بہی شکل پیر ۔ نزار و ضعیف و فقیر و حقیر

سبہون نی کہا اوس سی کیا نام ہے ۔ ادہر کیون تو آیا ہی کیا کام ہے

وہ بولا کہ نجدی ہون مین مرد پیر ۔ مجہی جانتی ہین صغیر و کبیر

صواع و ہبل کا محب نیک خواہ ۔ مگر دشمنِ شاہِ گردون کلاہ

عدو مجہسی کوئی زیادا نہین ۔ مسلمان مرا باپ دادا نہین

کری کبریا جو کہ روشن چراغ | فتیلیکا رکہتا ہی وہ تر دماغ
بجہائیسی بجہتا نہین دہر مین | فروغ اوسکو ہوتا ہی ہر شہر مین
روایت لکہی ہی یہہ اید وستان | ہوا حالِ اصحاب جسدم عیان
کہ یثربکو دلخواہ راہی ہوئی | روانہ بصد فخرِ شاہی ہوئی
یہان وارند بہ مقامِ کرام | کہ واقع وہ تہا قربِ بیت الحرام
ہوئی جمع آ آ کی وہان اہلِ کین | ہوئی مشوری ایک اک کی وہین
خلاصہ یہہ ہی مشورونکا رقم | کہ کہاتی ہین خونِ جگر سب بہم
محمدؐ نی اغماض ایسا کیا | فضیحت نتونکی ہی ہردم سوا
صفِ اہلِ یثرب سی بیعت بہی لی | سبہون نی بایقان اطاعت بہی کے
یہانتک تو انجام خانہ کیا | کہ اصحاب کو بہی روانہ کیا
وہان پہنچیگا جب غبارِ قدم | بنائیگی گلشن بہارِ قدم

نگر شورہ تو مجھسی پیر مغان ابھی ہون مین میخانہ مین نوجوان

بدل دی ظروف مئی لالہ گون ہو ذیفہم کو دیکھنی سی جنون

کوئی جام بادہ پلا ساقیا جوانیکا پیری مین آئی مزا

نہ چھک بلبل خامہ گلزار مین نمائش ہو پہولونکی ہر خار مین

لب خار دین شہد دانشوری اوتر آئی ہر شیشی مین اک پری

بنی پنبۂ شیشہ گوش اذان رخ شعلہ ہون برف کی قفلیان

مداوائی درد جگر چاہئی لگی آگ گھر مین خبر چاہئی

فرومایہ ہین جمع اشرار ہین سزاوار تیغ و سر دار ہین

مٹائیسی مٹتا نہین آفتاب نہین چھپتا خار و نمین روئی گلاب

ید بیضۂ موسوی کب چھپی لکیرین نہ گم ہون کبھی پانو سی

نہین پڑتی گہہ چاندکی موہنہ پہ خاک الٹ کر وہ چہریکو کرتی ہی پاک

پہری مطمئن ہو کی اہلِ قریش ‌‌ ‌ گہر و نمین گئی اپنی باکین وطیش

او دہر اہلِ یثرب روانہ ہوئی ‌ ‌ ‌ یہہ سب تیرِ غم کا نشانہ ہوئی

کہلا بعد چندی معاند پہ جب ‌ ‌ ‌ مسلمان ہوئی لوگ عالی نسب

نہ اونپر چلا جب لعینونکا زور ‌ ‌ ‌ کیا پہر اصحاب دین خوب شور

ہوا ظلم اصحاب پر ظاہرا ‌ ‌ ‌ حبیب مہیمن نی جب یہہ سُنا

صحابہ سی حضرت نی اوسدم کہا ‌ ‌ ‌ نہین ہی یہان اب ٹہرنیکی جا

چلی جاؤ یثرب کو ای دوستو ‌ ‌ ‌ کوئی دن تو آرام سی تم رہو

بحکم نبیؐ سب روانہ ہوئی ‌ ‌ ‌ اکیلی خدیوِ زمانہ ہوئی

رسولِ خدا اور شیرِ خدا ‌ ‌ ‌ ابو بکر بہی تیسرا پُر دغا

یہہ تینون اسی سرزمین پر رہے ‌ ‌ ‌ اوٹہائی ستم اور یہین پر رہے

مصلحت کرنا کفارِ حرم کا سیدِ ابرار کی مقدمی مین اور قتل پر مستعد ہونا

کہا تینہی اب صبر کا کام ہے ۔ نہین یہہ لڑائیکا ہنگام ہے

وطنکو اونہین و وہین رخصت کیا ۔ گئی اپنی گھر مین تنہہ رہنما

روایت تو یہہ سب مین مشہور ہے ۔ پر اب دوسری ونکا مذکور ہی

صدا اسنکی شیطانکی دوستان ۔ ہوئی جمع سب لوگ آآکی وہان

بزرگان یثرب کی پاس آئی وہ ۔ شکایت بہری داستان لائی وہ

کہ دین محمدؐ کیا کیون قبول ۔ تمہین ایسی آئین سی کیا حصول

تعجب ہی تم سب مسلمان ہوئے ۔ ہبل چہوڑکر اہل ایمان ہوئے

نہ انصار خویش نی دیا کچہہ جواب ۔ اونہین مثل گیسو ہوا پیچ و تاب

جو کافر تہی مشرک وہ تہی ہمزبان ۔ کہ ہم سب کہا دین احمدؐ کہان

تبہونکی قسم کہا کی سب نی کہا ۔ کہ ہم جانتی ہی نہین مطلقا

خبر شکل احمد سی ہمکو نہین ۔ سنا ہی نہین اونکا آئین و دین

یہہ کہنی لگا بوم باکین و طیش ۔ کہ غافل ہو گیا ای گروہِ قریش

سنو اہلِ یثرب سی بیعت ہوئی ۔ محمدؐ کی طرفِ حمایت ہوئی

بس اب راہِ اسلام پر آؤ گی ۔ سزا پاؤ گی سب سزا پاؤ گی

کرو گی اگر عذر جہک مارو گی ۔ لڑو گی اگر سب کی سب ہارو گی

مسلمان ہونا پڑی گا ضرور ۔ مٹی گا یہہ لاف و گزاف و غرور

جو ابلیس بد نی کیا یہہ بیان ۔ نہان حالِ بیعت کیا سب عیان

شہنشاہ کو بہی خبر ہو گئی ۔ حزین طبعِ خیر البشر ہو گئی

نبیؐ نی خبر دی پہر انصار کو ۔ کیا مطلع یار و سردار کو

سبہون نی یہہ کی عرض کچہہ غم نہین ۔ شہنشاہ کا اوج بہی کم نہین

اگر حکم ہو صبح لڑ لیوین ہم ۔ سرِ مو نہو شامِ دشمن کا غم

کرین دینکو ظاہر مٹا دیوین نام ۔ نہو تنگ نورِ رسولؐ انام

اوٹہا زخمہ زخمی کر اب جان و تن
کہ ناہید چہوڑی فلک کا چمن

دو سپتک چڑہا آج تار رباب
کبابی سی کہہ رکہہ مہیا کباب

ادبسی بجا تار قانون پاک
فرشتی کہین جسپہ روحی فداک

طرب خیز ہو جبل صیاد دہر
نہو مکر مکار سی رنگ شہر

خدا مہربان ہی تو سب دوست ہین
رخ مرد و زن مغزلی پوست ہین

جو حافظ خدا ہو تو شیطان کجا
جو خاطر شکن ہو تو مہمان کجا

اگر مزبلہ ہو تو بلبل کہان
نہو بزم گر شور قلقل کہان

جو ہو ثنایۂ پاک رب قدیر
کہان ظل ابلیس وہان جاگیر

رسول امم ہو جہان گوشہ گیر
خبائث کی کیونکر ہو نای و نفیر

لکہا ہی یہہ راوی بیباک نی
کہا جب یہہ کلمہ شہ پاک نی

تو شیطان چڑہا قلۂ کوہ پر
ہر اک کو وہ دینی لگا یہہ خبر

ٹھکانا سبہونکا نہین پہر کہین | جو چہوٹینگی انسی رسولِ امین
تردد کا بیشک ہی اسجا مقام | کہ پہر ہمسی کس طرح ہوئیگا کام
نبیؐ نی کہا یون بحکم خدا | کبہی تم سبہونسی نہونگا جدا
اوسی شہر مین مین کرونگا قیام | رہونگا مدام و ہمیشہ دوام
تفکّر نہ اسکا ذرا بہی کرو | جہاد و عبادات سی خوش رہو

آنا شیطان لعین کا بعد بیعت کے قلّۂ کوہ پر اور ندا کرنا قریش کو

ندا دی جوانون کو ای داربان | کہ حاضر ہی محفل مین پیرِ مغان
سنبہل مغبچہ جوشِ مستی نکر | ذرا بد مزا جونکو دی تو خبر
اری پیر فرتوت توبہ شکن | تری رخنہ بادہ رہی چنگ زن
اوٹہا بربط تُند کو مطربا | فلک تک پہنچ جائی جسکی صدا
بجا ای سبکرو کدوی شراب | نظر ہر کی پہر دیکہہ سوئی شراب

جو آیا ہو دل مین کرو وہ بیان ‏ تو کہنی لگا سب سی عبّاس وہان

یہہ بیعت ہی اس بات پر رضاجو ‏ زر و جان و مال اس لڑائیمین دو

نہ میدان سی پیچھی ہٹو اک قدم ‏ کرو میانسی خنجرون کو علم

سبھون نی کہا دلسی منظور ہی ‏ وفا جان نثارون کی مشہور ہی

ابو الہاشم اک مرد تہا باصفا ‏ وہ انصار مین سی پیمبر کی تہا

کہا اوسنی موسائیونسی تہا عہد ‏ ملی رہتی تہی جیسی ہو شیر و شہد

سنینگی وہ اسلام لانا اگر ‏ عدو جانونگی ہونگی سب بیخطر

یہہ احوال اونیر کہلیگا جو ہین ‏ مٹایا گیا ہے خطِ اوّلین

بلاشبہہ پہنچی گی نوبت بجنگ ‏ لڑینگی ضرور اونسی ہم بیدرنگ

رہیگا اگر سایۂ چترِ شاہ ‏ سرون پر ہماری تو ہوگا تباہ

اگر ہوگا قصدِ وطن شاہ کو ‏ نہ پائینگی ہم چین کی راہ کو

شہنشہ نی فرمایا شادان رہو | عدو روئین تم دلمین خندان رہو

رہو عہدِ اوّل پہ سب مستقیم | معاند سی رکّہو نہ کچھہ خوف و بیم

قدم کو جماکر کرو سب جہاد | یہی عہد ہردم رہی دلکو یاد

کہا سعد نی دستگیرِ جہان | ڈگین گر قدم کاٹ ڈالین زبان

بڑہاؤ ذرا ہاتھہ ای چارہ ساز | نہ بیعت سی رکّہو غلامونکو باز

یہہ سب دلسی منظور ہی اور قبول | جہانکی ہوئین نعمتین اب حصول

کیا شہ نی دستِ مبارک بلند | لگی کرنی بیعت وہ سب ارجمند

سبہونکو ہوئی جبکہ بیعت حصول | خدا نی کیا اونکا ایمان قبول

لکہا ہی کہ عبّاس تہا اک جوان | وہ کہنی لگا سب سی کہولی زبان

کہ ای قوم بیعت ہی کس عہد پر | کہ سبقت جو کرتی ہو تم اسقدر

کہا سب نی تم اپنا مطلب کہو | مناسب نہین ہی کہ اب چُپ رہو

یہہ انصار کا تہا ارادہ وہان ۔۔۔ کہ دیوین جوابِ سوال زبان

کہ فوراً برآشفتہ اسعد ہوا ۔۔۔ وہ چین بر جبین غمسی از حد ہوا

رسول مکرم سی یون عرض کے ۔۔۔ نہوئیگی ہمسی کبہی سرکشی

برغبت گوارا کیا ہی یہہ دین ۔۔۔ کسی ہی کہ موت پر بالیقین

کیا ہی جو اسلام دل سی قبول ۔۔۔ نہ ٹالین گی تا مرگ حکمِ رسولؐ

یہہ عبّاس سی پہر سبہون نی کہا ۔۔۔ کہ حاضر ہین سب سر بکف بی ریا

جو کچہہ عہد منظور ہو لیجئے ۔۔۔ عیان کیجئی اب عیان کیجئے

رسولِ خدا کی ہم انصار ہین ۔۔۔ محمدؐ کی دلسی مددگار ہین

سبہون نی یہہ خدمتمین پہر عرض کی ۔۔۔ کہ اُنکہونسی منظور رہی پیروی

جو منظور ہو عہد فرمائیی ۔۔۔ زبانِ مبارک پہ وہ لائیی

غلامونکی ہو جان نثاریہ غور ۔۔۔ چمنکی ہو بادِ بہاریہ غور

مدد پر نبیؐ کی ہی باندہی کمر
ہوئی ہو رہ دین سی بہی باخبر

تمہین ہو گا منظور اید وستان
کہ لیجلیئی ہمرہ نبیؐ کو وہان

یہہ داوس زمین کی عدو ہین بہت
محمدؐ سی وہ تند خو ہین بہت

بہت کینہ رکہتی ہین احمدؐ سی وہ
نہ بدظن کہین ہون محمدؐ سی وہ

یہہ اندیشہ ہی مجہکو اید وستان
اکیلی نہ رہجائین شاہ جہان

نہ لو تم خبر بیست ہو جو صلا
کرین شاہ دین پر وہ جور و جفا

گہٹاؤ حفاظت سی سلطانکی ہاتہہ
بڑہائین ستم کیش طوفانکی ہاتہہ

اگر عہد اپنی کرو مستقیم
تو چلنی مین ہرگز نہین خوف و بیم

یہان رنج و آفت جو سہتی ہین ہم
خُم درد و ایذا مین رہتی ہین ہم

درخت وطن سی نجائین گی ہم
وہان کیا ثمر جا کی پائین گی ہم

کرینگی مصیبت سی اسنجا بسر
بسائینگی لیکن نہ غیرونکا گہر

کرین مجھسی بیعت وہ سب بیدرنگ | نہ رہجائی کچھہ اونکی دلمین اُمنگ

جو سب آئی وقتِ شب پُر سُرور | ہوا غار مین ایک اک کا ظہور

کہ تا اہلِ کین اس سی آگہہ نہون | مہیا لڑائی پہ گمرہ نہون

ہوئی جمع سب غار مین کوہ کی | زبان پر نتہی نام اندوہ کی

چچا اک محمدؐ کی عباس نام | وہ تہی نزد شاہِ خواص و عوام

نہ تہی گو وہ ایمان سی بہرہ یاب | نہ معلوم تہی اونکو راہِ ثواب

مگر حُسنِ فہم و ذکا تہا بہت | اونہین پاس خیر الورا تہا بہت

ہوئی سبسی عباس بہی روبرو | اور اسطرح کرنی لگی گفتگو

کہا حزن سی ایجوانانِ دین | سمٹ آئی ہو تم جو شہکی قرین

یہان ہین بہت دشمنِ دینِ حق | سمجھتی نہین کچھہ بہی آئینِ حق

ہوئی ہی تمہین دولتِ دین حصول | کیا ہی اگر تمنی ایمان قبول

حرم مین جو داخل ہوئی آنکر ۔ ہوئی شاہِ کعبہ کو اسکی خبر

کسی نی یہہ کی عرض سلطانِ دین ۔ کہ حاضر ہین ستر مسلمان یہین

سب اکجا پہ ٹہیری ہین اور ہین مقیم ۔ نہین اونکو مطلق معاندسی بیم

وہ ہمراہ دینِ محمدؐ ہین سب ۔ زیارت کی مشتاق بیحد ہین سب

جہان حُکم ہوا اونکو لی آئین ہم ۔ جدہر ہوئی ارشاد ٹہلائین ہم

وہ حاضر ہین بیعت کو اے شاہِ دین ۔ مکانِ اطاعت مین سب ہین مکین

بہت اونسی راضی ہوئی مصطفاؐ ۔ کہا مرحبا مرحبا مرحبا

یہہ فرمایا تاجِ سرِ ناز نی ۔ زبان سی کہا مہرِ اعجاز نی

کہ ہوئی جو ہین دوسری حجکی شب ۔ وہین غارِ عقبہ مین آئین وہ سب

وہین ہوگی پابوسِ خیر الانام ۔ اونہین ہم بتائینگی احکامِ عام

یہی میرا حُکم اور ارشاد ہی ۔ خدائی حقیقی کی امداد ہی

نکراتی سفاک بی باکیان · غضب کی ہین خمار چالاکیان

سرِ جام ہو روی مہرِ فلک · حبابون مین ہو کوکبونکی چمک

سنبھل پای پیرِ مغان دہرمین · جوانونکی ہون ہاتھہ ہر لہرمین

نکل سقفِ خمخانہ سی ساقیا · جوانیکا پیری مین آئی مزا

کدہر ہی جہان مین کدوی شراب · چٹکتی ہین بلبل کہلا ہی گلاب

بطِ می کا لازم ہی ساقی شکار · ہی امید بخشائش روزگار

اگر اب رقص ای چرخِ نیلوفری · نہ بیکار جائیگی رامشگری

دف مہ کہان ہی جلاجل نبی · رُخِ عشق پہنچی مرادِ دل نبی

زیارت سی خورکی ہو دل کامیاب · نبی عرش روی رسالتمآب

ہوئی تیرہ سی سال ایام حج · ملا حاجیون کو جو پیغام حج

چلی دونو قومونسی ستر جوان · پئی حجِ کعبہ وہ آئی یہان

دلِ قوم کو خوب ترغیب دی
نئی دین کی شکل ترکیب دی

وہ سب صدقِ دل سی مسلمان ہوئے
خوش اقبال تہی اہلِ ایمان ہوئے

بہ اعلان دعوت وہ کرنی لگی
تو بی ماری کفّار مرنی لگی

مسلمان ہونی لگی جوق جوق
ہوئی صاحبِ دین دلِ اہلِ شوق

ہوئی کثرتِ اہلِ دین شہر مین
بڑہی دمبدم بالیقین شہر مین

حرم کو چلا مصعب باوفا
کہ خوش ہو یہہ سنکر رسولِ خدا

وہ پیشِ پیمبر روانہ ہوا
حضورِ پیمبر روانہ ہوا

حدِ زلف خوش موبمو عرض کی
حکایت وہ سب ہوبہو عرض کی

پیمبر نے سجدہ کیا شکر کا
گیا عرش تک قدّرِ دین ہدا

آنا بعض انصار کا سال سوّم مین یثرب سی اور مشرف ہونا ہاتہ یار تسی غارِ عقبہ مین

مئی لالہ گون ساقیا دی مجہی
قدم لون پر یہ وہ جہکا دی مجہی

بغصہ رکھا ہاتھہ تلوار پر ‏ ‏ نظر جا پڑی تیغ کی دہار پر

لگا کہنی یون اسعدِ نامدار ‏ ‏ بس اب جوش موقوف کرلی ترا

نصیحت ہماری سُن اب کانسی ‏ ‏ نہ برگشتہ ہو دین سی ایمان سی

جو کچھہ پہر تو کہہ وہ ہمین ہی قبول ‏ ‏ نہ اوسّی کبہی ہونگی ہم دل ملول

مخاطب ہوا اسعدِ فرخندہ فال ‏ ‏ تو مصعب بہی کرنی لگا قیل و قال

کئی اوس سی مصعب نی ایسی کلام ‏ ‏ بہری تہی جو وہ آبِ حقسی تمام

پڑہی پہر وہ آیات بی مکروکید ‏ ‏ کہ جنسی مُسلمان ہوا تہا اُسید

سُنی سعد نی سب بشوقِ تمام ‏ ‏ پسند آگیا حق کا سارا کلام

ہوئی نیک طینت مسلمان ہوا ‏ ‏ دل سعدِ بد اہلِ ایمان ہوا

لیا ساتہہ مصعب کو اور سعد کو ‏ ‏ مبارک ہما یون سخی سعد کو

پہ ئی دیگر اقوام لایا اونہین ‏ ‏ طریقہ بہی انکا بتایا اونہین

کہین او سپہ غالب بد اختر ہون — وہ گر امر جس سی وہ سر بر ہون

کہا سعد نی اب تو ہی بیوقوف — کسی علم سی بن گیا فیلسوف

مجہی تیغ دی کر نہ خود رائیان — گوارا نکر اتنی رسوائیان

تجہی کیا مناسب تہا ای تیرہ رائی — بلندی و پستی مجہی تو دکہائی

غرض سعد اسعد کی پاس آگیا — تو اسعد نی مصعب سی ہنسکر کہا

بنی اشہل اب یہہ تو مشہور ہی — کہ سردار ہی اور مغرور ہی

کری گر یہہ دین محمد قبول — تو ہون مخلتین سب ہماری حصول

رہی کوئی مشرک نہ ہر شہر مین — صدائی اذان آئی اس دہر مین

کہا مصعب نیک نی خوب ہی — مجہی بہی یہی امر مرغوب ہی

اگر فضل حق شامل حال ہی — تو اس مرد کا نیک احوال ہی

ادہر دونون مشغول تہی بات مین — ادہر سعد پہنچا اوسی گہات مین

ہی غسل کرتا تہا تعجیل وہ　　لگا کرنی حکموں کی تعمیل وہ
معاند ہوئی خوف سی گرد برد　　لباس مصفّا پہنکر وہ مرد
بجالایا سب دین کی آئین وہ　　بتو نیر ہی کرتا تہا نفرین وہ
ہوئی ایسی تاثیر ایمان کی　　کہ سب خصلتیں چہوڑیں حیوانکی
تضرّع دعا اور نمازوں کی بعد　　جوان آن پہنچا وہ نزدیک سعد
کہا سعد نی حالِ اسعد تو کہہ　　زبان بند کیون ہی تری چپ نہ رہ
لگا کہنی اسعد سی اوسدم اُسَید　　کہ ہی سعد صیّادِ آفت کا صید
عجب حادثی مین گرفتار ہی　　نہ کوئی رفیق اور نہ غمخوار ہی
بنی حارث اوسکی عدو ہو گئی　　کہ پیمان شکن تندخو ہو گئی
ہین خونریزی پر مستعد سب کی سب　　وہ باندہی ہین اوسّی ضد سب کی سب
خبر گرچہ لینا ہو تو اوسکی لی　　مناسب ہی دشمنکو کچہہ زک ہی دی

نہ ہرگز گیا آگی اوسنی سلام　　سُنایا اونہین سعد کا سب پیام

سُنا اسعدِ نیک نی جب یہہ حال　　کہا رکہدی تلوار ای نیکفال

نہ کر جنگ سُن لی مری دو کلام　　یہہ قصّہ ابہی مجہسی ہوگا تمام

تجہی گر پسند آئی اسلام و دین　　تو کینی کو چہوڑ اور ہو میری قرین

اگر ہو نہین قائل تو نفرت تو کر　　اگر حق پہ ہون تو حمایت تو کر

ہوا سعد سی اسپہ راضی اُسید　　کہا مین سنونگا یہہ بی مکر و کید

بیان کیجئی آپ کہتی ہین کیا　　عیان کیجئی وہ چہپا مدّعا

کیا مصعبِ نیک نی یہہ بیان　　فضیلت تو اسلام کی ہی عیان

سُناؤنگا تجہکو نہ کر خوف و بیم　　دلائل وجوہات امرِ عظیم

صفت کی بہت اوسنی ایمان کی　　پڑہین آیتین خوب قرآن کی

بہت خوش ہوا اسنکی قرآن اُسید　　ہوا نورِ ایمان سی چہرہ سفید

اگر بہتری چاہی ای خوش سیر
تو مصعب سی کر دلمین خوف و خطر

اوسی گہر سی اپنی تو جلدی نکال
نہو تا مری تیری پہر کچہہ ملال

کری وہ عمل اس کہی پر تو خیر
لڑائیکی ورنہ دکہا اوسکو سیر

چلا سنتی ہی مثلِ صیّاد اُسید
کری تا وہ مصعب کو اوس گہر مین صید

حمائل کئی تیغِ خوش آبدار
تو چین بر جبین بشکلِ موجِ بحار

بڑہا پیشِ اسعد وہ با عزمِ جنگ
یہہ اسعد نی دیکہا جو بیطور رنگ

تو مصعب سی اسعد نی کی گُفتگُو
ٹپکتا ہی خنجر سی اسکی لہُو

نمک پاش ہی کُفر اس شخص کا
یہہ ایمان لائی تو ہی کیا مزا

اگر ہو مسلمان یہہ شیر مرد
رُخِ مشرکان مثلِ روبہ ہو زرد

بہت لوگ ایمان لائین عیان
صفا ہون نہایت دلِ مشرکان

اس اثنا مین پہنچا اُسید دلیر
بہ غُصّہ بہ جُرأت خفا مثلِ شیر

پھر اوس قوم کی آپ دعوت بھی کی
محبت بھی کی اور نصیحت بھی کی

جو تھی نرم دل لائی اسلام وہ
اس آغاز کا سوچی انجام وہ

جو برگشتہ تھی سب عدو ہو گئی
کہ وہ طعنہ زن چار سو ہو گئی

بدون نی کیا حالِ اسعد بیان
ہوا راز پوشیدہ سارا عیان

کہا قوم نی ہائی رسوا کیا
کہ برباد سب دینِ آبا کیا

سبھون نی کیا دینِ نو اختیار
محمدؐ کی دلسی ہوئی جملہ یار

ہوا اسعد کو یہہ سخن ناگوار
اُسید بہادر جو تھا نامدار

بلایا اوسی اور کیا یہہ بیان
کہ جا پیشِ اسعد بھی ای جوان

وہان جا کی کہہ اوس سی ای ننگ قوم
گئی کیون نئی دین مین چند یوم

یہہ رشتہ نہوتا اگر درمیان
تو کرتا تجھی قتل مین ای جوان

یہہ مصعب عجب خار پیدا ہوا
گلِ شر اسی سی ہویدا ہوا

تہمتن ور آئین رُخ موج مین — پسند آئی اسلام سو اوج مین

رہی دین احمد قیامت تلک — مٹی تا رُخ مہر و مہ کی چمک

ملک پیشوائی کرین دین کی — ستارے صدا دین اس آئین کی

فلک طرز و رفتار مین ایک ہون — زن و مرد و اطفال سب نیک ہون

ظہور امام زمان ہو قریب — کہ کفار دیتی ہین رنج مہیب

بنی اشہل اک قوم تہی سلما — عرب مین خدا اوسکو دیوی جزا

وہ یثرب کی تہی سبکی سب ذی کرم — قبیلی سی خزرج کی تہی وہ بہم

قدامت بہی معروف اون سبکی تہی — طبیعت بہی مالوف اون سبکی تہی

جو سردار تہا اونکا سعد معاذ — قبیلی کا تہا وہ ملاذ و معاذ

برادر تہا اسعد کا وہ خالہ زاد — وہان سعد و مصعب گئی خوش نہاد

بہم جا کی اسلام ظاہر کیا — ہر اک شخص کو دین سی ماہر کیا

کیا گھر مین باعزّ و شان میہمان | کہ تہا سعد خوشبخت خوشرو جوان
بہم پہرتی تہی وہ محلّات مین | سکہاتی تہی دینکو وہ ذرات مین
باخفا وہ کرتی تہی دعوت تمام | بتاتی تہی دین رشتہ نیکنام
مُسلمان ہوتی تہی دو چار روز | گناہونکی گرتی تہی انبار روز

دعوت کرنا مصعب کا اور ایمان لانا سعد معاذ کا اور گروہ کثیر اہل شہر کا

پلا ساقیا آتشین ایک جام | کہ بنجائی گُل طوطی خوش کلام
دکہا زعفرانی رُخ می ضرور | پہر لیجائی جنّت مین جس بو سی حُور
اُٹہا جام لعل و رُخ سبز فام | کہ تو شاعرون مین رہی نیکنام
بنی بادہ موج شراب سخن | کہلی تختی پر جیب گلاب سخن
رُخ ہور مہ سی کری سرکشی | شب رنج راحت دکہائی کبہی
ترقّی رہی دین خوشنام کی | ہوس ہی مجہی ساقیا جام کی

نبی کا مصاحب تھا اک خوشکلام | لکھا ہی کہ اوس مہ کا مصعب تھا نام

بہت نیکبخت اور محمود تھا | خوش اخلاق ذیفہم مسعود تھا

اوسی اہلِ یثرب کی ہمرہ کیا | مگر ساتھہ ہی یہہ بھی فرمان دیا

غریب الوطن مصعب خوش لقا | تمہاری طرف ہی یہانسی چلا

مری پاس سی جبکہ ہوئی یہہ دور | مدارات مین تم نہ کیجیو قصور

وطن بھول جائی مصاحب مرا | نہ اوس تک لگی دہشت اہلِ دغا

حمایتمین رکہنا اسی ہاتہون ہاتہہ | نچھوٹی کبھی سایہ سان اسکا ساتھہ

کہا پھر یہہ مصعب سی ای باشعور | نہ کرنا تو تعلیم دین مین قصور

بمقدور طاقت بتانا بہت | جہانتک یہہ سیکھین سکھانا بہت

غرض اہلِ یثرب وطن کو گئی | رُخ تخمِ ایمان وہ سب بو گئی

وہان سعد نی مصعب پاک کو | خجستہ بشارت فرحناک کو

اور ہمراہ کرنا سرورِ کائنات کا مصعب کو تعلیم احکام دین کیواسطے

پلا ساقی باادب وہ شراب | کہ غلمان ہین جسکو مشک و گلاب

اُٹھا خمکدی مین جوانون کو تو | بطرمی کا طاہری زاہد. لہو

چلی منجنیقِ فلک نشۂ پر | تو اعمالِ اسلامیان ہون سپر

کہنچی تیغِ موجِ شرابِ طہور | بغل مین دباؤن کوئی رشکِ حور

جو مین بخشواؤن گناہان بدَ | تو کعبی مین ہو حاجیون کو حسدَ

ہوا دوسرا سالِ حج جو قریب | ہوئی جمع شہ کی نصیر و حبیب

جوان دس جو یثربسی داخل ہوئی | وہ دینِ معلّیٰ مین شامل ہوئی

تہا سعد عبادہ بہی اون دسمین یار | دویم اسعد بن زرارہ سوار

بتایا اونہین شہ نی دین ہُدا | چہپایا نہ اک ذرّہ قول خدا

سکہائی اونہین جملہ احکامِ دین | بڑہا اونکا رتبہ نبیؐ کی قرین

وہ اون چھہ کا جابر جو سردار تہا — بہت عقلمند اور ہشیار تہا

ہوا وہ بہی اسلام سی باخبر — وہ تہا صاحب ہوش و فہم و ہنر

کیا ساتون نی دین احمدؐ قبول — یہہ نعمت ہوئی اون سبہونکو حصول

کہا اب ہین رخصت کی امیدوار — رہی قوم مین بہی یہہ دین یادگار

وطن مین کرین دین کو مشتہر — بہت جلد اس آئین کو مشتہر

کیا اونکو رخصت نبی نی وہین — مسلمان ہوئی پہر خزرج برین

جو وہ لوگ یثرب مین داخل ہوئی — بہت نفس اوس دین پہ مائل ہوئی

بنی اوس بہی اہل ایمان ہوئی — دو ویم اہل خزرج مسلمان ہوئی

جو ظاہر کیا اپنا ایمان و دین — ہوا دونو قومونکو بالکل یقین

کہا سبنی یہہ پہر حج دوئیم مین ہم — نبیؐ کی بہی چہو آئین گی اب قدم

انصار کا آنا سال دوئیم مین یثرب سی اور مشرف ہونا بدولت اسلام

تبونکی پرستش سی کیا فائدا — توقع جزا کی نہ رکھو ذرا

سُنو حج گذار و بگوش دل اب — نہ پوجو بتونکو عبث بی سبب

خدا ایسا خالق ہی اور کبریا — کہ جسنی دو عالم کو پیدا کیا

اوسی نی دیا تمکو فہم و شعور — اوسی سی ہوا دو جہانکا ظہور

نبی بہی بنائی پی انتظام — کیا مجہکو اپنا مدار المہام

کرین تا نہ مخلوق خود رائیان — زمانی مین ہوئین نہ رسوائیان

ہوئی عہدِ آدم سی کتنی رسول — کیا جنکا کفار نی دل ملول

سبہون نی جو تبلیغ احکام کی — نہ مانا ذرا بلکہ ایذا سہی

نبیون کی سب جبہہ مین اعجاز ہین — وہ سب میری مونس ہین دمساز ہین

اہم جو کرو تم زبانسی سوال — جواب اوسکا دونگا ابہی بی ملال

جوان اونمین چہہ جو کہ تیر کی تہی — زیادہ وفادار وہ سب سی تہی

وہ تہی منتظر نام دیکہا ہ کے
وہ تہی یا ورو نمین شہنشاہ کے

تہی اولاد اون سبکی یار نبی
وہ انصار تہی دوستدار نبی

لکہا ہی یہہ راوی بیباک نی
کہ دس سال بعد احمد پاک نی

یہہ چاہا کہ اسلام کا ہو رواج
جہانسی بتونکا ہو موقوف راج

دعوت کرنا نبی کا اہل یثرب کو اور قبول کرنا اوس قوم باوفا کا از رو صدق و صفائے

خدا مہربان ہی تو عالم ہی دوست
ہر اک رونگٹہ اپنا ہر دم ہی دوست

نہ اک رگ کٹی تیغ دنیا چلی
سر مو رہا سی نہ ہرگز ملی

ہزارون ہون دشمن تو وہ دوست ہون
تو احد یہہ ہو مغز بی پوست ہون

جو ہین سال بعثت کو دسوان لگا
محمدؐ نی سامان پہر یہہ کیا

کہا حاجیونسی جواب اسکا دو
خدا کو بہی پہچانتی ہو کہو

رضائی خدا کی لئی سب سہا
سفر اپنی اپنی گہرونسی کیا

کہا شاہ نی مرحبا ای وزیر — مقدّر کی ٹلتی نہین ہی لکیر

بدل مین ہی اُمّت مین حضرتکے ہون — دل و جانسی خواہشمین بیعت کی ہون

لکہا عہد نامہ پہر اوس ماہ نی — دیا دست دستور مین شاہ نی

کہا جب زیارتسی پایا شرف — تو خود عرض کرنا اسی با حلف

مرا عہد نامہ یہہ گذرانتا — مجہی اونکی اُمّت مین تو جاننا

رہی تو نہ زندہ اگر ای وزیر — تو اولاد تیری رہی دستگیر

نہ بہولی ترا خاندان یہہ کلام — سُنائی یہہ سب عہد نامہ تمام

وہ تحریر کرکی سپرد وزیر — یمن کو گیا خسرو بی نظیر

وطن کیطرف جب روانہ ہوا — خوشی اوسّی سارا زمانہ ہوا

ملازم رفیق آدمی بیشتر — گیا چہوڑ کر وہ شہر دادگر

رہی سبکی سب وہ بہ نزد وزیر — مُحبّت تہی احمدؐ کی دل مین خمیر

وہی بادشہ ہین مسلمان جو ہون
وہ دستور رہین اہل ایمان جو ہون

کرون حال تُبّع ذرا آشکار
عجب نیک طالع تہا وہ شہریار

لکہا ہی کہ پیش از نبیؐ ایک شاہ
یمن بہر کا تہا مالک و نیکخواہ

اوسی تُبّع کہتی تہی خلقت تمام
وہ حج کو چلا با مدار المہام

غرض جبکہ آیا وہ کعبہ کی پاس
وزیر خردمند اختر شناس

یہہ دینی لگا وہ خبر شاہ کو
کریگا کوئی پاک اس راہ کو

رسولؐ ایک بطحا مین ہوگا ضرور
وہ یثرب مین جا کر کریگا سرور

مگر ہو کی ظلم و عداوتسی تنگ
بہت جلد جائیگا وہ بیدرنگ

سنا جبسی کرتا ہون مین شہ سی عرض
مرا رہنا اسجا پہ ہی عین فرض

وفا کی اگر زندگی نی تو خیر
نہین تو کریگی مری نسل سیر

مشرّف زیارتسی ہو کر عیال
کرینگی وہ ہی عرض سب میرا حال

اگر گوش ہون سامعہ ہو ضرور — زبان گر ہو تو ذائقہ ہو ضرور

جو بینی ہو تو قوّتِ شامّہ — لبون سی سخن کا ہو حاصل مزا

گلا گر ہو صوتِ خوشی ہو نمود — جو آتش ہو صاف اوسّی نکلی نہ دُود

اگر رنگِ خوش ہو چمک ہی ضرور — جو بہوڑا ہوا اوسمین تپک ہی ضرور

بہوین ہون تو اوسمین کجی چاہئے — کمانین ذرا بیرخی چاہئے

نکیلی ہون پلکین تو نشتر نہین — مناسب ہی تیغون پہ جوہر نہین

دماغِ مصفّا کو لایق ہی غور — نہ بطنِ خیالی مین آئی کچھہ اور

صفا ذہن کی چاہئی ای عقیل — نتیجہ ہو نیک ایسی کیجئی سبیل

وہی ہاتھہ ہین جو سخاوت کرین — وہی قلب ہین جو محبّت کرین

وہی سینی ہین جو رکہین راز کو — جگہہ تنگ نہ دین حرص اور آز کو

وہ پاؤن ہین جو راہِ خوشمین چلین — نہ روندین دلون کو نہ گاہی ملین

کہ کب آئینگی وہ رہِ شام سی | مصیبت مین ہین یا وہ آرام سی

اوسی بہی بتایا شہنشاہ نی | کہا اسطرح غیرتِ ماہ نی

بشرطِ شفا صبح کو اک گروہ | ادہر آئیگا گر نہ ہوگا ستوہ

بلاشبہہ ہوئیگا داخل یہان | روانہ ہوئی سب پئی امتحان

سرِ راہ سب ملکی ہو ہوشیار | گذرگاہ پر تہی بوقت نہار

بگفتند باہم زلات و منات | بقولِ محمد نباشد ثبات

ہوئی زرد رُو قافلہ آگیا | ہراک خار گلزار مُرجہا گیا

نہ اسپر بہی لائی ذرا اعتقاد | دلِ مشرکین نی بڑہایا عناد

حکایت ایمان لانی تُبّع شاہِ یمن کی معہ وزیر قبل محمد صلی اللہ علیہ و آلہ

جو مو ہون تو اونمین سیاہی بہی ہو | جو ہو تخت تو پادشاہی بہی ہو

اگر آنکہین ہون تو بصارت بہی ہو | جو دل ہو تو اوسمین محبت بہی ہو

دلِ مومنین کو تو اقرار تھا | زبان پر بد و نکی بس انکار تھا
نہ سچ جانتی تھی وہ اوپر کا حال | یہہ کہتی تھی بیشک ہی امرِ محال
جو دیکھا نہین کون سچ جانیگا | جو فرمایا دل کسطرح مانیگا
مگر حالِ بیت المقدّس اگر | بتائین ہمین خسرو دادگر
و یا حال و احوالِ املاک شام | کہین ذرّہ ذرّہ شہِ نیکنام
سُنا احمدؐ پاک نی جب یہہ قول | کیا ایک لحظہ تو کچھہ دل مین ہول
سرِ راہ تھہنی پڑہی پھر نماز | دعا کی کہ ای خالقِ بی نیاز
مدد کر یہہ بندہ ترا ہی رسولؐ | وہین جبرئیل آئی با صد اُصول
جو نقشہ کہ بیت المقدّس کا تھا | وہ جبرئیل نی شہ کی آگی دھرا
دئی شہ نی کفّار کو سب نشان | وہ نقشہ رکھا پیش بد اختران
نبی سی کیا دوسرا پھر سوال | کہو شام کی قافلی کا ہی حال

جو کی بہر اُمّت محمدؐ نی عرض
سُنین مستحبّات اور جُملہ فرض

خدا نی جو وعدہ کیا عفو کا
وصیّ نبیؐ نی یہہ بالکل سُنا

مراجعت کرنا نبی کا افلاک سی اور بیان کرنا حقیقت ساکنانِ زمین سی

نہ ہو نشہ ساقی تو مَی ہیچ ہی
نہ ہو ظرف شی تو وہ شی ہیچ ہی

نہ ہو موج گر بادہ بیکار ہی
نہ قمری ہو تو سرو بہی دار ہی

نہ اعلان ضو ہو تو مہتاب ہیچ
تڑپ گر نہوئی تو سیماب ہیچ

نہ وکہلائی چہرہ تو آئینہ کیا
نہ رازونکو رکہی تو وہ سینہ کیا

ندی گر خبر تو رسالت کُجا
جو بیچہی رہی تو امامت کُجا

لکہا ہی پہر ی جب رسولِ خداؐ
زمین پر جو اوتری شہ رہنما

چلی اسقدر جلد شاہِ ہُدا
رُخِ توشکِ خواب تک گرم تہا

جو گذرا تہا شب کو بنا تہا جو کام
کہا صبحکو ہر بشر سی تمام

بہت اختلاف اوسمین ہی دوستان — کیا ترک اسواسطی وہ بیان
تواریخ دانون کو شان نزول — ہر اک طرحسی ہی ہر اک کو حصول
بیان کرتا مین شرح اوسکی اگر — تو بندیکی حق مین تہا خوف و خطر
نبیؐ خوب واقف ہین اوس رازسی — وہ شان نزول اور اندازسی
مگر ٹہیک ثابت ہی اے دوستان — محمدؐ نبی کی سیر ہفت آسمان
گیا عرش و کرسی کو طی بی خطر — مقال خداسی ہوئی باخبر
کیا عرض مطلب ہی ذیجاہ نی — جواب و نصایح سنی شاہ نی
حکایت نمایان ہوئی خیر کی — بہشت اور دوزخکی سب سیر کی
یہہ لکھتا ہی راویؐ معجز بیان — رسولؐ خدا پر جو گذرا وہان
علیؑ کو نظر آیا گہر مین وہ حال — اوٹہا پردہ چشم فرخندہ فال
جو کچھہ دیکھتی تہی شہنشاہ دین — علیؑ بہی نظر کرتی تہی بالیقین

وہ رفرف بھی پھر حکمِ حق سی تھنبا | وہ ٹھہرا وہین پھر نہ آگی بڑھا
بجا لائی میکال رسمِ سلام | نبیؐ سی کہا اب ہمارا ہی کام
وہ ہمراہِ شاہِ زمانہ ہوئی | وہ تا عرش لیکر روانہ ہوئی
جو تا عرش پہنچی شہِ نیک و پاک | نبیؐ سی ہوا اور خدا سی تپاک
وہان اُدْنُ مِنّی خدا نی کہا | کہ میری قریب آ مری پاس آ
لکھا ہی کہ پھر شاہِ کون و مکان | گئی قابَ قوسین تک وستان
سخن تک کئی شہ نی اللہ سی | سُنی گفتگو بھی لبِ شاہ سی
بتائی حدود اور احکامِ دین | محمدؐ نی سیکھی وہ سب بالیقین
زکوٰۃ اور خُمس و صیام و نماز | بتایا کیا خالقِ بی نیاز
سب ارکانِ حج بھی سکھائی اونہین | طریقی سراسر بتائی اونہین
کلامِ خدا جو ہوئی بالیقین | کہین بیس وہ لکھی ہین دو کہین

تو بولا پہر اوسدم نبیِّ خدا
مین مشتاق تہا اس ملاقاتکا

کیا شکر آدم نی اور یہہ کہا
مکرّم ہوا مین معزّز ہوا

مری نسل سی تم جو پیدا ہوئی
تو بخشش کی آئین ہو پیدا ہوئی

مری آنکہین روشن ہین دیدار سی
شگفتہ دل اب ہو گیا پیار سی

وہانسی چلی پہر رسول خدا
ہر اک آسمان طی بخوبی کیا

فرشتی بہی حضرتکی ہمراہ تہی
فلک پر ہماری شہنشاہ تہی

جو ساتون فلک شاہ طی کر چکی
تو پہر سدرۃ المنتہے تک گئی

پر اس راہ مین تہک گیا جب براق
قدم بہی اوٹہانا ہوا اوسکو شاق

ہوئی شاہ رفرف کی اوپر سوار
یہہ اوسّی زیادہ ہوا راہوار

حجاب اسّی اکدم مین طی ہو گئی
صبا کی قدم صاف لی ہو گئی

وہ کرسی تلک شاہ کو لیگیا
وہان تک وہی ماہ کو لیگیا

جو پہنچی وہان شاہ عالی وقار | کچہہ اوسجا کی وہ دیکہتی تہی بہار

یکایک نظر جا پڑے جب وہان | تو دیکہا کہ ہی نقرئی زردبان

لگی ہی وہ صخرا سی تا آسمان | چڑہا وہ براق اوسپہ ای مہربان

محمدؐ کو تا آسمان لیگیا | کہون کیا کہان سی کہان لیگیا

جو پہلی فلک پر روانہ ہوئی | بہت شاد شاہ زمانہ ہوئی

در اوّلین بند پایا وہان | تو بولی یہہ جبرئیل ای داربان

مسرّت سی مژدہ عجب لائی ہین | یہہ دروازہ کہولو نبیؐ آئی ہین

کہلا در تو داخل ہوئی شاہ دین | ملا مرد نورانی اک مہ جبین

فلک اوسکی عارض سی روشن تہا واہ | قمر اوسکی سر کی تہی ادنی کلاہ

کہی شہ سی روح الامین نی یہہ بات | یہہ ہین حضرت آدم نیک ذات

محمدؐ بغل گیر اونسی ہوئی | سخن پہر بتوقیر اونسی ہوئی

بہت چین سی اور اطاعت کی ساتھہ
اوڑا لیگیا شاہ کو ہاتہون ہاتہہ

شہنشہ ہوئی داخلِ ملکِ شام
رُخِ سیر کی بعد خیر الانام

پہری وہانسی بیت المقدّس مین شاہ
رسولون سی افضل ہوا اوجِ جاہ

ملاقی ہوئین روحِ پیغمبران
زیارت سی پائی شرف بیکران

وہ سب روحین تہین منتظر شاہ کی
تمنّا مین روؤ رُخِ ماہ کی

بجا لائین رسمِ اطاعت تمام
پیمبر پہ بہیجی درود و سلام

وہ سب صف بصف ایستادہ ہوئین
محمدؐ سی بہی خوش زیادہ ہوئین

دو رکعت شہنشاہ نی کی ادا
امامت سرِ ماہ نی کی ادا

سُنو سنگ صخرا جو ہی اوسکا نام
بہت نیک انجام ہی لا کلام

دیا تہا وہ موسیٰ کو اللہ نی
اوسی جا کی دیکہا شہنشاہ نی

گئی سنگِ صخرا کی جانب رسولؐ
بہت جلد پہنچی ہوا کچہہ نہ طول

قلم تیرا اہنچا رُخ عرش تک
ہوئی حاسد ونکی نہایت ہتک

لکہا ہی یوہین حال معراج کا
کہ ثابت نہین سال معراج کا

اگرچہ تعین نہین ماہ کا
مگر حال ہی سب شہنشاہ کا

جو بعثت کا دسوان ہوا نیک سال
اوسیمین ہی معراج کا سارا حال

اوسی شبکو فرحت سی آرام سی
نبیؐ خانۂ اُمِّ ہانی مین تہی

کہ جبریل نازل ہوئی اور کہا
چلو میری ہمرہ رسولِ خدا

سنواری گئی آج ہفت آسمان
خدا کی ہوئی ہین نبیؐ میہمان

فلک پر ہین آراستہ قصر و طاق
سواری کو حاضر ہوا ہی بُراق

سُنا سیّد المرسلین نی جو ہین
فرحناک و شادان ہوئی شاہِ دین

بُراقِ فلک سیر پر ہو سوار
چلا آسمان کو شہِ نامدار

روان ہو گیا مثلِ نورِ نظر
کسیکو نہ مطلق ہوئی کچہہ خبر

ویا بیتِ ابروی خیر الانام
ویا ریشِ پاکِ شہِ خوش خرام

ویا روی مژگانِ خیر البشر
سوادِ عیون شہِ داد گر

ویا پوششِ کعبۂ کبریا
ویا خالِ جسمِ شہِ مہ لقا

ویا تھی مدادِ کلامِ خدا
نقابِ رُخ و چہرۂ مدّعا

شب ایسی کہ جس شب مین قدسی نہال
شب ایسی کہ جسمین جوان پیر زال

شبِ حُسن تھی یا شبِ عیش تھی
شبِ فرح تھی ایسی پُر جلیش تھی

ستارونکا لشکر پریکی پری
تھی ساتون فلک کرّو فرسی بھری

صراطِ تعیّش تھی وہ نیک رات
کرورون شبون مین وہ تھی ایک رات

پسندِ خدا بس وہی رات تھی
کرامات تھی وہ کرامات تھی

سنبھل کلک روی مضامین کی سمت
نکر رُخ تو اپنا سخن چین کی سمت

بیانِ احادیث ہی اب ضرور
ہی معراج کا حال ای ذیشعور

نہ تھی شب مسی تھی لب حور کی
نہ تھی شب وہ تھی روشنی طور کی

نہ تھی شب وہ تھی ریش پیغمبران
شب افروز تھا روئی احمدؐ وہان

نہ کس طرح وہ شب ہو مشک تتار
فرشتونکی جسمین روان ہو قطار

شب عنبر آمیز رشک گلاب
شب عطر افشان شب لاجواب

عروسیکی شب شب ملاقات کے
شب بی بہا شب کرامات کے

شب نیک منظر شب خوش اصول
شب نازک ایسی کہ جو ہیکا پہول

خوش انداز شب تھی مناجات کے
کہانی بنی صبح کو رات کی

عجب رات تھی جو سحر خیز تھی
نشیلی رنگیلی ضیا بیز تھی

شب راحت افزا ستارونکی چہاؤن
جو مشرق مین سر تھا تو مغرب مین پاؤن

تسلّی دہ جان بیدار تھی
وہ شب تھی مرصّع گہر بار تھی

شب آرا اگر وہ ملک چرخ پر
نہ تھی شب رخ ماہ کی تھی سپر

سب اپنی جگہہ پر ضیا بار تہی   ملک آسمانون پہ ہشیار تہی

تہی برجیس و کیوان و ناہید خوش   بنا برج ثور فلک گاؤ کش

لئی سنبلہ خوشہ انگور کا   دئی پیچ زلفون مین رخ حور کا

رخ حوت بحر فلک سی نکل   گرا پائی صیاد پر سر کی بہل

کیا آہو برج اسد نی شکار   شجاع و ذنب بنگئی شکل مار

بنا فوراً ابلیس سرطان کی شکل   ہوا جوزا توام بنی جانکی شکل

عدالت کی میزان نمایان ہوئی   شب صاف راحت دہ جان ہوئی

شب لطف تہی رشک ماہ منیر   وحید زمانہ عجب بی نظیر

وہ شب تہی کہ مشک سیہ رنگ تہا   رخ شب سی آئینہ پر زنگ تہا

شب غم اوسی شب سی بہاگی تہی دور   سیاہی تہی اوس شب کی صبح بلور

سفید اوس سیاہی سی تہی تا حدا   گمان زاغ پر تہا کہ ہی بوتیمار

غرورِ جوانی سی ہون مین بری
ضعیفی ٹہادی بغل مین پری

شبِ قدر ہو میری لیلِ مُراد
سوائی خوشی کچہہ نہو دل کو یاد

ضیا بیز تہی خوش شگون ایکرات
نہی رات تہی بلکہ لیلِ برات

سوادِ دلِ مہر و مہ رات تہی
عجب نیک ساعت کرامات تہی

سوادِ عیون رُخِ حُور تہی
شبِ عیش بادہ سی مخمور تہی

سیاہی تہی کاکُل کی یادو دِل
شیاطین اوس رات تہی مُضمحل

شبِ تیرہ مثلِ شبِ ماہ تہی
کہ وہ نردبانِ فلک جاہ تہی

تہی شب باش اوس شب شبانِ کرم
ملک تہا نبی تہی نردبانِ کرم

خجالت تہی حاصل شیاطین کو
ندامت تہی کامل شیاطین کو

اثر شب مین تہا صبح کا آشکار
ستارونکی ہر سو نمایان قطار

ثُریا سُہا و زُحل مشتری
عُطارد قمر شمس زہرہ تہی

بنا جسم ظاہر ہوئی رُو برُو | بنی دین وہ کرنی لگی گفتگو
وہ سمجھی کہ ہین یہہ رسالتمآب | سوالاتکی ٹہیک پائی جواب
سمجھہ مین جو آئی فروع واصول | یقین لائی سب اور کیا دین قبول
وہان سی جو کعبہ تہا اُنکی راہ | چلی اوسطرف شاہِ عالم پناہ
اجنّہ بہی مولا سی رخصت ہوئے | اِدہر داخل کعبہ حضرت ہوئے
شہنشاہ کی جو کہ معمول تہی | بدستور دعوت مین مشغول تہی

جنابِ سرورِ کائنات کا ذکرِ معراج اور خالق سبحانہٗ سے ملاقات کرنا

بنی پُر ضیا اخترِ آسمان | کہ ہوگا دُرخشندہ مہرِ زمان
دو چند آج ہو نُورِ چرخِ برین | کری فخرِ عیسیٰؑ گردون نشین
ہون الماس کی بحرِ ہفت آسمان | بُروجِ ستارہ زمین و زمان
پلا ساقی مجہسکو شرابِ طہور | بغل مین دو بالون کوئی رشکِ حور

لگائی وہان ظالمون نی جو سنگ | ہوا زید مجروح اور شاہ تنگ

بمجبوری احمدؐ وہانسی پہری | مگر زید ہمراہ تہا شاہ کی

بیابانکی جا گی یکایک جو بخت | نظر آیا شہ کو وہان اک درخت

بزیرِ شجر شہ نی دہویا لہو | رگ برگ کو غم ہوا مو بمو

خدا سی کہا پہر بعجزِ تمام | مین بندہ تو ہی خالقِ نیکنام

شجر کی تلی پہر ادا کی نماز | ہوئی حق سی مصروفِ راز و نیاز

تلاوت کلامِ خدا کی جو کی | گروہِ اجنہ نی وہ سب سُنی

فصاحت بہرا خوش مزہ تہا کلام | کہا بعدِ موسیٰ یہہ ہین نیکنام

سُنا ہی نیا یہہ کلامِ ملیح | معانیِ صاف اور عبارت فصیح

خدائی حقیقی کی تائید ہی | رسولِ خدا قابلِ دید ہی

اثر جب کیا اونمین ایمان نی | کیا نذرِ شہ کو مجرا اپنی جان نی

نہ طفلِ حسین زاہد و نمین رہی
نہ نیکی بد و نکی دلون مین رہی

نہ مینائی وحدت مین ہوئی دوئے
نہ مالک سی دربان کری سرکشی

نہ خمخانہ دہر مسجد بنی
نہ روئی سرِ شہر مسجد بنی

نہ پیرِ مغانسی چہٹی سے کشی
نہ زاہد سی تسبیح دُرّ جلی

نہ غمگین کی دلسی ہٹی شور و شین
نہ عابد سی تسبیح خاکِ حسینؑ

یہہ لکہتا ہی اب راوی خوشکلام
تو میری قلم سی سُن ای نیکنام

کیا قصد ترکِ وطن شاہ نی
لیا زید کو ساتہہ ذیجاہ نی

یہہ غمناک شاہِ زمانہ ہوا
قبائل کی جانب روانہ ہوا

نبی بکر او رساکنانِ حجاز
بتایا اونہین دین کا جاکی راز

وہ ملعون دلونمین نہ تہی اپنی صاف
سراسر محمد سی تہی برخلاف

کیا ظلم اون سب نی یہہ برملا
تنِ پاک پتہر سی زخمی کیا

بڑھا ظلم کفّار از حد زیاد | کہ در پی ہوئی شہ کی اہلِ عناد
شہنشہ سے دشوار تھا انتظام | کیا ترک آخر کو بیت الحرام

سیّد ابرار کا روانہ ہونا فرطِ غم اور کثرتِ ظلم کفّار سے قبایل کیطرف اور دعوت کرنا خلقکو آئین اسلام کیجانب اور رد ولکرنا اوس گروہِ سیاہ دلکا اور ایمان لانا فرقۂ جنّات کا سماعت کلام مجید سے

نہ بلبل سے چھوٹے رخِ لالہ زار | نہ ہو پشت زین سے جدا شہسوار
نہ پروانہ کو دوریِ شمع ہو | نہ قرصِ مہ و مہر بے لمع ہو
نہ موسیٰ سے ہو طور کا افتراق | جدائی ہے لیلی کی مجنون کو شاق
نہ بے اسپ میدان مین ہو نیزہ باز | نہ ہو عمرِ ظالم جہان مین دراز
نہ بے عطرِ گل ہو کوئی نازنین | نہ بے ضو نظر آئے روئے حسین
نہ مخمور ہو شرب مے سے الگ | نہ جنّت مین نظر آئے دیو روئے سگ

پس از دین و اسلام رحلت ہوئے
مصیبت پہ اور اک مصیبت ہوئے

طریقی پہ اسلام او ر دین کے
او نہین بعد تجہیز و تکفین کے

اوتارا محمدؐ نی خود قبر مین
کیا بیشتر صبر اوس جبر مین

محمدؐ تو تہی اک جہان کی شفیع
ہوئی قبر فیضِ قدم سی وسیع

کیا دفن غمسی ہوئی اشکبار
بہت دل ہی دل مین رہی سوگوار

کہ افسوس وہ بہی گئین ہاتہہ سے
خدیجہ بہی اب چہٹ گئین ساتہہ سے

مہینا ہی گذرا تہا اک داغ کو
لگی بادِ غم پہر رخِ باغ کو

لکہا ہی کہ بعثت کا دسوان تہا سال
جو پہنچی نبیؐ کو ملال و کلال

نیا واقعہ حادثہ یہہ ہوا
خدیجہ کا بہی ساتہہ شہ سی چہٹا

تب رنج و غم سی ہوا تہا یہہ حال
شب و روز رہتا تہا حزن و ملال

نکلتی نہ تہی گہر سی باہر کہین
نہ دم بہر ٹہرتی تہی اندر کہین

رسولِ خدا تہی حزین بیشتر — کہ جبریل سی سُن چکی تہی خبر

بہت ناگوارا تہا دل کو فراق — جدائی تہی واللہ حضرت پہ شاق

اونہین بہی جو ایذا جدائیکی تہی — مشیّت یہہ سب کبریائیکی تہی

مگر بعد اس غم کی پروردگار — دکہائیگا جنّت کی اونکو بہار

وہ تا درجۂ نیک پہنچائیگا — وہ حوران فردوس لوائیگا

کہا تُمہنی ای بانوئی محترم — رہینگی اب اک جا پہ ہم تم بہم

کلامِ خدا سی ہی ظاہر ہوا — کہ خُلدِ برین مین رہین ایک جا

تمہین ہوگی اب صحبتِ دائمی — رہیگی وہان خلوتِ دائمی

ہمیشہ ملاقات ہوگی وہان — شبِ عید ہر رات ہوگی وہان

ہوئی اونکو فرحت سی ایسی خوشی — کہ وہ نزع ہی دل کو شادی ہوئی

رسولِ خدا نی بتایا جو دین — مُسلمان صادق وہ ہوکر اوٹہین

عجب حیلہ پرداز ہی کینہ جو — کوئی زرد رو ہو یہہ ہو سرخرو

کوئی اسّی ہی رنج مین مبتلا — کسی پر یہہ لاتا ہی تازہ بلا

کوئی ہنس رہا ہی کوئی نعرہ زن — کوئی گہر مین ہی اور کوئی بیوطن

نبیّون سی یہہ باز آیا نہین — بتاؤ تو کسکو رلایا نہین

لکہا ہی یہہ راویِ ناشاد نے — پڑہایا کتابون مین اوستاد نے

نہ گذری تہی اسحال کو بیس روز — ہوا حادثہ اور اک سینہ سوز

فلک نی دیا آہ تازہ ملال — خدیجہؑ کا ہونی لگا اور حال

حبیب خدا کا کیا دل ملول — دیا داغ بالائی داغ رسولؐ

مرض کی وہ شدّت وہ احوال بد — اودہر کافرون کا ہی بغض و حسد

مرض اونکا بڑہتا تہا شام و سحر — دوا بہی نہ کرتی تہی بالکل اثر

یہہ ثابت ہوا درد ہی لاعلاج — سنبہلتا نہ تہا ذرّہ ہرگز مزاج

علیؑ ولی صاحبِ ذوالفقار
ملول و حزین پُر تعب اشکبار

محمدؐ کو غم بینوائی کا تہا
بڑا رنج اونکی جُدائی کا تہا

زبانِ مبارک سی بولی یہہ شاہ
مری وہ دل و جانسی تہی خیرخواہ

رفیقِ دلی مونس و غمگسار
مری نور پر تہی وہ دلسی نثار

وہ یون اوٹہی جسطرح ای کبریا
سرِ شہ سی ہو دُور ظلِّ ہُما

قوی ہونگی اب دشمنِ دین بہت
نکالینگی ایذا کی آئین بہت

رحلت کرنا جناب خدیجہ کبریٰ بانوئی محترم رسول خداؐ سیّد انبیا کا

فلک کی بہی گردشکی ہین طرفہ طور
بدلتا ہی یہہ رنگ پل پل مین اور

دکہاتا ہی تازہ ملالِ جگر
دو بالا ہی اسّی کلالِ جگر

کبہی وصل ہجرت دکہائی کبہی
ہنسائی کبہی اور رولائی کبہی

کبہی شمع کو سوز دیتا ہی یہہ
کبہی جانِ پروانہ لیتا ہی یہہ

بصد صدق دل لائی ایمان وہ | خوشی سی ہوئی پہر مسلمان وہ
ہوا عالم جاودانی نصیب | رخ حق سی رازِ نہانی نصیب
رسولؐ خدا بہی ہوئی اشکبار | کہا بخشدی انکو پروردگار
اوڑانی لگی حاضرین سر پہ خاک | گریبان و دامن کئی روکی چاک
علیؑ سی محمدؐ نی فرما دیا | اونہین باپکا اونکی پرسا دیا
جو لایق تہا تجہیز و تکفین ہوئی | تو شرع محمدؐ خوش آئین ہوئی
دیا غسل تابوت مین بہی رکہا | بہت حزن و غم مرتضیٰ نی کیا
رسولؐ خدا پیش تابوت پاک | اقارب تہی ساری گریبان چاک
مع اہلِ اسلام و خویش و رفیق | مع مونس و یاورانِ شفیق
روان گردِ تابوت سب اشکبار | نبیؐ و علیؑ و عزیزان و یار
غرض دفن کرکی پہری شاہ دین | بصد حسرت و یاس اندوہ گین

نہ ہرگز کبہی ایسا ہوا تفاق
بڑہی جسّبی آپسمین شرّ و نفاق

وصیّت یہہ ہی تیسری لاکلام
حمایت ضعیفون کی کرنا مدام

ستانا نہ لوگونکو ہونبد جہوٹ
دل یکسان تاکہ جائین نہ ٹوٹ

تلف کیجیو مال مردم نہ تم
عیان کیجیو حال مردم نہ تم

محمّدؐ کی طاعت مین رہنا دوام
انہین کی حمایت مین کرنا قیام

یہہ دین پہیلی گا ہفت اقلیم مین
جلین گی عدو آتش بیم مین

اجل نی مجہی آہ فرصت ندی
تاسّف رہا اتنی مہلت ندی

نصایح یہ میری عمل کیجیو
جو کچہہ آج سنتی ہو کل کیجیو

کیا سمت حق اپنا روی مُراد
مرض بڑہ گیا اونکا حد سی زیاد

تجاوز ہوا ضعف مین اسقدر
نتہی پہر سر و پا کی مطلق خبر

وہان پر تہی موجود خیر الانام
پڑہا یاد و نہین کلمہ دین تمام

جو ثابت ہوا اونکو ہنگامِ فوت | جو آئی لگا دل کو پیغامِ موت
کیا سب عزیزوں نکو ہشیار تب | بُلائی قبائل کی سردار سب
کہا سبسی ای نامدارانِ صاف | خطا جو ہوئی ہو وہ کرنا معاف
مجھی موت کا آچکا ہی پیام | یہ ہی رسمِ دُنیا ہوا مین تمام
ہمیشہ کوئی شخص رہتا نہین | رُخِ رنج دانستہ سہتا نہین
فنا سب ہین باقی ہی ذاتِ خدا | فنا سی تو بہتر ہی دارِ بقا
مری بعد نیکی رہی میری یاد | مری رُوح جنّت رہی بامُراد
نصائح سُنو تم مری کانسی | نہ غافل رہو اوسکی سامانسی
یہہ پہلی وصیّت ہی اخلاص و عام | ہمیشہ رہی پاس بیت الحرام
جو تم خادمِ خانۂ پاک ہو | مناسب نہین ہی کہ بیباک ہو
نصیحت یہہ اب دوسری ہی سُنو | رہی اتّحادِ دلی دوستو

وہ تاب و تواں طاقت و صبر و ہوش
وہ صورت وہ سیرت وہ جوش و خروش

شجاعت سخاوت وہ عقل و ہنر
وہ شوکت وہ ہمّت وہ تیغ و سپر

وہ زینت ملاحت وہ رخسار کے
صفا اور رنگت وہ رخسار کی

وہ شوخی وہ گرمی وہ ناز و حیا
وہ انداز و آئین شجاعت نما

سبھی چل چکی اب وہ حالت کہان
جلالت کہان ہی وہ ہیبت کہان

لکھا ہی ابو طالب نامور
علالت مین رہنی لگی بیشتر

مرض وہ قوی ہو گیا آہ آہ
نہ وہ رنگ و روغن رہا آہ آہ

دوا ہی ہوئی اور اکثر علاج
نہ ٹھہرا کسی طرح اونکا مزاج

کوئی شی اثر اونکو کرتی نتھی
غذا ہی گلی سی اُترتی نتھی

وہ ناخن جو تھی رشکِ روئی ہلال
مرض سی ہوئی بڑہکی بدرِ کمال

پسِ پشت بستر سی مل مل گئی
کمر تارِ مسطر سی مل مل گئی

کرین سرو پر قمریان آہ آہ ‏ نمایان ہو کو کو فغان آہ آہ

ملی خاک مین سرو باغِ بہار ‏ تعب مین رہی سنبلِ پیچدار

خزان دیدہ ہون سرو و شمشاد و گل ‏ سرِ شمع لالہ ہو گلشن مین گل

رہی غم سی سروِ صنوبر کرخت ‏ مصیبت ہو گلچین گلشن کو سخت

جہکی غمسی سروِ سہی گلبدن ‏ خزان خشک کرتی ہی روئی چمن

رہی بی ثمر نخلِ باغِ مراد ‏ نہ گلزار و بلبل مین ہو اتّحاد

ہو تصویرِ غم شیر بیشہ دلیر ‏ دد و دام ہون اپنی جینی سی سیر

رہی کچہہ نہ تیاّری و فربہی ‏ بدی پہر نہ دکہلائی روز بہی

کمانِ کیانی کہلونہ بنی ‏ جو خم آئی ترکش مین دونہ بنی

نشانہ ہوا موت کا ہر جری ‏ نہ رستم رہا نہ رُخِ سامری

طبیبون کی آئینسی حاصل نتہا ‏ ہوا مضمحل بر مین وہ دل نتہا

وہ سب کہتی تہی رنج و آلام مین
خدائی محمدؐ کی یہہ کام ہین

رحلت کرنا حضرت ابوطالب کا عالم فانی سے جہان جاودانی کی طرف

مئی غم پلا ساقیِ نعرہ زن
دریدہ رہی نشئہ مین پیرہن

گریبان کرون تا بدامان مین چاک
کرون شانہ آسا دل و جان مین چاک

شبِ تیرۂ ہجر بے آس ہو
دلِ صبح رنجش مین وسواس ہو

زمانے مین ہو روز روشن سیاہ
شبِ ماہ بہی مثل آہن سیاہ

شگفتہ نہو غنچۂ دل کہین
فزون روی حنظل سی ہو انگبین

اُڑائی صبا خاک گلزار مین
چہدا ہو گلِ نسترن خار مین

خلش باغبانِ چمن کو یہہ ہو
کہی چشمِ نرگس کو تا عمر شو

جلی شمع پروانہ کی یاد سی
تو پروانہ ہو اوسکو بیداد سی

ملی صورتِ باغبان خاک مین
رہین خوشہ چین باغکی تاک مین

ہین سب نامداران عالی تبار | بس اب رحم کیجئی کہ ہین بیقرار
گہرونمین پہر اب اپنی آباد ہون | مزا ہی یہہ قصّی نہ پہر یاد ہون
ہوئی اہل اسلام خوش اور کہا | خوشا مرحبا مرحبا مرحبا
خطا بخشوا کر روانہ ہوئی | وہ محکوم شاہ زمانہ ہوئی
محمدؐ مہر اک سی جو مالوف تہی | بدستور دعوت مین مصروف تہی
مگر جاہلان سیہ قلب و رو | نہ باز آتی تہی زشت رو تندخو
جو کرتی تہی حیلہ شہ پاک سے | بلا اونپہ آتی تہی افلاک سی
بدیکا جو کرتا تہا دل مین گمان | سزا اوسکو ملتی تہی فوراً وہان
کسی کی کبہی شل ہوئی دست و پا | کسیکو تب آئی کوئی مرگیا
ہلاکت کی سامان ہونی لگی | نصیبون کو اپنی وہ رونی لگی
دعائی محمد نہ خالی گئی | زمین سی وہ تا چرخ عالی گئی

غضب سی ابوطالب نامور
لگی کرنی نفرین جفاکار و نپر

زبیر اور سب وے ستون نی وہان
کہا جانی دیکھی یہہ ہین بدگمان

یہہ ہین بیوفا ہمتو ہین باوفا
گنہگار ہین ہم کرین گر خطا

کیا سامنی اونکی نامیکو چاک
مسلمان ہوئی ثنا ویسی فرحناک

امان خواہ پیش نبی وہ چلی
رخ عہد تلوون تلی سب ملی

ابوجہل تو زرد رو ہو گیا
سیہ کار وہ مو بمو ہو گیا

مطیع ابوجہل شرمندہ تہی
بباطن مری گو وہ سب زندہ تہی

رہ کو وہ جسوقت پائی قریب
ہوئی اوسمین داخل قریب حبیب

ابوطالب نامور ساتہہ تہی
وہ سبکو حضورِ نبی لیگئی

بیان سب کیا مو بمو حرف حرف
ہوا تہا جو کچہہ ماجرائی شگرف

نبی سی ہوئی سبکی سب عذر خواہ
کہا بخش دیجئی ہماری گناہ

چلو عہد نامی کو اب وا کرین
اگر راست ہو تمسی پہر کیا کرین

کلامِ محمدؐ نہین ہی دروغ
نہ جہوٹو نکا ہوگا و ہان پر فروغ

اگر جہوٹہہ ہوئی محمدؐ کو دون
جو یہہ سچ ہوئی تو احمدؐ کو دو

کلامِ نبیؐ راست ہوئی اگر
عداوت سی باز آؤ ای اہلِ شر

بڑی ہمدگر خوب سا اتفاق
کرو ترک آپس کا شرّ و نفاق

سبہون نی بدل کر لیا یہہ قبول
جو سمجہا یا تفصیل سی با اصول

جو کُشقف حرم سی وہ کاغذ کہُلا
سوا نامِ حق کی نہ کچہہ اور تہا

ہوئی محو یہہ دیکہہ کر ماجرا
سر و نکو خجالت سی نیچا کیا

ہوا شاد و خرّم و لیکن زُبیر
معاند سی کرنیلگا دل مین بیر

مگر اک ابو جہل و جاہل گئی
کئی بنجر دا و ر غافل گئی

وہ ثابت قدم تہی بد بکی طرف
نہ آتی تہی ہرگز نبیؐ کی طرف

اوٹھی پھر تعظیم پہر سبکے سب — بٹھایا اونسی رکھی بند لب

دلون مین یہہ تجویز کی ایکبار — فقیری سی یہہ ہوگی اب بیقرار

اگر آئی ہین پھر صلح و صفا — بہت فائدہ ہی ملا مدعا

نبی ﷺ کو اگر ہمکو دین بیدرنگ — کرینگی کبھی پھر نہ ہم انسی جنگ

ابو طالب نامور اس طرف — تکلم کنان یون ہوئی پھر صف

کہا اونسی ای سرکشان قریش — جو کرتی ہو تم ہمسی اب کین و طیش

نہین کچھہ ضرور اوسکی تفصیل ہو — مناسب نہین سبکی تذلیل ہو

کہ واقف ہو خود اپنی کردار سے — تمہین علم بہی ہی گل و خار سے

پیام اب یہہ لائی ہین روح الامین — کہا ہی محمد ﷺ سی ای مشرکین

جو نامہ تہا کعبی مین لٹکا دیا — جو اقرار کاغذ پہ وہ ثبت تہا

فقط اوسمین باقی ہی نام خدا — وہ اقرار سب کرم خوردہ ہوا

جو سنتا تہا دل سی کلامِ زبیر ‏ ‏ وہ کرتا تہا تائیدِ نامِ زبیر

جو چیچا کا کہڑا تہا وہ تہا کینہ جو ‏ ‏ بہت زشت تہا وہ سگِ تند خو

ابو جہل کا جو طرف دار تہا ‏ ‏ وہ دینِ محمدؐ سی بیزار تہا

ہوئی دونون جانبسی جب قیل و قال ‏ ‏ قضیہ نی پایا نہ کچہہ انفصال

یہہ جہگڑا فقط اک بہانہ ہوا ‏ ‏ ہر اک اپنی گہر کو روانہ ہوا

مگر کہتا تہا ہمرہون سی زبیر ‏ ‏ کہ فیصل کرونگا مین کل کارِ خیر

سحر کو غرض یوسفِ آفتاب ‏ ‏ برآمد ہوا چاہ سی بی نقاب

قرینِ حرم سب اکٹہا ہوئی ‏ ‏ وہ مفسد جو تہی جمع یکجا ہوئی

یہہ تقریرین تہین کیا کرین کیا کرین ‏ ‏ یونہین رکہین یا عہد پارا کرین

ابو طالب نامور ناگہان ‏ ‏ ہوئی داخلِ محفلِ مشرکان

اونہین دیکہکر سب پشیمان ہوئی ‏ ‏ یہہ ہیبت سی دلمین ہراسان ہوئی

تو عف عف لگا کرنی وہ مثلِ سگ — کہا جو کوئی ہوگا مجھسی الگ

اوسی دونگا اسباتکی مین سزا — نچھوڑونگا پھر تا بروزِ جزا

تھا اک شخص اوسجا بنام زبیر — جو کرتا تھا باغِ جہالت کی سیر

ابوجہل اوسی یہہ کہنی لگا — یہہ کہتا ہون مین تجھسی اب برملا

سُن اسکواری بیخرد ای زبیر — کرونگا بہت اس سخن سی مین بیر

تنِ عہد نامہ کری جو کہ چاک — دباونگا اوس شخص کو زیرِ خاک

رخِ زندگی جسکو ہو ناگوار — کری جاکی وہ دینِ غیر اختیار

زبیر اس سخن سی ہوا خشمناک — کہا کیا کہا تیری مونہہ مین ہو خاک

جو آشفتہ ہوکر دیا یہہ جواب — ابوجہل کہانی لگا پیچ و تاب

یہہ رنجش وہان سو بسو ہو گئی — خصومت بہری گفتگو ہو گئی

جو مائل طرفِ خیر کی ہو گیا — کلام زبیر اوسنی دل سی سُنا

نرالی نکالی ستم اور کچھ
نظر آ گئے طور بیطور کچھ

جو کچھ بیچتا تھا کوئی اہلِ دین
اوسی چھین لیتی تھی ملکر لعین

کبھی قیمت چیز دیکر دو چند
رُخ غلّہ کرتی تھی ہر اک پہ بند

صعوبت یہہ جب اہلِ دین پر ہوئے
نہ غلّہ ملا اور نہ جنس اونکو دے

فقیر و غنی ایکسان ہوگئی
جو بھوکی ہوئی نیم جان ہوگئی

زیادہ ہوئی حد سی آزار جب
فزون ہوگئی ظُلم اشرار جب

کیا رحم پھر بعض کفّار نی
کیا مشورہ قومِ عیّار نی

مناسب نہین ظلم اب اسقدر
محمدؐ سی اتنی نہو بی خبر

بس اب نقضِ عہدِ ستم ہی ضرور
بہت کرچکی ہم جہانمین غرور

چلو عہد نامہ کرین چاک چاک
بڑی رنج مین ہی شہنشاہ پاک

ابو جہل نی جب سُنا یہہ کلام
حمایت کا احمدؐ کی آیا جو نام

نہ خالی ہون دشنامسی اونکی نام ۔ بغیر از عداوت نہو کچھہ کلام

ترازو اوٹھائی نہ پلہ کوئی ۔ نہ بیچی وہان جاکی غلّہ کوئی

نہ بیچی کوئی شی محمدؐ کی ہاتھہ ۔ نہ آئی کوئی چیز احمدؐ کی ہاتھہ

نہ اصحاب کی ہو مدد اک ذرا ۔ کہ تا تنگ اونکا ہو سب جو صلا

اسی بات پر ہوگئی کاربند ۔ پڑی پھرتی تھی سب وہ ہتھیار بند

ہوئی جب بہت اپنی آپس مین دق ۔ تو چالیس کافر ہوئی متّفق

قسم کھاکی سبنی کیا ایک عہد ۔ کیا اسم پی نفس خود روئی شہد

لکھا عہدنامہ پھر اوس باتکا ۔ سیاہی پہ جسکی گمان راتکا

کہ اصحاب احمدؐ کو زک دیجئی ۔ جو بیہودگی ہو وہ سب کیجئی

جو مُہر اوسپہ چالیس کی ہوچکی ۔ گواہی بھی دس بیس کی ہوچکی

اوسی جاکی کعبی مین لٹکا دیا ۔ اور اصحاب احمدؐ کو کھٹکا دیا

یہی مشورہ سب نی باہم کیا | سب اسباب اوسجا فراہم کیا
جبل کو رُخِ طور و ایمن کیا | نہ آئی کوئی خوب قدغن کیا
مسلّح مکمّل بہادر جوان | بنی کوہ پیکر ہوئی پہلوان
پیمبرؐ کی سب سی اعانت ہوئی | رسولؐ خدا کی حفاظت ہوئی
حفاظت مین نوبت بہ نوبت رہے | وہ ہشیار سب باشجاعت رہے
نہ رہتی تہی اک جا رسولِ خدا | ٹہرتی نہ تہی دو پہر سی سوا
یہہ اسواسطی سامعِ خوش اُصول | رہی اونسی چہپکر خدا کا رسولؐ
عدو جان جائین نہ مسکن کہین | نہ پہنچین اودہر تیغِ آہن کہین
نہ جائی محمّدؐ کہین پائین وہ | اگر آئین محروم پہر جائین وہ
سُنا جبکہ کفّار نی انتظام | تو آپس مین کرنی لگی یہہ کلام
ہی ہم سبکا یہہ مشورہ لاکلام | کرو ترک اب انسی رسمِ سلام

بس اوس کوہ کی ایک ہی راہ ہی — نہین چھوٹی اچھی بڑی راہ ہی
مناسب ہی احمدؐ وہین پر رہین — معاند جو ہین سب وہ باہر رہین
پہنچ جائیگی جبکہ نوبت بجنگ — کرینگی وہ رہ بند ہم بیدرنگ
کہ تا جنگ بس ایکجانب سی ہو — مناسب یہی ہی یہی تم کرو
لڑائی بس اک سمت کی خوب ہی — وہان ایک جانب خوش اسلوب ہی
پسند آگیا یہہ سخن بولی واہ — ہزار آفرین کیا نکالی ہی راہ
مگر بولہب شدّتِ کُفر سی — نہ آیا نہ پہنچا قرینِ شاہ کی
ابیطالبِ نامور نی کہا — سرانجام جلدی ہو اس امر کا
نہ کچھہ دیر ہو اب کرو اہتمام — منافق نہ سمجھین ہمارا یہہ کام
وہ واقف نہون کوہ کی راز سی — وہ آگہہ نہون اوسکی انداز سی
کیا آخرش سب نی یہہ اہتمام — مہیّا کیا غلّہ اوس مین تمام

کہا سبنی آپسمین ہوا اک زبان — نہ دینگی ہم اونکو وہ ہین بدگمان

نہ قاصر ہین ہم آپکی حکم سی — نہ باہر قدم آپ کی حکم سی

نثارِ محمدؐ کرین گی یہہ سر — تن و جان و دل ہین سب اونکی سپر

مخالف کی کثرت اودہر ہی بہت — اودہر خیر اوس سمت شر ہی بہت

مگر اسکی تدبیر ہی اب ضرور — کرینگی نہ ہم اسمین ہرگز قصور

ابو طالبِ نامور نی کہا — کہ صد آفرین مرحبا مرحبا

بہت خوش ہوئی فکر احباب سے — وہ راضی ہوئی اونکی آداب سے

کہا قبضی مین اک ہماری ہی کوہ — حقیقت مین وہ کوہ ہی پرشکوہ

عجب کوہ ہی وہ نہایت رفیع — بڑا غار ہی اوسکی اندر وسیع

حصانت متانت مین ہی بی نظیر — ہی سوراخ بہی اوسمین بدر منیر

فقط ایک روزن ہی اوسکوہ مین — جہان بہر کا دامن ہی اوسکوہ مین

کہا مجھکو اسمین نہین کچھ دریغ | رکھونگا گلوئی عدو زیرِ تیغ

اشاریسی اونکی ہوئی جمع سب | بنی ہاشم اور وہ بنی مطّلب

قبیلی بہی اونکی ہوئی ایک جا | بنی تہی عجب محفلِ عیش زا

بڑی فخر سی اور عزّتکی ساتہہ | محبّت مودّت مروتکی ساتہہ

بٹہایا اونہین اور کہولی زبان | عیان سب کئی رازہائی نہان

کیا اونسی ارشاد ای سحرمو | خصومت محمّدؐ سی ہی خلق کو

وہ آمادۂ جنگ بالکل ہین سب | چراغِ قرابت بہی اب گُل ہین سب

ہوا اونکا دو امر پراب قرار | محمّدؐ کو دو یا کرو کارزار

صلاح قبائل اب اسمین ہی کیا | مجہی کرنا کیا چاہئی برملا

محمّدؐ تو مجھکو بدل ہین عزیز | مگر اہلِ کین ہین بہت بدتمیز

بہتیجیکو کیونکر حوالی کرون | مین اس غمسی کیونکر نہ نالی کرون

جدا ہوا گر تن سی میرا یہہ سر ‏ ‏ مجھی کچھہ نہین ذرّہ خوف و خطر

مری ساتھہ فضل الٰہی رہی ‏ ‏ نصیبِ عدو روسیاہی رہی

وہ حافظ ہی ناصر ہی اور یار ہے ‏ ‏ خدا میرا ہر دم مددگار ہی

مری پاس اعوان و انصار ہین ‏ ‏ شجاع و جری باوفا یار ہین

کرین وہ اگر سر بہی میرا جدا ‏ ‏ مگر ہوگی تعمیل حکم خدا

نہ پہیرونگا سر حکم اللہ سے ‏ ‏ ہٹین گی قدم اب نہ اس راہ سی

اگر ہو سکی آپسی بند و بست ‏ ‏ کرین یاوہ گوئی نہ یہہ بت پرست

نہین حکم حق مین اطاعت کرون ‏ ‏ جو پوشیدہ سب سی عبادت کرون

ابو طالبِ نامور نی سُنا ‏ ‏ بہت خوش ہوئی اور کہا مرحبا

طبیعت مری تو نی کیا شاد کی ‏ ‏ دعا بھرِ احمدؐ پہر ارشاد کی

شگفتہ ہوا خاطرِ نامور ‏ ‏ محمدؐ کی دلسی ہوئی وہ سپر

یعنی دل

یہہ کہکر وہانسی وہ رخصت ہوئے
بچشمِ خرد بتحقیق ہوئے

ابیطالبِ نامور نی وہین
بلایا محمدؐ کو اپنی قرین

کہا جانِ عم اب حفاظت کرو
تقیہؐ کرو جب عبادت کرو

حقیقت سی سب مطلع کردیا
نصیحت سی بہی گوشِ دل بہردیا

کہ ہین سبکے سب قتل پر مستعد
اونہین ہوگئی ہی بہت ہمسی ضد

لڑائیکی بالفعل صورت نہین
کسی سی امیدِ حمایت نہین

مناسب ہی موقوف دعوت کرو
تبونکی نہ تم اب شکایت کرو

مہیّا ہون اعوان و انصار جب
مسلّح مکمّل ملین یار جب

تو پہر جنگ مین کچہہ نہ تاویل ہو
نہ سستی نہ نرمی نہ کچہہ ڈہیل ہو

کہا سرورِ پاک نی ای چچا
مجہی حکم افشا ہی اس راز کا

تہا حکم افشا عبادت کا جب
بجا لایا اخفا وہ سب حکمِ رب

جو لی لیوین احمد سی ہم انتقام ‏ تو پہر ایسی کچہہ نہ رہین گی کام

فقط آپکی پاس و آداب سی ‏ لحاظ و مروتسی اور داب سی

عمل مین مکافات آئی نہین ‏ بُری عقل مین بات آئی نہین

نہین تین باتین ہین وہ مانئی ‏ تو پہر ہمکو محکوم ہی جانئی

یہہ ہی عرض اوّل شکایت نہو ‏ کسیکی یہان ہمپہ بدعت نہو

یہہ عرض دویم ہی نہ سنئی اگر ‏ محمدؐ کو دیدیجئی جائی شر

جو یہہ دو نو عرضین پذیرا نہون ‏ تو ہم چاہتی ہین کہ رسوا نہون

لڑینگی بلا خوف ہم آپسی ‏ ندیکہین گی اب یہہ ستم آپسی

ہمین آپسی جنگ منظور ہی ‏ کہان صُلح کا لفظ مذکور ہی

اگر آپ مین طاقت جنگ ہی ‏ بلاشک یہان بہی یہہ آہنگ ہی

بیابان نہ جائیگا خون جگر ‏ گلی اپنی کٹوائینگی بی خطر

جو یہہ تقویت دیکھی اس دنمین | تو سُستی ہوئی اونکی آئین مین

رہا کچھہ دنون اور چند ہی طور | کبھی خلوتین اور کبھی حیلی اور

کیا شور رہ اور رہا غضب وہ اٹھہ گئے | کہا بیٹھکر گاہ سب اوٹھہ گئے

کبھی کہتی تھی کیا غضب ہو گیا | دوبالا ملال و تعب ہو گیا

نبیؐ نی ہمین سب مین رسوا کیا | کہانتک بتائین کہ کیا کیا کیا

محمدؐ کی نزدیک معیوب ہین | وہ غالب ہوئی ہم تو مغلوب ہین

اودہر سی ہی سب بدعتونکا رواج | بتونکا ہوا دیکھا کیا حال آج

بس اس زندگیسی تو مرجائین ہم | کہان بھاگ جائین کدہر جائین ہم

بقدر ذکا کرکی اک غور و فکر | چلی تا کرین ان جفاؤن کا ذکر

قرین ابی طالب نامور | ہوئی جمع وہ سبکی سب آنکر

کہا اب محمدؐ کو دیدا لئی | گئی بار بٹالا نہ اب ٹالئی

غضبناک شیرِ درندہ کی شکل
تہمتن جری لیثِ زندہ کی شکل

بغُصّہ رکھا ہاتھہ شمشیر پر
کمانکی نظر جا پڑی تیر پر

غضب سی یہہ سہمی دلِ مشرکان
پریشان ہوئی مثلِ گردِ روان

نہ باقی رہا جب کسیکا نشان
ہوئی داخلِ کعبۂ دین جوان

وہ سب بیٹھی تہی مسجدِ پاک مین
نتہا خوف کچھہ جانِ بیباک مین

صدا جب ہوئی شہ کی تکبیر سی
زمین پر گری بُت بہی تقدیر سے

جھکی بہر سجدہ زمین پر وہ بُت
ہوئی خاک خوردہ وہین پر وہ بُت

نمازِ جماعت ادا ہو گئی
صحابہ سی شکلِ وفا ہو گئی

محمّد پہری خانۂ پاک مین
لَعین جا چھپی منزلِ خاک مین

بنی مثلِ نمرود وہ روسیاہ
کیا آتشِ غم نی اونکو تباہ

وہ سوزندہ تہی شمع سان بغض سے
سُلگتی تہی سب ہر زمان بغض سی

پڑین تجہہ پہ پتہر بتا کیا کیا — اری سنگدل تونی رسوا کیا

ہئی کینہ خواہی گیا تہا پہر — رُخِ بُوم ہو کر پہر انا مو

بتونکی محبت سی تہا سرفراز — مگر تو شرارت سی آیا نہ باز

عُمر نی کہا اب مُسلمان ہوین مؤمنین — خُدا کی قسم اہلِ ایمان ہوی مؤمنین

اگر اور اِرادی سی تم اؤ گے — سزا پاؤگی سب سزا پاؤ گے

تصوّر جو واہی کوئی لائیگا — سر اپنا نہ پہر جسم پر پائیگا

جو دیکہا یہہ کُفّار نی ماجرا — ہوا تنگ ہر ایک کا حوصلا

اِدہر تہا سبہونکو جماعت کا قصد — رکوع و سجود و عبادت کا قصد

دلِ اہلِ کین مستعدِ جنگ پر — رگڑتا تہا خنجر کوئی سنگ پر

کہا اہلِ اسلام نی سخت و سُست — کیا اہلِ شر کو زبان سی درست

نہ باز آئی اسپر بہی جب بُت پرست — مُسلمانون نی یہہ کیا بند و بست

روان اور اصحاب گرد و پیش　　وہ ہشیار و چالاک با کار خویش

سبھی دوش با دوش پروانہ وار　　رخِ دل سے اوس شمعِ دین پر نثار

جو پہلو بہ پہلو روانہ ہوئے　　فرحناک شاہِ یگانہ ہوئے

نمایاں ہوا جبکہ بیت الحرام　　مقاصد دلی سب برائے تمام

یہ دیکھی لعینوں نے شان و شکوہ　　ٹلا پاؤں سے صبر کا اونکی کوہ

حرم کا جو رتبہ گیا عرش تک　　عدو دیکھکر رہ گئے سب بھچک

یہ شوکت رسولِ خدا کی ہوئی　　کہ بربادی اہلِ جفا کی ہوئی

ہوا بغض سے سب دلونکو ملال　　وہ آپس میں کرنے لگے قیل و قال

بڑہا اونمیں سے اک بہ پیشِ عمر　　کہا تجھپہ لعنت ہے اے بیخبر

اودہر ملگیا جا کے اے بدنہاد　　ارے سرکشی اپنی رکھنا تو یاد

ارادہ کیا کیا ارے بد نصیب　　رقیبِ نبی دشمنون کا حبیب

کھلی حال کچھہ رتبۂ شاہ کا — مرقّع بنی شکلِ ذیجاہ کا

بفضلِ خدا و بتائید رب — چلی کعبہ کو شاہِ عالی نسب

بشان و شکوہ و بہ لطفِ خدا — سرِ پاک پر سایہ جبریل کا

ملک پیش و پس اونچا پایہ کئی — سرِ شہ پہ جبریل سایہ کئی

پرونکو ملک سرپہ کھولی ہوئی — چپ و راست گنبد ونکو تولی ہوئے

فرشتی چپ و راست ہمراہِ شاہ — ستارونکی ہمرہ بنی شکلِ ماہ

ملائک جو ہین مہتمم ہو گئے — دلِ اہلِ دین سبی الم دُہو گئی

فرشتی جو کہتی تہی ہشیار باش — دلِ اہلِ کین ہو گئی پاش پاش

قرینِ نبیؐ حمزۂ نامدار — اور آگی رواں شاہِ دُلدل سوار

وصیِّ نبیؐ شہسوار و دلیر — علیِّ ولی ابنِ عم مثلِ شیر

عمر ابنِ خطاب پیشِ علیؑ — حمائل کئی تیغ کین سے خفی

بس اوسنے وزیسی زور احمد بڑہا
او سیدنسی دینِ محمد بڑہا

ہوئی خوش جو اِس سی سب اصحابِ دین
یہہ کیعرض سبنی نبیؐ سی وہین

یہہ دل چاہتا ہی عبادت کرین
حَرم مین نمازِ جماعت کرین

دیا حکم خیرُ البشرنی اوید نہین
اجازت بہی دی راہبرنی اونہین

تشریف لیجانا سیدِ عالمکا آشکارا طاعتِ خدا کیواسطی بیت الحرام مین اور بیدل ہنو کافرونکا

کدہرہی تو ای راویِ خندہ رو
کدہرہی تو ای گریۂ باوضو

کدہرہی تو ای غیرتِ آفتاب
کدہرہی تو ای گردۂ ماہتاب

کدہرہی تو ای سروِ نازکبدن
کدہرہی تو ای قمریِ خوش سخن

کدہرہی مہِ بُرجِ نام آوری
کدہرہی جمالِ شہِ خاوری

کدہرہی مہ آسمانِ کمال
کدہرہی رُخِ مہر روشن جمال

کدہرہی رُخِ مہ جبین رشک ماہ
کدہرہی سر مہر گردون کُلاہ

تفکّر میں اصحاب اس سی ہوئے ... الم دیں احباب اس سی ہوئے

تہمتن جری باوفا و دلیر ... جو حمزہ تہی پیشِ نبیؐ مثلِ شیر

یہہ فرمان اونہون نی دیا ایکبار ... درِ پاک کہولو نہو بیقرار

جو بدخواہ یہہ ہو سزا اسکو دو ... اگر خیرخواہی ہمیں ہی چپ رہو

بصدقِ دل آیا ہی گر مرحبا ... جو ہو وہ نبی کی سپر مرحبا

دغا ہی اگر جسمِ ناپاک مین ... ملاؤنگا اوسکو ابہی خاک مین

کرونگا جدا سر ابہی تلوار سی ... جلاؤنگا برقِ شرربار سی

کہ ناگہہ درِ پاکِ سرور کہلا ... رخِ خیرِ خیر مہرِ انور کہلا

عمر دست بستہ ہوا عذرخواہ ... لگا کہنی تمکو مبارک ہو شاہ

بیان کرچکا جب ثنائی رسولؐ ... کہا ایک ہی ہی خدائی رسولؐ

بغل گیر اوس سی ہوئی شاہِ دین ... ہوا قطع تہا یا بجائی قرین

قسم کہاندی اوسکو ایذا اگر — بلا لون اوسی ای سگِ نامور

عُمر نی قسم کہائی اور یہہ کہا — نہ بولونگا اوسی بہلا ری بہلا

تو اک شخص آیا بنامِ حباب — وہ تہا اہلِ سلام عالیجناب

پڑہا اوس نی آکر کلامِ خُدا — اثر اوسکا دلپر عمر کی ہوا

عُمر مطّلع تہا نہ انجام سی — مُشَرَّف ہوا دینِ اسلام سی

بہن اور بہنوئی اور وہ حباب — چلا اُنکی پیشِ رسالتمآب

وہ پہنچا جو دولتسرا کی قرین — معہ خواہر و شوہرِ خواہر حزین

تو دیکہا نہ یار اور نہ فرزند ہی — درِ خانۂ احمدی بند ہی

صدا دی پکارا عمر اور حباب — ہم آئی جنابِ رسالتمآب

نظر کی کسینی پسِ پُشتِ در — عُمر خود مسلّح پہر آیا نظر

نبی صلعم کی عرض ای باصفا — مُسلّح مکمّل عمر ہی کہڑا

سنا ایسا کسنی کلامِ فصیح | لطیف و عجیب و غریب و ملیح

بشر سی یہہ تصنیف کب ہوسکی | یہہ شاعر سی تالیف کب ہوسکی

سُنا مینی دلکو یقین ہو گیا | جو وسواس اور شبہہ تہا کہو گیا

عُمر نی کہا ہان تجہی یاد ہی | پڑہ اوسکو سُنون کیا وہ ارشاد ہی

کلامِ خدا اسکا اوستاد تہا | پڑہا جو کُچہہ اوس ماہ کو یاد تہا

زبانِ خدا سی یہہ حیران ہوا | عمر سخت دلمین پشیمان ہوا

حرارت سی اوسکا ہوا گرم دل | کلامِ خدا سی بنا نرم دل

بہن سی عُمر نی کہا ای بُوا | سُنا تو مجہی اور بہرِ خدا

کہا اوسنی اتنا ہی بس یاد ہی | یہہ امداد امداد امداد ہی

ہمارا جو اُستاد آزاد ہی | وہ سروِ چمن رشکِ شمشاد ہی

وہ رو پوش ڈر سی ہوا ہی یہان | بہ چمن ہین تہی وہ تہا رُخِ باغبان

پچھاڑا دبایا گلا زور سی ‌ ‌ رگوں کو بخوبی ملا زور سی

یقین تھا کہ تن سی اوڑی مرغِ روح ‌ ‌ یکایک بدن سی اوڑی مرغِ روح

بہن اوسجگہہ سی چلی پیٹتی ‌ ‌ قریبِ عمر وہ گئی پیٹتے

کہا ای عمر تیرا مطلب ہی کیا ‌ ‌ عبث مارتا ہی بتا اب ہی کیا

تجھی قتل کرنا جو منظور ہی ‌ ‌ یہہ مضروب حاضر ہی کب دور ہی

ولاکن یہہ ممکن نہین ای عمر ‌ ‌ پہرین دینِ احمد سی ہم بال بہر

عمر نی جو دیکھا دلِ مستقیم ‌ ‌ ہوا اُنکی سی حالِ مین کر سقیم

کہا تونی احمد مین دیکھا ہی کیا ‌ ‌ جو تو سن رہی تہی کلامِ خدا

عبث مبتلا دین پر ہو گئی ‌ ‌ تو اب سو گئی سو گئی سو گئی

بہن نی دیا یہہ جواب ای عمر ‌ ‌ عبث دینِ احمد سی ہی بیخبر

وہان آتی ہین جبرئیلِ خدا ‌ ‌ ظہورِ نبی ہی دلیلِ خدا

نہ غل سی ڈرا اور نہ کچھہ شور سی
دبا یا گلا اوسکا بس زور سی

نفس اوسکا تنگی جو کرنی لگا
تو بی موت بہنوئی مرنی لگا

لڑائی پہ وہ بہی ہوا مستعد
جوارح بدن کو کیا مستعد

لگد مشت چلنی لگی زور سی
عیان ضرب وزد تہی ہر اک پور سی

عمر بہی زبس تہا جوانِ درشت
تو چہل چہل گئی دونوکی رو و پشت

بڑی دیر تک لات لگی رہی
عداوت بڑہی لپّا ڈگّی رہی

چہلا پوست تن کا تو مجروح گال
نچی بال ڈاڑہی کی سر لال لال

ہر اک جا سی پہٹ پہٹ گیا تن بدن
بنی جامی دونوکی شکلِ کفن

کبہی سالہ بہنوئی پر اور وہ زیر
کبہی سالہ نیچی وہ اوپر دلیر

عمر اوسکی نسبت قوی تہا زیاد
کہ تہا سنگ دل اور شقی تہا زیاد

ہوا سالہ سینی پہ آخر سوار
خفا کرتا تہا اوسکا دم بار بار

گیا اوسنی حکمِ محمدؐ قبول — دُرِ دین و قصرِ زبرجد قبول

عُمر اس سخن سی غضب مین ہوا — دلِ نحس رنج و تعب مین ہوا

ہوا لال آشفتہ رو ہو گیا — وہ بدخو تو تہا تُند خو ہو گیا

وہ ہمشیر کی گہر چلا طیش مین — گرا آگی پتہر درِ عیش مین

درِ خانہ پر جب وہ ساکن ہوا — الم سی نگاہو نمین شب دن ہوا

سُنا اوسنی دروازی پر ناگہان — کہ پڑہتا ہی قُرآن کوئی جوان

بصد رغبت و باز بانِ ملیح — بصد شوق دل وہ کلامِ فصیح

بہن اور بہنوئی سُن تی تہی پہ چُپ — سَرِ عین ادہر دلمین ہنستی تہی چُپ

زن و شو جو لیتی تہی نامِ مجید — یہہ سُنتا تہا باہر کلامِ مجید

عُمر نی جو غصّی سی دی اک صدا — تو خواہر نی دروازی کو وا کیا

غضب سی درآیا عُمر گہر مین جب — تو لپٹا وہ بہنوئی سی بی ادب

طمع کی جو رگ آگئی جوش مین
نہ عقل آئی پہر جانِ بیہوش مین

ابو جہل سی بد سیر نی کہا
قسم کہا کی تو قول دی بر ملا

کہ وعدہ سی ہرگز پہرونگا نہ مین
کیا ہی جو پیمان وہی دونگا مین

سرِ پاک احمد اگر لاؤن گا
تو سب حسبِ وعدہ وہ پہر پاؤنگا

کیا اوس لعین نی یہہ وعدہ قبول
قسم کہائی ہوگا تجھی سب حصول

ہوا جب یہہ مژدہ عمر پر عیان
چلا خانۂ پاک کو بدگُمان

سرِ راہ اوسکو مِلا ایکشخص
عُمر سی مُلاقی ہوا ایک شخص

وہ بولا تجھی علم ہی اے عمر
بہت اپنی گہر سی ہی تو بیخبر

یہہ بولا کہ کیا ہی مگر خیر ہی
کوئی شر ہوا یا کوئی بیر ہی

کہا اوسنی پہوٹی ہی تقدیر ہی
مُسلمان ہوئی تیری ہمشیر بہی

جو شوہر تہا اوسکا مُسلمان ہوا
سُنا ہی کہ وہ اہلِ ایمان ہوا

نہ تہو بڑ سی طوبی کا آئی مزا ‏ نہو زہر مین شہد کا ذائقا

نہ شارک مین بلبل کی آواز ہو ‏ نہ کشاف سی ہمزبان راز ہو

نہ فرعونِ اُمت سی موسی ہو خوش ‏ نہ اوسکی محبت سی مومن ہو خوش

نہ پیدا سرِ زاغ سی باغ ہو ‏ نہ بی عشق لطفِ رُخِ داغ ہو

یہہ لکہتا ہی اب راویِ خوش بیان ‏ جو ہونی لگا دین احمد عیان

ابوجہل ملعون نی کے ندا ‏ کری قتل احمد کو جو بی خطا

سرِ پاکِ احمد جو لائی کوئی ‏ فلک گر زمین پر گرائی کوئی

لدی اونٹ کپڑونکی دو مین ہزار ‏ ہو دیبائی مصری بہی جنبر نثار

شُتر وہ دو کوہان بچشمِ سیاہ ‏ پری صورت و سُرخ مو تیز راہ

کئی من اوسی بخشدون سیم و زر ‏ جو لائی سرِ پاک خیر البشر

عُمر ابنِ خطاب نی یہہ سنا ‏ طمع سی سرِ پُر ریا کو دہنا

نہ سنگ کو رُخِ شیرِ نر سی اثر — نہ محتاجِ آئینہ جِرمِ قمر

نہ بازو نکو ہو بلبلون سی نیاز — نہ طنبور کو چنگ و قانون سی ساز

نہ مہتاب کو روئی خور سی گزند — نہ کافی رُخِ کہکشان کی کمند

نہ پروین کو روئی زحل سی اثر — زحل کو نہ پروین سی خوف و خطر

نہو سنبلہ سی جہان بُرجِ حوت — عطارد سی پای ثُریا نہ قوت

محب سی نہو دشمنی آشکار — نہ دُشمن سی ہو شکلِ لُطف و بہار

نہ مینائی مینوش سی ہو خرد — نہ حاسد سی چھٹ جائی بغض و حسد

نہو گُرگ سی شیرِ نر آشکار — نہو بطنِ روباہ سی تخمِ مار

نہ یوسف سی ہوئی زلیخا عزیز — نہ نیکی بتائی بدی کی تمیز

نہ زاغِ سیہ سی ہما ہو عیان — نہ کنجشک سی طوطیِ خوش بیان

نہ زنگی سی ہرگز صباحت ملی — نہ ایذا سی کچھ لُطفِ راحت ملے

پہٹا سات جا سی سرِ بقرین
ہوا شق مثالِ خیارِ زمین
مکدّر ہوا اور شخصونکا دل
ہوئے دل ہی دلمین عدو مضمحل
جو تہا خوفِ شیرِ شجاع و دلیر
وہ تہی سبکی سب اپنی جینی سی سیر
گئی سب وہ با چہرہ ہائی سیاہ
گہرونمین حزین و بحال تباہ
حضورِ شہنشاہِ عالی نسب
مشرّف ہوئی حمزۂ خوش لقب
زرِ خالصِ حکم او سدن بڑہا
کسوٹی پہ دینِ محمدؐ چڑہا

کیفیّت اِسلام عُمرابن الخطّاب علیہ اللعن والعذا

نہ محمود کی ہو مقابل اَیاز
نہ گنجشک بی پر ہو ہمرازِ باز
نہ شہنائی عیش و طرب ہو دہل
نہ بد کی برابر خُجستہ عَمل
نہ میمونِ بیدُم ہو روئی اسد
نہ خنزیرِ بد کو اسد پر حسد
نہ فیلِ گران جسم کو رشکِ بز
نہ بُزسی نُمایان پلنگونکا جُز

سیہ قلب بدرو لعین شوم بخت ‎ لئیم و شقی بدگمان بوم بخت

تو بہاگا اجل تیری پیچھے پڑی ‎ وہ تجھپر پڑیگی جو ہوگی کڑی

عجب حوصلہ تونی پیدا کیا ‎ شقاوتکا آئین ہویدا کیا

رسول خدا کو سمجھتا ہی کیا ‎ دل رہنما کو سمجھتا ہی کیا

بزشتی بخواری لیا اونکا نام ‎ نجاست بہری کر چکا تو کلام

کٹی یہہ زبان تیری ای روسیاہ ‎ تو اونکا توہی ایک ہی خیرخواہ

یقین تہا وہ ملعون دیتا جواب ‎ وہ کچھہ بولتا بیحیا بی حجاب

مگر حمزۂ پاک وسفاک نے ‎ دلاور بہادر نی بیباک نے

اوسی بات کرنیکی مہلت نہ دے ‎ ذرا جاسی ہلنی کی طاقت نہ دے

کمان ایک دست مبارک مین تہی ‎ اوٹہائی وہ حمزہ نی بہر شقی

ابوجہل کی سر پہ ماری کمان ‎ سر بد کی ٹکڑی اوڑی الامان

جو دشمن کی سر پر روانہ ہوئی ‌ عدو تیرِ غم کا نشانہ ہوئی

بقصدِ عوضِ حمزۂ پاک دین ‌ چلی جانبِ دشمنِ شرمگین

جہان جمع تہی وہ عداوت شعار ‌ کیا راو یون نی جو اونکا شمار

تو ستر لعین ایکدل تہی وہان ‌ سب اک قول تہی اور سب اک زبان

جسی لوگ کہتی ہین بیت الحرام ‌ وہان جمع تہی اہلِ بدعت تمام

یہہ سروِ گلستان روانہ ہوئے ‌ خرامان خرامان روانہ ہوئے

پکاری کہ مین بہی مسلمان ہوا ‌ مری جیش ایمانکا سامان ہوا

سُنا جب یہہ حمزہ کا سبنی کلام ‌ ہوا غلغلہ بیدلی کا تمام

مسلمان جو شیر ژیان ہو گئی ‌ تو سب زرد روز عفران ہو گئی

حرارتسی غم کی ہوئی روسیاہ ‌ تب رنجسی جان و دل تہی تباہ

کہا حمزہ نی یون ابو جہل سی ‌ شقی باز آیا نہ تو جہل سی

کہ ایجانِ عم اب نہ غم کہاؤ تم
نہ شرماؤ تم اب نہ شرماؤ تم

تہون کی قسم آج آب و طعام
بغیر از عوض مجہپہ ہی سب حرام

کہا شہ نی ای عمِ عالی نہاد
مجہی ایک بات آئی اسوقت یاد

لہو دشمنونکا بہایا تو کیا
جو تلوار تک خون آیا تو کیا

نہ اسلام کیجیٔ گا جب تک قبول
لہو کا بہانا بہی ہی بیحصول

نہ کوشش سی حاصل نہ غم کا مزا
مسلمان ہو بس تم اب ای چچا

کہا حمزۂ پاک نی مرحبا
فدا ہو چچا تجہپہ ای باوفا

مسلمان وہ شیرِ بیشہ ہوا
تہون پر تبرّا کیا خوب سا

مشرّف باسلام جب ہو گئی
عدو عین بیدار مین سو گئی

بہت غیظ مین حمزۂ پاک تہی
کہ چین بر جبین بہرِ سفاک تہی

لرزتا تہا تن شدتِ قہر سی
ہوا شہد آمیختہ زہر سی

تو غیرت سی خون آگیا جوش مین
گلِ رنگ مرجھا گیا جوش مین

نبی کی طرف اشجعِ خوش خصال
ہوا تیز رو حمزۂ نیک فال

کہا جان عم اب نہ غمگین ہو
تمہاری عدو ونپہ نفرین ہو

کدہر جائینگی دشمنِ خستہ جان
تمہارا چچا آن پہنچا یہان

سزا دونگا مین دشمنونکو ضرور
تمہاری لئی اور تمہاری حضور

کہا شاہ نی حمزۂ نیک سی
ابو جہل نی جو کہ صدمی دئی

کہا ای چچا کوئی یاور نہین
مرا باپ دادا برادر نہین

مدد کون سختی مین میری کری
سوائی خدا کون حامی ہی

حسد تہا حسد تہا بجا
ابو جہل سے نے مجہپہ جو جو کیا

سنا جب یہہ حمزہ نی طرزِ مقال
ہوا اونکا غصّی سی مونہہ لال لال

ہوئی آتشِ غمسی وہ سرخرو
بہتیجی سی اسطرح کی گفتگو

بریدہ دہن مین زبان اوسکی ہو — ہلاکت مین تاحشر جان اوسکی ہو

حسد تہا حسد تہا حسد تہا حسد — وہ دشنام دینی لگا بی خرد

پیمبر نی دیکہا یہہ انداز و حال — دل خسرو دین مین آیا ملال

نہ اوسکو دیا شاہ نی کچہہ جواب — حرم مین گئی رہبر کامیاب

کسی گوشہ مین شاہ گردون مقام — امان گیر کعبہ ہوئی خوشخرام

اسی فکر سی شاہ نی لی پناہ — کری تا نہ وہ خانۂ دین تباہ

وہان دیکہتی تہی بصد کرب و طیش — پریرو حسینن اک کنیز قریش

چچا اک محمّد کی تہی حمزہ نام — بہت نیک سیرت بڑی خوشکلام

گئی تہی وہ صحرا مین بہر شکار — پہری جسگہڑی حمزۂ نامدار

ستم ہائی بو جہل با خستہ جان — کنیزک نی اونسی کئی سب بیان

سُنا جب ابو جہل کا ماجرا — وہ صبر و تحمّل شہ پاک کا

مگر آتی تہی جب کہ ایام حج | اور آپس مین ہوتی تہی ہنگام حج
جو بہر جاتا تہا اونسی بیت الحرام | رسول خدا کا یہی تہا کلام
کہ باز آؤ اب بہی نہین کچہہ گیا | بتون پر کرو لعن اک ہی خدا
جواب اونکو دیتی تہی شاعر ہو تم | کہ مجنون ہو اور ساحر ہو تم

حضرت سیّد الشہدا حمزہ عمِّ رسول خدا کی ایمان لانی کی کیفیت

روایت ہی اک روز شاہِ ہدی | رسول خدا اشرف الانبیا
تنہِ دین پئی طاعتِ بی نیاز | قرین کعبہ کی پڑہ رہی تہی نماز
ابو جہل ملعون تہا عمِّ رسول | وہان وہ بہی وارد ہوا دل ملول
زبان یاوہ گوئی پہ کر کی دراز | شقاوت سی وہ بندۂ حرص و آز
جو کینہ بہرا تہا دلِ نحس مین | خمیرِ شقاوت گلِ نحس مین
یہہ سونچا کہ بیحرمتی ہو عیان | غمِ خار سی گل ہو پژمردہ یہان

نہ موجِ کوثر رہی دل اسیر | رُخِ حور مین جان مائل اسیر

لبِ غنچۂ دل کہلا باغبان | نظر آئی روئی بہارِ جنان

ارے ساقیِ مہر تن دے وہ آب | زُلالِ مُصفّا ہو جسکا شراب

دکہایا ہی کیا لطف تاریخ نے | مزا بزمِ می مین دیا سیخ نے

لکہا ہی یہہ احوالِ خیر البشر | روانہ ہوئی جب صحابہ ادہر

ادہر روز جاری تہی احکامِ دین | بیان کرتی تہی طرزِ دینِ مبین

نہ غافل تہی شہ پند و ارشاد سی | مگر تنگ تہی کیدِ کیّاد سی

جو پڑہتی تہی آیاتِ قہر و عذاب | تو ہوتی تہی دل مشرکونکی کباب

جو نازل وہ آیات ہونی لگی | یہہ بی موت جان اپنی کہونیلگی

جہانتک چلی اونکی دست و زبان | نہ باز آئی وہ مشرک بدگمان

اونہین بیم و یاس اور نہ امید تہے | انہین حقکی امداد و تائید تہی

کرو یاد حق بی ہوا و ہوس | کسیکا نہین تم پہ اب دست رس

تمہارا جو دشمن کہین پاؤنگا | سزا خوب اوسکو مین دلواؤنگا

جو دیکھی تمہین کج نگہہ سی اگر | وہ دیدہ نکالون ہین بیخطر

سنا حکم جب اہل اسلام نی | تو مجرا کیا جھک کی خدّام نی

ہوا پادشاہ حبش شاد شاد | مسرّت بڑہی خرّمی تھی زیاد

سب اپنی عبادت سرا مین گئی | منافق مکان بلا مین گئی

منافق تھی ناچار و محروم و تنگ | اوڑا تھا ندامت سی چہرونکا رنگ

وہ نکبت سرا مین گئی تن مسا | شکستہ دل و شرمگین سوگوار

کوشش کرنا حضرت خیر البشر کا دعوت مین اور بیان ایذا و دشمنی اہل نخوت کی نسبت سیّد عالم اشرف اولاد آدم علیہ السلام

پلا ساقیا جام شیرین مجھی | کری تلخی غم نہ غمگین مجھی

نہ انکا سرِ مو بہی پاؤ گے تم | مگر قید خانہ مین جاؤ گے تم
عبث مکر سی مجھکو دہوکہا دیا | نہین اپنہ اثبات جرم و خطا
کہلا مومنون پر جو باطرب | وہ مشرک لرزنی لگی ڈر کی سب
وہ راندی گئی آگیسی مثلِ سگ | خدا جانی کسجا ہوئی پہر الگ
مخاطب ہوا بادشہ اور کہا | خوشا تم خوشا دین صلِّ علیٰ
تبسّم کنان اور حمیّت کے ساتھہ | بصدق و صفا اور مروّتکی ساتھہ
کہا اے جوانان صافی نہاد | خدا دو جہا مین رکہی تمکو شاد
زہی بخت و طالع مری خوش نصیب | محمدؐ خدا کی ہین بیشک حبیب
رہِ راست پر تم ہو کفّار گم | خوشا وہ زمین جسپہ چلتی ہو تم
مرحبا ان ہو میرے مہمان ہو | رہو گر یہان اچہا سامان ہو
پسند آئی اسجا تمہین جو مقام | بصد عیش اوسپر کرو تم قیام

شکم مین جو مریم کے آئی وہ رُوح
خدا نے خود اونکی بنائی وہ روح

اسی سے ہی روحِ خدا اونکا نام
کہ بالکل نمایان تہا خالق کا کام

نجاشی نے یہہ ماجرا جب سُنا
کہا ہے وہ بیشک رسولِ خدا

کہ جسکی خبر ہمکو عیسیٰ نے دے
نبیؐ ہے نبیؐ ہے نبیؐ ہے نبیؐ

اسیکی تو بعثت کی دی ہے خبر
کتابون مین لکہی جو ہے سر بسر

سُنا مینے یہہ محو مین ہو گیا
یہہ بے شبہہ ہے سب کلامِ خدا

مطابق ہے توریت کی سب کلام
محمدؐ کا لکہا ہے پہلے سے نام

جو سب راہب و پیر تہے رتبہ دان
وہ تصدیق شہ پر تہے رطب اللسان

ہوا بادشاہِ حبش خشمگین
بہ چڑہی تا فلک اوسکی چین جبین

بقہر و غضب اور بہ طیش تمام
ہوا کافرون سے وہ یون ہمکلام

اگر کوہ ہائے طلا لاؤ گے
و یا گوہرِ بے بہا لاؤ گے

نہ انشا ہوئی اور نہ املا ہوا
کہین کیا عدو تسی کیا کیا ہوا

نجاشی نی سُنکر دیا یہہ جواب
کلام خدا بہی پڑہو کچہہ شتاب

مہیّا ہوئی جعفرِ بی ریا
پڑہا سامنی سورۂ کاف و ہا

ہوا معجزہ صاف اوسدم عیان
فصاحت سی حیران تہی خوش بیان

ہوئی تہی یہہ محوِ سخن خاص و عام
کہ گویا دلونمین تہا لطفِ کلام

گُلی واشربی کا جو آیا مقام
نجاشی نی رو کر لیا حق کا نام

عرب راہب دیر رونی لگی
سما پر فلک سیر رونی لگی

کہا سبنی جعفر سی ای خوش نہاد
کہ عیسیٰ کی حق مین ہی کیا اعتقاد

دیا اونکو جعفر نی ایسا جواب
بنایا سخن رشکِ قند و گُلاب

کہ عیسیٰ بہی تہی روح حق بی پدر
پیمبر بہی تہی اور خیر البشر

ہوئی بطن مریم سی وہ آشکار
رسول خدا تاج فرق دیار

نماز و عبادات و حج و زکوٰۃ
ادا کرتی ہین وہ شہِ خوش صفات

عدالت کی ہر لحظہ پابند ہین
نماز و عبادت سی خرسند ہین

بُری ہین یہہ نزدیک اونکی ضرور
شراب و قمار و زنا و غرور

نہین کی کوئی بات بیجا عیان
رحیم و کریم و سخی خوش بیان

جنہین شک کچھہ اونکی نبوّتمین ہی
جنہین وہم اونکی رسالتمین ہی

کئی معجزی اونکی آگی عیان
نہین یہہ عرب مین کسی پر نہان

کلامِ خدا جو اونہین آتا ہے
زبان اوسکی کوئی نہین پاتا ہے

نبوّت کی اثبات کی واسطی
کلامِ خدا مین ہین سب معجزی

زبان وہ مشابہ بشر کی نہین
مطابق وہ اہلِ ہنر کی نہین

عرب کی فصیحون نی کی جستجو
کہ اوس طرح ہم بھی کہین مو بمو

زباندانون نی قصد اسکا کیا
نہ اک لفظ ویسا ادا ہو سکا

کبھی نور مین جسم دیکھا نہین — خدائی کیا ہی اونہین یہہ جبین

رخ سیم و اموال تاکا نہین — جہکی آنکہہ کیا دخل اونکی کہین

نہین مال کچھہ جمع اپنا کیا — رہ حق مین جو پاس تہا دیدیا

نہین مونہسی کہتی کبھی کچھہ دروغ — نہین جہوٹ کو اونکی آگی فروغ

زبان پر کبھی سحر آیا نہین — خطاب کہانت بہی پایا نہین

وہ واقف نہین ایسی آئین سی — مگر خوب آگاہ ہین دین سی

چہل سالکی سنمین یہہ ہین کمال — کسی سی نہین اونکی دلمین ملال

شریعت کی حکمونسی رکہتی ہین کام — سوا اسکی کرتی نہین کچھہ کلام

وہ مصروف دعوت ہین بہر جہان — وہ بہر اطاعت ہین بہر جہان

بتاتی ہین وہ دین و اسلام سب — خدا کی لئی کرتی ہین کام سب

وہ تلقین کرتی ہین دین مبین — سکہاتی ہین اقوام کو اپنا دین

بہت ساحر و شاعرِ خوش بیان ‌ ‌ ہین موجود اس قوم کی درمیان

سُنا تہا کسیکو نہ ہمنی نبی ‌ ‌ نہ ہرگز کسی سی ہوئی ملتجی

نہ چہوڑا کبہی جدّ و آبا کا دین ‌ ‌ کسی پر نہ آیا دلون کو یقین

سر رِشتۂ انصاف کا ہی یہی ‌ ‌ نبی ہین ہماری جو یہہ مدعی

سُنی شاہ خود واردات گروہ ‌ ‌ تامّل سی پہچانی ذاتِ گروہ

محمدؐ ہی جنکا کہ مشہور نام ‌ ‌ صفاتِ حمیدہ ہین اونمین تمام

بہت صاحبِ عدل و انصاف ہین ‌ ‌ سب اقوام سی دلمین وہ صاف ہین

تمامِ عرب مین ہین وہ راست گو ‌ ‌ امینِ جہان رہبرِ نیک خو

لقب اسّی اونکا ہوا ہی امین ‌ ‌ سُنی ہی نہین ایسی سچّی کہین

کبہی آجتک اونسی ای بادشاہ ‌ ‌ برائیکی دیکہی نہین رسم و راہ

حقیقت مین پتلی ہین انصافکی ‌ ‌ کہین وصف کیا طینتِ صافکی

نہ ثابت گنہہ کچھ ہمارا ہوا — نہ ابرو سی کوئی اشارا ہوا

یہہ سُن کہنی لگا عمرِ عاص — حقیقت مین رکھتی ہو تم اختصاص

گُمان کون تمپر یہہ لیجائیگا — توہّم کریگا تو پچتائیگا

تمام اہلِ بطحا کی سردار ہو — محمدؐ علیؑ کی تمہین یار ہو

کیا ہی مگر ترک اصنام کو — بُرا جانتی ہو تم اس نام کو

پسند اور تمنی کیا ہی جو دین — نہوگا نہوگا نہوگا نہین

اسی سی تو جھگڑا یہہ آپسمین ہی — اسیکا تو قصا یہہ آپسمین ہی

یہہ دعوا ہی وہ دین تم چھوڑ دو — رُخ اپنا ادہر سی ادہر موڑ دو

نہ مونہہ پہیرو اوسکی طرف پہر کبھی — نہ اونکی کرو پہر کبھی پیروی

سُنا جعفرِ پاک نی جب یہہ حال — تو کی شاہِ زنگی سی یہہ قیل قال

ہمارا ہی پہلی یہی دین تہا — یہی رسم تہی یہہ نہی آئین تہا

تو دی جعفر پاک نی یہہ صدا
کہ غیر از خدا سجدہ کب ہی روا

یہہ کیا رسم ہی کیسا آئین ہی
بھلا کچھہ نہین یہہ بُرا دین ہی

نجاشی نی جسدم سنا یہہ کلام
تو ہیبت سی دلکو لیا اپنی تہام

بھچک رہ گیا انکی اطوار سی
اوڑا طائر رنگ رخسار سی

بہت دلمین سہما جو تہا دہا کسی
مخاطب ہوا جعفر پاک سی

کہا آئی ہین داد خواہ عرب
کہ وہ ہمسی کرتی ہین تمکو طلب

عنایت طلب ہین وہ سب ذیشعور
بہت تحفی لائین ہین میری حضور

دیا جعفر پاک نی یہہ جواب
خطا کیا ہی ای خسرو کامیاب

نہ بہاگی نہ ڈر کر ہوئی ہین مقیم
نہ بہوکہی نہ ہم ہین بحال سقیم

نہ مقروض ہین اور نہ مفلس ہین ہم
نہ دزد اور نہ رہزن ہین ہمسی بہم

نہ چوریکی ڈر سی چہپا یا ہی رو
نہ خونی نہ ظالم نہ ہین تند خو

وہ ساغر پلا جسّے ہو آبرو ‏ وہ دے شیشہ جسّے کروں میں وضو

وہ ساغر پلا جو زمستان کرے ‏ فقط گرمیٔ دین و ایمان کرے

وہ ساغر پلا جسّے میں پاک ہوں ‏ وہ دے جام جسّے فرحناک ہوں

جو خمّار مینوش ہیں بے وضو ‏ کروں اونسے کھل کھل کے میں گفتگو

اونہیں کے ہو کفش اور اونہیں کا ہو سر ‏ اونہیں کا ہو سر اونکے حق میں سپر

بفضلِ خدا او بلطفِ نبیؐ ‏ بہ یمن و لائے علیؑ ولی

روانہ ہوئے جعفرِؑ پاک دین ‏ خدیوِ حبش سے ہوئے جب قرین

بجالائے آئین سے وہ سلام ‏ جو ہے دینِ احمد میں پہلا کلام

کہے ایک خادم نے بڑھ کر یہ بات ‏ کہ کسطرح آتے ہوائے نیکذات

یہہ بے موقع آنا نہ ہوگا روا ‏ کرو سجدہ تم چاہیئے مرتبا

نہ کیجے خلاف آپ اس دین کے ‏ رہیں ہاتھہ پابند آئین کے

اگر یہہ گلی بہی ہین زیرِ تیغ
بیابان ہم کرینگی اوسی بید ریغ

تکلّف کی پوشاک عمدہ کلاہ
پہنکر روانہ ہوئی سوئی شاہ

حکم کرنا نجاشیکا اہل اسلام کی حاضر کرنیکیواسطی اور مباحثہ جعفر طیّار کا
فرستادہ ہائی قریشکی ساتہہ اور غالب ہونا اہل ضلال کے اوپر اور مطرود ہونا کفار کا

پلا ساقیِ سیم تن وہ شراب
گلی جسکی دنکو زرِ آفتاب

وہ دی ساغرِ پاک و طاہر مجہی
کہ کیفیّتِ دین ہو ظاہر مجہی

شرابِ طہورا پلادی ذرا
مزا دینِ خوشکا چکہادی ذرا

تفنگِ مضامین سی ای ذیکرم
اُڑا دون بطِ مّی کو مین القلم

وہ ساغر عطا کر کہ سرشار ہون
تمام اہلِ دین کا مددگار ہون

وہ ساغر پلا جو رُخِ نوردی
بدنکو توان پہلو مین جوردی

وہ ساغر پلا ہو جو دل مین اُمنگ
دکہادی وہ دینِ محمد کا رنگ

کہ حاضر ہون اور ساتہہ انجیل ہو ‌ ‌ ‌ بس اس حکم کی جلد تعمیل ہو

جو عالم سر علم مین طاق تہی ‌ ‌ ‌ وہ سب حکم حاکم کی مشتاق تہی

معاً راہب دیر حاضر ہوئی ‌ ‌ ‌ معلّم جو تہی متن انجیل کی

بغل مین نہان اونکی انجیل تہی ‌ ‌ ‌ عدو کی لئی شکل تذلیل تہی

وہ صف بستہ سب بیٹہی دربار مین ‌ ‌ ‌ کہ جسطرح ڈر رہا ہو اکہاڑ مین

طلب جبکہ اصحاب ہجرت ہوئے ‌ ‌ ‌ یہہ بیخود ہوئی آپسی کہو گئی

حواس اونکی جاتی رہی خوف سی ‌ ‌ ‌ صدا بہی نہ نکلی ذرا جوف سی

اس آغاز کا سونچتی تہی مآل ‌ ‌ ‌ کہ کیا کرتا ہی دیکہئی وہ سوال

کہا سبسی جعفر نی طیار ہو ‌ ‌ ‌ اوٹہو بس خبردار ہشیار ہو

دلو مین نہو تم ذرا بہی ملول ‌ ‌ ‌ ہمین یاد ہین سب فروع اصول

رسول خدا نی جو فرمایا ہی ‌ ‌ ‌ خدا کی نظر سی جو کچہہ آیا ہی

ہوئی ہم سب آمادۂ حرب و جنگ / ندیکھا گیا یاوہ گوئی کا رنگ

نہ لائی لڑائیکی وہ ہمسی تاب / یہان آ چھپی ہین وہ بی برگ و آب

جو بطحا کی ہین نامور اور رئیس / وہ شہ کی تصدق سی ہین اونبیس

بظاہر کچھ ایسا بہانہ کیا / ہمین ہپکی سبنی روانہ کیا

یہہ بہیجی ہین نذرین ملک کی حضور / کہا ہی کہ ہم ہین بہت بیقصور

یہہ تحفی یہہ نذرین تو مقبول ہون / عواطف فقط ہمپہ مبذول ہون

وہ جاہل جو ہمکو ہماری ملین / مطالب لی جو ہین ساری ملین

نجاشی نی جسدم سُنا یہہ کلام / کہڑی بہر وہ سونچا بغور تمام

اوٹہایا جو سر فکر سی شاہ نی / دیا حکم یہہ شاہ ذیجاہ نی

کہ اب اہل ایمان بہی تشریف لائین / جو کچھ این و آن ہو زبانسی سنائین

دیا حکم انجیل دانون کو بہی / حکیمونکو بہی اور سیانونکو بہی

بہر و سا فقط اس حکومت کا ہی — اونہین آسرا تیری شہرو تکا ہی
وہ ہین تابعِ حکم اور خیرخواہ — اطاعت کی رکہتی ہین سر پر کلاہ
اونہون نی کیا ہی یہی التماس — رعایا کو ای شاہ ہی تیری آس
کئی شخص ہین جاہلانِ عرب — ہماری یگانی قریشی نسب
پہری ہین وہ آبا کی سب دین سی — نہین باز آتی وہ توہین سی
پیمبر بنایا ہی اک شخص کو — وہ کہتا ہی جو ہم کہین وہ کرو
نیا دین جاری کیا ہی وہان — تبو نکو برا کہتی ہین ہر زمان
خداؤن پہ کرتی ہین تشنیع و طعن — زبانو نپہ رہتی ہی ہر اک کی لعن
ہمین روز مشرک بناتی ہین وہ — نبی اپنی کو اب بتاتی ہین وہ
تری ذات کو بہی سن ای بادشاہ — وہ دشنام دیتی ہین شام و پگاہ
سنا ہمنی جسدم یہہ اونسی کلام — تری ہی وسطی ای شہِ نیکنام

جہان مین تری عدل کی دہوم ہو — زمانہ شہنشہ کا محکوم ہو

بخواہش رہی گردشِ آسمان — رہی تابعِ حکم سارا جہان

جو بدخواہ ہو سرمہ سان آج ہو — فلک سی بہی اونچا ترا تاج ہو

سرِ چتر ہو مہر و مہ سی بلند — کہ ہی تو دوائی دلِ دردمند

قوی پشتِ دُنیا رُخِ تخت سی — فریدون بہی محسود ہو بخت سی

ہی جبتک کہ ارض و سما برقرار — چمن مین عیان ہی جمالِ بہار

یہہ افسر یہہ تاج او ریہہ تخت و نگین — رہی تجہسی آباد ای مہ جبین

ترا عہدِ دولت نہ بہائی جسی — یہہ لطفِ حکومت نہ بہائے جسی

دلِ شاد اوسکو نہوئی نصیب — عدو اوسکی ہون جو ہین اوسکی حبیب

رہی خاکِ دشمن کا تیری لباس — نہ چرخِ خوشی ہو کبہی آس پاس

سُن ای شاہِ بطحا کی سب نامدار — تمنّا مین تیری ہین لیل و نہار

عیان صبحکو شاہ خاور ہوا
نمایان رخِ مہرِ انور ہوا

کہلا جب کہ دروازۂ قصرِ شاہ
ہوئی پہلی دربر یہی دادخواہ

ہوئی عرض حاضر ہین دو دادخواہ
بزرگانِ بطحا سی ہین خوش کلاہ

بہت تحفہ ہای فراوان ہین ساتہہ
بہت پیشکشکے بہی سامان ہین ساتہہ

طلب اونکو شاہِ حبش نی کیا
یہی حکم اوس ماہ وش نی کیا

کہ لی آئی دونونکو باعزّ و جاہ
ستاری نمایان ہوئی پیشِ ماہ

یہی رسم جاری تہا اوس ملک کا
جو آتا تہا پیشِ نظر مہ لقا

جو کرتا تہا وہان قصدِ دربارِ شاہ
وہ کرتا تہا سجدہ پئی عزّ و جاہ

جو آیا وہان فرقۂ بدجمال
جہکا بہرِ سجدہ وہ مثلِ ہلال

دعا دیکی کی مدح تاج و نگین
کہا ای شہنشاہِ روئی زمین

نگین نام سی تیری خالی نہو
کبہی رنج مین طبعِ عالی نہو

گروہِ مسلمان کو لی لیجئی
اونہین لاکی بطحا مین زک دیجئی

کئی شخص آخر کئی اختصاص
چہٹی اونمین عمّار اور عمرِ عاص

عرب مین وہی دونو اشرار تہی
وہی دینِ احمد سی بیزار تہی

ہوئی اپنی عہد پہ ماموروہ
ہوئی اور بہی اسپہ مغرور وہ

وہ بیدین نہ کچہہ دلمین خائف ہوئی
روانہ وہ لیکر تحائف ہوئی

بتعجیل پہنچی وہ اوس شہر مین
نہ ٹہری کہین وہ اسی لہر مین

یہانتک کہ پہنچی وہ دونو فریق
ہوئی بُوم جُوقِ ہما کی رفیق

جو دریا سی اصحابِ ہجرت گئی
تو پیچہی سی اہلِ شقاوت گئی

غریب الوطن ناشناسا یہہ تہی
نہ لوگ انسی آگاہ تہی شہر کی

موافق کناری ہی پہ تہی مقیم
کہ داخل ہوئی شہر مین سب لئیم

وہ شب نائش باتحفہ ہا ہوگئی
وہ شہر حبش مین بلا ہوگئی

یقین تہا مشرف ہوا اسلام سی
وہ محظوظ ہو شاہ کی نام سی

خبر عام جبسدم ہوئی شہر مین
ہوا تذکرہ جابجا دہر مین

حبش کو روانہ ہوا اک گروہ
اور افزہوی جعفر پہ شکوہ

کیا مشرکون نی بہی باہم یہہ طور
نہ آئی جو کچہہ ہاتہہ تدبیر اور

کہ ہم بہی کچہہ ایسا بہانہ کرین
منافق اودہر کو روانہ کرین

وہین سب جلیسونسی چرچا کیا
گروہ شقی ایک پیدا کیا

پہر آپسمین یہہ مشوری بہی کئی
ہمارا بہی فرقہ وہان پر رہی

حبش کو بہانسی چلی جائی
نجاشیکو ہر طرح سمجہائی

تحائف عجائب اوسی دیجئی
بظاہر اطاعت بہت کیجئی

ملی روغن قاز کچہہ یہہ گروہ
نہ گنجشک ہو پیش بلبل ستوہ

کچہہ اسطرحکا مکر اب کیجئی
کہ شاہ حبش کو ملا لیجئی

مجھی پہر دکہا غنچہ و گل کی سیر ۔ میسر ہو گلشن مین بلبل کی سیر

کرون چہچہی کہل کی اس باغ مین ۔ جلین زاغ غم آتشِ زاغ مین

دکہاؤن وہ رنگین گلونکی بہار ۔ کہ ہون دامنِ دشت سی دور خار

ہوا گوش زد شاہ کی یہہ کلام ۔ مہاجر پہر آئی حبش سی تمام

نبی کو نہ خوش آیا یہہ اضطراب ۔ کہا ہوگیا کام بالکل خراب

پہر اوس جعد مشکین مین شانہ کیا ۔ حبش کو اونہین پہر روانہ کیا

کیا ساتہہ پہر فرقۂ دین اک اور ۔ کہ سرزد ہو دونونسی اک نیک طور

پئی فرقہ جعفر ہوئی سرگروہ ۔ بن عمّ احمد تہی وہ پرشکوہ

کری تانکوئی کبہی خودسری ۔ نہو حکمِ جعفر سی پہر سرکشی

نجاشی جو تہا بادشاہِ حبش ۔ جسی لوگ کہتی تہی ماہِ حبش

یہہ معلوم تہا اوسکی کردار سی ۔ خوشی ہوگا جعفر کی گفتار سی

وہ سابق سی زائد عدو ہوگئی — وہ مشرک تو تہی تند خو ہوگئی

جو ملک حبش تک گئی یہہ خبر — فریقین آگہہ ہوئی سر بسر

نہ دیندار ونسی ضبط اسکا ہوا — ہوا گوش زد لفظ جب صلح کا

ہوا اونکا فرط خوشی سی یہہ حال — کیا قصد بطحا وہین بی ملال

نہ اونسی ہوا صبر اوس شہر مین — چلی آئی بطحا اسی لہر مین

وہ نزدیک بطحا کی جب آگئی — تو حیلی سی شیطانکی شرما گئی

جو یہہ مکر ابلیس ظاہر ہوا — ہر اک دل ندامت سی ماہر ہوا

خجالت سی پوشیدہ داخل ہوئی — بہت دشمنون سی وہ بیدل ہوئی

بہیجنا دوبارہ جماعت اصحابکو جعفر طیار کی ساتہہ زنگبار کی طرف اور روانہ کرنا قریش کا اک گروہ کو تعاقب اہل اسلام مین شاہ زنگبار کی پاس معہ ہدایہ وغیرہ

کہان ہی تو ای راوی خوش بیان — کدہر ہی نگارندہ داستان

وہین جانب حق سی روح الامین
یہہ پڑہنی لگی آیہ شہ کی قرین

معانی کرون التماس اب سُنو
ذرا گوش دل سی اسی سب سُنو

بظاہر معانی محبّت کی ہین
سراسر اشاری یہہ آیت کی ہین

کہ فرماتا ہی یون خدائی جلیل
کہو جا کی احمد سی ای جبرئیل

جسی تمسی بہی آگی پیدا کیا
جو مُرسل جہانمین ہویدا گیا

جو بہر ہدایت روانہ ہوا
وہ تیر قُزح کا نشانہ ہوا

عداوت عزازیل نی اوسی کے
عجب کہلبلی قوم مین ڈالدے

ولاکن محمد تمہاری لئے
نہین تاب و طاقت یہہ کچہہ کر سکے

نہوگا کبہی پیش یہہ مکروفن
کہ آگاہ تزویر ہی ذوالمنن

نبی نی پڑہا جب بصوت بلند
یہ آیہ جلے سب مثال سپند

جو اوس قوم بد نی یہہ آیہ سُنا
بہت اوچہلی کودی بہت سر دُہنا

جو مسجد سی اوٹھکر گہر و نمین گئی
وہ سب مکر پیکر گہر و نمین گئی

وہان جاکی کی مشورت بالیقین
ہماری ہی مذہب مین ہی شاہ دین

بصحّت ملی ہمکو اسکی خبر
کہ مشکور بت مین شہ بحر و بر

جو منسجد سی اوٹھکر روانہ ہوئی
وہ شہ سی دلو نمین یگانہ ہوئی

کہا اب ہمین کہل گیا راز دور
نہ طاعت مین ہرگز کرینگی قصور

ہماری تبو نسی موافق ہین شاہ
عزیز اب ہوئی اور مطابق ہین شاہ

جو داخل ہوئی گہر مین شاہ جلیل
اوسی وقت دیکھا رخ جبرئیل

اُنہون نی کہا حال ایمان کا
وہ سب مکر و فن حیل شیطان کا

کہا ای شہ ذیخرد حق شناس
مہ چرخ حشمت ثرّیا اساس

منافق یہہ سب یون موافق ہوئے
وہ اس زعم سی شہکی شایق ہوئے

سُنا جب محمدؐ نی اونکا یہہ حال
دل پاک سرور مین آیا ملال

بتاتی تھی گمکردہ راہونکو راہ — وہ غولِ بیابان خضرِ علم شاہ

لکھا ہی یہہ اکدن ہوا اتفاق — کہ تھا مجمعِ عام اہلِ نفاق

ادہر شاہِ دین رہنمائیمین تھی — جماعت کی وہ پیشوائیمین تھی

کہ ابلیسِ مردودنی ناگہان — کیا کانونمین کافرونکی بیان

کہ کرتی ہین تعریفِ بت شاہِ دین — دلونمین نہ تم لوگ ہو کچھہ حزین

کلام ایسا سنکی وہ شیطانکا — یہہ سمجھی کہ ہی وصف ایمانکا

محمدؐ بتون کی صفت کرتی ہین — ہماری ہی مذہب کا دم بھرتی ہین

ہوئی شاد مشرک وہ حدسی زیاد — بہ نیکی وہ کرنی لگی شہ کو یاد

کیا شہ نی سجدہ جو بہرِ خدا — نزولِ ثریا زمین پر ہوا

جھکایا جو سر شاہ و سردار نی — تو تقلید کی جملہ کفار نی

جھکی بہرِ سجدہ سب اہلِ نفاق — ہوا ایک ذرہ دلونپر نہ شاق

کیا اون سبھوں نی یہہ افشا راز ॥ نہ خوف نبی نہ غم بی نیاز

کہا ملکی اورونسی سب ماجرا ॥ نبی کا جو اصحاب کو حکم تہا

سر راز سی سبکو آگہہ کیا ॥ وہ بیدین تو تہی اور گمرہ کیا

ہوئی مطّلع جب شہ انس و جان ॥ غم کشف سر نی کیا نیم جان

جو بد باطنونسی کہلی شکل کین ॥ ملول اپنی دلمین ہوئی شاہ دین

جمال مبارک رہا غمسی نور ॥ وہ شمس ہدایت ہوا چرخ نور

بطون معلّے رہا غم پسند ॥ بظاہر مفرّح رخ ارجمند

وہین شاہ نی ایسی تدبیر کی ॥ کہ چیدہ کیا اک گروہ شقی

اوسیجا بنا کر اونہین راز دار ॥ روانہ کیا جانب زنگبار

موافق منافق چلی ساتہہ ساتہہ ॥ رخ انکی منور سیہ انکی ہاتہہ

ہدایت نصایح یہان صبح و شام ॥ سوا لعن تبکی نتہا اور کام

دمادم پلا ساغرِ مشکناب
پری شیشی مین ہو رخِ آفتاب

قدح جام می رشکِ بحرِ گلاب
شرابِ حلال اور سیخِ کباب

یہہ لکھتی ہین راویِ شیرین دہن
بڑہی حد سی جب شکلِ ظلم و محن

ہوئی جور جب فرقۂ دین پہ خوب
جو ایّام گذری اس آئین پہ خوب

ہوا چپ دلِ سرورِ کائنات
کرہی بہر اصحاب وہ نیکذات

ہی اک شہر مشہور جو زنگبار
وہ اک ملک ہی مثلِ چین و تتار

ہوا چند اصحاب کو حکمِ شاہ
کہ اوس ملک مین جاکی لو تم پناہ

رہو جاکی چندی تم اوس شہر مین
یہہ جور و جفا کم ہو اس دہر مین

یہہ احکامِ والا تہا مخفی مگر
ز روئی تجسّس کہلا شہر پر

اگرچہ بخفا ہوا تہا یہہ کام
مگر کہل گیا مشرکون پر تمام

بظاہر موافق جو تہی شاہ سی
بہ باطن منافق تہی گمراہ تہی

ستمہائی پر غم ہلاکت مآل | وہ کرتی تہی ہو جس سی دلکو ملال
بیان کرنی سی اوسکی اہی مومنین | دل خامہ شق ہونجائی کہین
تہی عمار یاسر جو اک نیک بخت | گئی اونکی مان باپ پر ظلم سخت
شہید اونکی مان باپ بہی ہو گئی | وہ خواب عداوت مین سب سو گئی
کیا اونکو اعدائی دین نی شہید | خوش اقبالون کو اہل کین نی شہید

بہیجنا سیّد ابرار کا شدت ایذای اشرار سی ایک جماعت اصحاب اخیار کو طرف حبشہ اور زنگبار کی اور کوشش فرمانا آپکا بیچ دعوت کفّار کی اور پہر آنا مہاجرونکا

کدہر ہی تو ای زاہد خم شکن | کدہر ہی تو ای مہروش مہ بدن
کدہر ہی تو ای ساقی می پرست | کدہر ہی تو ای عابد بت شکست
سر بزم خوش ساغر پاک دی | نہ ڈر محتسب سی تو بیباک دی

نپاتا تھا کوئی رخ شاہ کو | حفاظت سی رکھتی تھی اوس ماہ کو
مگر با خدا اونکو کرتی تھی تنگ | ستاتی تھی گاہی لگاتی تھی سنگ
جہان پاتی تھی راتکو دِنکو وہ | بہت تنگ کرتی تھی مومنکو وہ
کوئی شخص گر اہلِ دینسی وہان | گذرتا تھا بازار مین ناگہان
ہجوم اوسپہ کرتی تھی وہ بیدرنگ | لگاتی تھی بیخوف وغم ضرب سنگ
کبھی پہینکتی تھی سرو پر وہ خاک | کہ مومنکی ایذا مین ہو جان پاک
مسلمان کو کرتی تھی بی پیرہن | کہ ہوتا تھا اوسکا برہنہ بدن
بٹھاتی تھی گہہ آگ کی ریت پر | لگاتی تھی کوڑی بہی بہر ضرر
کُچلتی تھی اوسکو پس و پیش سے | عداوت تھی اونکو اسی کیش سے
کبھی اونکو کرتی تھی زندان مین قید | ستم کرتی تھی گاہ با مکر و کید
کبھی بند کرتی تھی آب و طعام | ستاتی تھی ہر روز ہر صبح و شام

ملاقات کرتی تہی جب خاص و عام
وہ ثنا کی تہا سبسی یہی تہا کلام

سوائی بدی کچھہ نہتہا اور کام
رقیبانہ دیتا تہا سبکو پیام

سیہ خانمین اوسکی زوجہ جو تہی
عداوت سی کرنی لگی سرکشی

خس و خار جاروب وہ جیفہ خوار
مہیّا تہی رکہتی پئی شہریار

وہ مرغی کریدا جو کرتی تہی روز
نجاست سی پنجونکو بہرتی تہی روز

گذرتی تہی جب سرورِ کائنات
رسولِ خدا اشرف الممکنات

وہ جاہل اودہر پہینک دیتا تہا خاک
کہ ہوجائی آلودہ سب جسمِ پاک

اسی طرح سب دشمنان و لعین
عدوّ نبی اور اعدائی دین

روادار ایذائی احمد رہی
حفاظت مین لاکن محمد رہی

ابیطالبِ ذی ہمم باکرم
نگہبانِ سرور رہی دمبدم

بہت وہ حفاظت مین مشغول تہی
نبی کی محبت مین مشغول تہی

بُہنی سینی اور دل برشتہ چلی ‌‌ ‌ بداطوار تہی بی سرشتہ چلی

چلی جب وہ اوس مجلسِ پاک سی ‌‌ ‌ تپاک اونکو حاصل ہوا خاک سی

رُخِ صوتِ خوش سی ہوئی کان بند ‌‌ ‌ کہُلا بابِ شیطان تہا ایمان بند

لگی مشورے کرنی آپس مین وہ ‌‌ ‌ ذلیل و نگون ہو گئی دین مین وہ

یہہ تدبیر سوچی لعین بیوفا ‌‌ ‌ ستاؤ کہ ناراض ہو مصطفٰؐ

وہ بیدین جو تہا بولہب عمّ شاہ ‌‌ ‌ وہ سبسی زیادہ ہوا تہا تباہ

مقدّر جو بدبخت کا سو گیا ‌‌ ‌ وہ پرخاش پر مُستعد ہو گیا

کہین جاتی تہی جب رسالتمآب ‌‌ ‌ یہہ کہاتا تہا افعی سا خو پیچ و تاب

کبہی خارِ رہ سی ستاتا تہا وہ ‌‌ ‌ کبہی تن پہ پتّہر لگاتا تہا وہ

سرِ رہ نجس خیرین رکہتا تہا وہ ‌‌ ‌ رخِ شہد سی زہر چکہتا تہا وہ

جو کہتا تہا کاہن تو ساحر کبہی ‌‌ ‌ بداطوار و مجنون و شاعر کبہی

سوا اسکی ارشاد عالی جو ہو
سر و چشم پر ہی بجا لی جو ہو

سُنا جب شہنشاہ نی یہہ سخن
ہوئی تر بشبر و شاہِ شیرین دہن

یہہ غم طبعِ اقدس پہ طاری ہوا
کہ یکیک تنفّس کٹاری ہوا

کہا نذر لاؤ اگر قرصِ مہر
مہیّا کرو سیم و دُرِ سپہر

روا رکھون ہرگز نہ ایسا طریق
کہ پھر بحرِ عصیان مین تم ہو غریق

پھرونگا نہ مین حکمِ اللّٰہ سی
کبھی ہونگا کجرو نہ اس راہ سی

زیادہ کرونگا مین اب لعن وطعن
سُنوگی مری مونہہ سی ہر وقت لعن

علیم و حکیم و احد ایک ہے
بشیر و حلیم و صمد ایک ہے

وہی خالقِ ارض و آفاق ہی
صفت اوسکی تم پر بہت شاق ہی

یہہ کلمی سُنی جب کہ کُفّار نی
تو پٹکا سرِ نحس ہر مار نی

اوٹھی اپنی اپنی جگہہ سی وہ سب
ملول و متفکّر برنج و تعب

محمدؐ نی ارشاد اونسی کیا
کہ ای عم عجب عذر ہی یہہ نیا

بدی انسی کیا کی جو آزردہ ہین
مثالِ گُلِ خشک پژمردہ ہین

وہ انداز و آئین سونچا ہون آج
بڑہی جسکا ہوگا فیوگا رواج

گروہِ عرب اور اہلِ عجم
بجالائین احکامِ دین دمبدم

رسول اور خدا کی ہو فرمان برے
اور ادنی و اعلی کی ہو جانبرے

ابوجہل بولا کہ کیا امر ہے
بتاؤ کہ وہ کونسا امر ہی

کہو ہمسی اوسکو بجالائین ہم
جو کچھہ ہوسکی ہمسی دکہلائین ہم

کہا شہنی کلمہ پڑہو پاک ہو
ملی تمکو جنّت جو تم خاک ہو

وہ معبود ہی خالق انس و جان
کریم و رحیم و عزیزِ جہان

یہہ کی عرض اونسی سبنی بالاتفاق
یہہ کلمہ پڑہائیگا شرّ و نفاق

نچھوٹیگا ہمسی تو دینِ قدیم
نہوئیگا متروک امرِ عظیم

وہ بس ہمسی اب دست بردار ہون | نہ ہم اونکی پابند رفتار ہون

جو مذہب وہ چاہین کرین اختیار | کہ موسیٰ بفرعون و عیسیٰ بدار

ہمین کیا غرض اونکی آئین سی | نہ مطلب ہے کہین اور ونکی دین سی

اگر یون ہین ہمکو ستائینگی وہ | اور ادیان مین فتنی اوٹہائینگی وہ

عجب کیا کہ ہو آتش فتنہ تیز | لپک جسکے تا چرخ ہو نار بیز

نہوئیگا پہر بحر آتش خموش | یہہ امواج قلزم مین ڈالیگا جوش

یہہ ہی مذہبی امر کیجئی نظر | بہت طول ہوئیگا ای نامور

ابیطالب خوش لقب نی کہا | بہت بہتر اچہا چہ خوش مرحبا

مین اظہار کرتا ہون پیش رسول | جو کچہہ حکم ہو گا کرونگا قبول

بلایا وہین شاہ لولاک کو | در بحر عرفان فرحناک کو

بیان سب کیا حال قوم و سبب | وہ آزردگی اور وہ رنج و تعب

ستم ہمپہ ہین ظلم ہین یہہ کلام | تشدّد وہی ہم لین ہنونکی نہ نام

غریبونپہ دکہلاتی ہین اپنا زور | ملاتی ہین شیرینی مین آب شعور

تبرّا کبہی بہرِ لات و منات | مُسلمان چڑتی ہین کافر پہ لات

سوا لعن کی بات کرتی نہین | وہ دستِ عنایت بہی دہرتی نہین

نہین سُنتی گوشِ حمایت سی عرض | یہہ اظہار ہمپر ہوا عینِ فرض

غضب ہی بزرگی ملی خاک مین | نہین تاب اب جانِ غمناک مین

کرو استغاثی پہ ہم سبکی غور | کہ کوتاہ ہو ہمپہ اب دستِ جور

ذرا اونکو تفہیم کیجے حضور | ستانا غریبونکا ہی کیا ضرور

سراسر یہہ تحقیرِ اصنام ہے | او نہین دین و ملّت سی کیا کام ہے

کہ وہ باپ دادا پہ کرتی ہین لعن | سبہونکی تمنّا پہ کرتی ہین لعن

رہین آپ ہی اپنی مختارِ ذات | تحکّم سی فرمائین ایسی نہ بات

اوترآئی شیشی مین اب آفتاب | پری نکی صورت وکہائین حجاب

بط آب طاہر کا ہوئی شکار | ہوس میری ہو دام مین دامدار

اری پیر مسجد برائی خدا | جو انمین جلدی بتونسی جہٹا

جو پوچھی مرا شاہ خیبر کشا | علی ابن عم رسول خدا

خدا تیری کی ہین کہون ایک ہے | وہ ظاہر ہی باطن ہی اور نیک ہے

روایت ہی اکروز وش اشقیا | ہوئی جمع آپس مین بہر دغا

ابوطالب نامور کی قرین | گئی سبکی سب پر بجان حزین

یہہ کیعرض آئی ہین ہم دادخواہ | محمد کی ہم پر نہین ہی نگاہ

ہمین اب کہان طاقت صبر ہی | بڑا جبر ہی جبر ہی جبر ہی

تحمّل کی طاقت نہین اب ذرا | وہ فرماتی ہین تم ہو اہل دغا

رعایا ہو تم اور ہم تاجدار | ہم افلاک ہین تم ہو گرد و غبار

وہ نعماتِ خُلدِ برین سی ہین سیر | نہ ترسِ گزندہ نہ کچھہ خوفِ شیر
سنی جب کلامِ شہنشاہِ دین | ہوئی تشنۂ خون وہ سب مشرکین
ابو طالب اوسجا تہی سردارِ قوم | اسی وجہہ سی کٹ گئی چند یوم
کہ وہ حافظِ شاہِ لولاک تہی | تہمتن جری مردِ چالاک تہی
اونہین کی سبب سی نہ پہنچی گزند | ہوئی بندشہ کی نہ اندرز و پند
ندیتی تہی تکلیف احمد کو پر | براجانتی تہی وہ اونکو مگر

شکایت کرنا قریش کا ابو طالب سی حال جنابِ رسالتمآب سی اور جواب سنا خیر البشر سی خلافِ مدعا اور مستعد ہونا ایذا دہیِ حضرت وغیرہ پر

گلابی وہ دی ہمدم جو دلین اُمنگ | دکہاؤن بہارِ نبوّت کا رنگ
کرون سیر خمخانۂ خُلد کی | تمنّا ہی پیمانۂ خُلد کی
پلا ساغرِ پاکِ حُبِّ علیؑ | شرابِ ولائی وصیّ و نبی

ہر اک باپ دادا جو بیدم ہوا — مقام اونکا قعرِ جہنّم ہوا

غذا انکا خین تہوہر کی کہاتی ہین وہ — بہت آبِ گرم اوسپہ پاتی ہین وہ

ملاہی لباسِ بدن رال کا — بنا سانپ ہر رونگٹہ کہال کا

وہ سب نارِ دوزخ سی جلتی ہین روز — تن و عضو و رو اونکی گلتی ہین روز

مصاحب ہین اونکی جو اژدر بدن — وہ آتشکی پہنی ہین سب پیرہن

عقارب سیہ سانپ اور اژدہی — وہ دریای آتش مین ہین بہ رہی

وہ آتش جہنم کی بحرِ بلا — دہن اپنا کہولی ہوئی اژدہا

محیط اونکی آتش ہی وہ بیچ مین — ملا کرتی ہی پیپ اونہین بیچ مین

مطوّق ہین اور پاؤنمین بیڑیان — پڑا کرتی ہین اونپہ گرز گران

یہہ انجام اس بت پرستی کا ہے — یہہ بعدِ فنا حال ہستے کا ہے

نتیجہ ہی اسلام والونکا خوب — منزّہ ہین اونمین نہین ہین عیوب

وہ دیندارونکی زمرہ مین دلسی تہی ❊ وہ اس دینمین جان مائل سی تہی

بدل شہکی کرتی تہی طاعت قبول ❊ اونہین دوجہانکی تہی نعمت حصول

گروہ ضلالت کا یہہ حال تہا ❊ کہ دین نبیؐ اونکو جنجال تہا

زبان مبارک سی احمدؐ کی وہ ❊ دہانِ مبارک سی احمدؐ کی وہ

ثنا کرتی تہی بت پرستونپہ طعن ❊ ہمیشہ نبیؐ اونپہ کرتی تہی لعن

جلا کرتی تہی اپنی آتش مین خود ❊ وہ بیہوش تہی رنجکی غش مین خود

حقیقت مین غول بیابان تہی وہ ❊ وہ شیطان تہی ابنِ شیطان تہی وہ

کئی وا سبہون نی مصیبت سی لب ❊ نچہوڑین گی ہم دین آباکو اب

نچہوٹی کا اب جدّ و آبا کا دین ❊ نہ آئین گی ہم دینِ شہ کی قرین

کہا شاہ نی تم کو کیا یاد ہی ❊ جو احوالِ آبا و اجداد ہی

نہین تمکو معلوم انجام کار ❊ کہ مان باپ دادا کی لیٹی ہین مار

خبر کاہنو نسی یہہ سُنتی تہی لوگ — بہت دل ہی مین اپنی ہنستی تہی لوگ

یہہ ثابت تہا دین نبی سی جو آج — یہہ پائیگا روئی زمین پر رواج

زمین ہوگی دنیا کی زیر نگین — نہ باقی رہیگی جہان مین کہین

اسی وجہہ سی دین کیا اختیار — نبی یار اغیار تہی تین یار

اسی وجہہ سی قرب حاصل کیا — زبردستی سی دلکو مائل کیا

بنا کوئی داماد سُسرا کوئی — کوئی یار غار اور خلیفا کوئی

کیا اختیار اس سی اسلام کو — کہ سنتی تہی احمدؐ کی وہ نام کو

خلاف انکی تہی اور یہی نیکذات — سمجھتی تہی دنیا کو جو بی ثبات

وہ لذّاتِ عقبیٰ سی مسرور رہتی تہی — خدا کی قسم وہ بہت دور تہی

سمجھتی تہی دُنیا کو نقش سراب — نمایان تہا اونپر عذاب و ثواب

اونہین اسقدر تہا عبادتکا شوق — کہ دین کو سمجھتی تہی دنیا پہ فوق

جب آیات پڑہتی تہی اوس قوم پر — کبہی ہوتی تہی ایک دو کو خبر

سمجہہ لیتی تہی ایک دو گاہ گاہ — یہہ مصروف اندر ز شام و پگاہ

خبر بہی نہتی راہِ اسلام سے — تنفر او نہین دین کی نام سی

بہرا تہا دلونمین جو کینہ سوا — بہلی کو سمجہتی تہی بالکل برُا

مذمّت بتونکی جو کرتی تہی شاہ — پریشان ہوتی تہی سب رو سیاہ

جو کرتی تہی شہ بت پرستونپہ طعن — خفا ہوتی تہی کینہ جو بہر لعن

دلونمین تہی جنکی محبّت بسی — مسلمان ہوتی تہی بعضی کبہی

محبّت سی دُنیا کی بعضی لچر — مسلمان ہوئی بزم مین آنکر

کری گر کوئی اعتراض قوی — کہی از رہِ طعن ہو مُدّعی

محمّد نہ تہی کچہہ امیرِ کبیر — جو لالچ سی بعضی ہوئی جاگیر

تو یہہ شبہہ بیجا ہی اوس شخص کا — سراسر تو تہمت غلط ہی دلا

بنو آپ مخلوق مخلوق کے | بدن سینے پڑے ہون صندوق کے
تراشو جو ہاتھون سے اپنا خدا | اوسے سجدہ کرنا نہین ہے روا
کرو لعنت اسپر یہہ ہے حکم رب | نہوتا گرفتارِ لعن و غضب
اسیطرح وعظ و نصایح کے بعد | بصد حُسن کشفِ قبایح کے بعد
یہہ فرماتے تھے شاہِ خیرُ الانام | بُتِ سنگ ہین انسے رکھّو نہ کام
جو حقّانہ احکام فرماتے تھے | جواب ایکسے بہی نہ کچھہ پاتے تھے
سیہ تھے ازبسکہ دلِ مشرکان | نتھا مہرِ راز اونپہ ذرّہ عیان
دلون مین نہوتا تھا کچھہ کارگر | وہ بیدین تھے دین سے بیخبر
سمجھتے تھے بد بیانِ سعید | نفاق اون دلونمین تھا ہوتا مزید
زبانِ مبارک خبر دیتی تھی | نصایح کو کانونمین بہر دیتے تھے
اثر کچھہ نہ اون سخت قلبونپہ تھا | نبیؐ کو سمجھتے تھے دل مین بُرا

بناتی ہو تیشی سی اک سنگ کو
اگاتی ہو پہر اوسمین ہر رنگ کو

نہ کچھہ فکر پر سر کو دُہنتا ہی وہ
نہ کہتا ہی کچھہ اور نہ سنتا ہی وہ

خدا سی تمہین شرم آتی نہین
یہہ بیہودگی دلسی جاتی نہین

تتو نسی نہ حل ہوگی مشکل کوئی
یہہ پتّہر کدہر پہیریگا دل کوئی

یہہ پتہر بہلا کیا کریگا تمیز
نہ بیگانہ سمجھی نہ اپنا عزیز

نہ پہچانیگا یہہ کبہی خوب و زشت
نہ جوتی نہ بوئی نہو کار کشت

یہہ اعمال مین کیا کریگا تمیز
یہہ پتّہر یہان کسکو دیگا تمیز

عوض اس سی نیکی کا ہرگز نہو
اسی توڑ ڈالو تو اچّہی رہو

بدی کی سزا اس سی ہرگز نہین
یہہ پتّہر کہین سی عمارت کہین

کرو چشمِ انصاف سی گر نظر
یہی حرف ہی مانعِ خشک و تر

کہ جس شیکی تم آپ خالق نہو
اک ادنی سی پتہر کی عاشق نہو

تمہین چہٹپنی مین لیاقت نہ تہی　　غذا مخزن شیر مین تمکو دی

کسیطرحکی تم مین طاقت نہ تہی　　نوالہ نبانیکی عادت نہ تہی

گیا شیر پستان مادر مین خلق　　غذا قبل خلقت ہوئی گہر مین خلق

سبب شیر نشو و نما کا ہوا　　وہ باعث تمہاری غذا کا ہوا

ضرور اب تمہین شکر حق چاہیئے　　اطاعت کا تمکو سبق چاہیئے

اوسی ایک پہچانو سوچا کرو　　تمہین چاہئی روز سجدا کرو

کرو ترک اب پارۂ سنگ کو　　کرو پاش پاش ایسی بدرنگ کو

کہ رکہتی ہین ناپاک اوسپر قدم　　اور اسکا ہی یکسان وجود و عدم

زمین کی جو اک خاک ناپاک ہو　　تم اوسپر روان روز بیباک ہو

اوسی اپنا معبود سمجہو غضب　　سمجہکر کرو دل مین رنج و تعب

جو ہاتہو نسی اپنا بنائی خدا　　توخود اوس سی کیونکر بنی واہ وا

پرستش اوسیکو سزاوار ہی ۔ وہی خالق یار و اغیار ہی

کہ اکقطرۂ آب سی جسم و جان ۔ وجود عناصر رگ و پی زبان

کئی اوسنی ظاہر بنا آدمی ۔ عنایت سی حیوان ہوا آدمی

کیا جسم مین رنگ خون اوسنی خلق ۔ کیا سب درون برون اوسنی خلق

مسلسل ہوئین جسم مین استخوان ۔ ہوئی ہڈیون مین کرختی عیان

عنایت ہوئی ہوش و عقل و ذکا ۔ ملا گریۂ و خندہ آہ و بکا

کوئی بدنما کوئی شکل حسین ۔ کوئی مہر صورت کوئی مہ جبین

وہ بانی شکل و شمائل ہوا ۔ وہی مہربان خالق دل ہوا

عنایت سی اوسکی ملی والدین ۔ ادا ہو نہ محشر تلک جنکا دین

ولد پر بڑہی الفت والدین ۔ کہ دم بہر نہین ہوتا ہی اوسکی چین

دلونمین یہہ مان باپکی مہر دے ۔ کہ تا زیست اولاد سب پال لے

یہہ تہّہر کب آسان کرین مشکلین — سلین کسطرح اپنی جاسی ہلین

ان اشکالون سی کیا ملی مُدّعا — یہان پست کیونکر نہو حوصلا

نباتات قدرت نمائی کرین — جمادات عقدہ کشائی کرین

صد افسوس تہّہر خدائی کرین — یہہ اشکال حاجت روائی کرین

وہ پاؤن کہان جو کہ ہون رہنما — کہان جائین کیونکر ہو حاجت روا

ان آنکہون کی بینائی ثابت کرو — جو کثرت ہو یکتائی ثابت کرو

تمہاری سُنین گی یہہ کسطرح راز — بُتِ سنگ کس نہجسی ہون گداز

نہ سُنّنی کی لایق نہ ہی جسم و جان — یہہ تہّہر سماعت کی قابل کہان

یہہ ممکن نہین آہ و زاری سُنین — کوئی بات میری تمہاری سُنین

مناسب یہہ ہی دلمین اب کی غور — یہہ سمجھو کہ خلّاق ہی کوئی اور

پرستش کی لایق وہی ہی وہی — زمانیکا خالق وہی ہی وہی

یہی تہا کلامِ شہِ تاجدار | کرو تم مرادین اب اختیار

جو آتا تہا گہر مین کوئی اونکی پاس | تو فرماتی تہی شاہِ گردون اساس

کہ چہوڑو صنم خانۂ دہر کو | ملاؤ نہ تم شہد مین زہر کو

کرو ترک اب بت پرستی کا رنگ | نہ پوجو زمانیمین تم چوب و سنگ

جہنّم نتیجہ جہالت کا ہی | سقر مژدہ ایسی عبادت کا ہی

تو انسی تبرّا کرو مار و لات | نکام آئینگی ایسی لات و منات

صُواع و ہُبل جملہ بد رنگ ہین | یہہ سب سنگ ہین سنگ ہین سنگ ہین

پرستش سی انکی نہین کچہہ حصول | نہ حق اسکو ذرّہ کریگا قبول

بناتی ہو پتّہر کو اپنا خدا | کرو جسکی تم دست و پا خود جدا

اوٹہالا کی کاندہی پہ پتہر کی سل | دلون کو کیا اوسطرف مضمحل

لب و دست و ابرو و پا چشم و گوش | بنا کر کیا قلب مین اپنی جوش

شہنشہ جنابِ رسالتمآب رسولِ خدا پر تو آفتاب

جو بیخوف جور و جفا سی ہوئی قرین مردمِ با وفا سی ہوئی

بظاہر تبانی لگی حکمِ حق گلُون کو دیا بلبلون کا سبق

عبادت کی آئین سکھانی لگی موحّد بتون کو بنانی لگی

نکرتا تہا کوئی اطاعت قبول مُلول اس سے ہتا تہا وہ با اُصول

سنو دوستو دشمنِ جان تہی وہ کہ سب بت پرست اور نادان تہی وہ

غرض کافر و مشرک و بُت پرست خُصومت سی کرنی لگی بند و بست

چچا اک محمّد کا تہا بولہب ہوا دشمنِ جانِ شہ بی سبب

وہ سب سی زیادہ عُدو ہوگیا تخالف کیا تُندخو ہوگیا

عداوت پہ باندہی شقی نی کمر ہوا اوسکو مطلق نہ خوف و خطر

بدل مستعد تہی شہِ انبیا خدا پر تہی شاکر رسولِ خدا

پلا ساقیا بادۂ مشکفام — کہ خالی ہیں اب می پرستونکی جام

مئ حب حیدر پلا ساقیا — شرابِ سخنور پلا ساقیا

پلا ساغرِ عشقِ شیرِ خدا — مئ الفتِ پاکِ خیر الوریٰ

سرِ دست پیر مغانکی قدم — نچہوٹین جو انو نپہ ہو گر کرم

صبوحی پلا دین کی دمبدم — ہوا اُمّت پہ شاہ ہدیٰ کا کرم

بہت چہپکی دُنیا کی سب سیر کے — شباہت نمایان ہو اب خیر کے

کئی سال مخفی رہا شہریار — کہ ناگہہ ہوا حکمِ پروردگار

کہ احکام ظاہر کرو مصطفیٰ — نماز و عبادت کرو بی ریا

مناسب ہی بندونپہ افشائی راز — محافظ ہی خود خالق بی نیاز

رہین فائدہ مند سب خاص و عام — زمانیمین مشہور ہو نیکنام

سب ایمان ظاہر سی ہون کامیاب — بہلو نسی ہو نیکی بدو نپر عذاب

قلم گنگ ہی اوسکی اوصاف مین | درودین پڑہیگی پری قاف مین

وہی رحمت کبریا خلق پر | وہی نور مہر خدا خلق پر

ابابکر ہمراہ ہوگا ضرور | اور احکام حق مین کریگا قصور

جو دنیا سی رحلت وہ فرمائیگا | حکومت ابابکر سے پائیگا

کہانت پہ نازان تہا وہ بیخرد | ہر اکدم پہ شیطانکی تہی مدد

جو حاضر ہوا خدمت پاک مین | نتہی شرم کچہہ چشم سفاک مین

پڑہا آگی کلمہ حضورِ نبی | ہوا رنج سی کم سرورِ نبی

بہ تدریج پھر چند اشخاص اور | مشرف ہوئی دین سی بیفکر و غور

ہدایت کئی سال مخفی رہی | نہ ظاہر کیا دین نہ تاکید کی

پہنچنا حکم خداوند عالم کا اظہار دعوتکی واسطی اہل ضلالکی اور کمر باندہنا سید انبیا کا ارشاد اہل جور و جفا اور صاحبان دغاکی واسطی

دعای نبیؐ ہوگئی جو قبول | تو بعدِ شہادت ہوا یہہ حصول
ہوئی جن دنونمین کہ جعفرؑ شہید | گئی سوی خلدِ برین وہ سعید
بہشتِ برین مین ملی اونکو پر | وہ پر کیون نہون اونکی حقمین سپر
اسی سی لقب اوسکا طیّار ہی | وہی طائرِ خلد سروار ہی
ہوا زید پہر تابعِ شاہِ دین | غلامِ نبی تہا عبادت قرین
مگر مثلِ فرزند تہا وہ پلا | پسر خواندۂ شاہ تہا مہ لقا
ابابکر تہا جو گدہون کا پدر | قحافہ کا بیٹا ملامت کا گہر
سُنا تہا یہہ کاہن سی جب بوم نی | نبی کا دیا ساتہہ اوس شوم نی
اوسی تہا جو زورِ کہانت سی علم | پیمبر کی رکہتا تہا بعثت سی علم
کہ بطحا مین ہوگا نبی نامور | محمدؐ کہین گی اوسی سب بشر
وہ مبعوث ہوگا نبوّت کی ساتہہ | تکلّم کریگا وہ حکمت کی ساتہہ

مثالِ برادر تم ای خوش سیر | نبی کی کرو پیروی بی خطر

بحکمِ پدر جعفرِ خوش نہاد | لگی کرنے احکام دین دلمین یاد

برادر کی خدمتمین حاضر ہوئی | رہ و رسم وآئین سی ماہر ہوئے

وضو بہی کیا اور ادا کی نماز | تو راضی ہوا خالقِ بی نیاز

فراغت عبادت سی جب ہو چکی | نبی نی دعا اونکی حق مین یہہ کی

کہ پروردگارا خدای کریم | عبادت سی جعفر کی ہی تو علیم

مری بازو کو جیسی قوّت ہوئی | برادر سی صادر اطاعت ہوئی

کیا اسنی میری اطاعت کو تیز | رُخِ خنجرِ مہر و الفت کو تیز

اسیطرح اسکو صلہ دی خدا | بہشتِ برین مین ملی اسکو جا

اسی بازوؤن پر عنایت ہون پر | کری سیرِ خُلدِ برین نامور

پرونسی اُڑی خُلد مین یہہ مدام | یہہ فردوس مین بہی رہی نیکنام

قرین تہیکی پیری یہہ حالت رہے | نماز و دعا و عبادت رہے

ابو طالبِ نامور مہ لقا | وہ عمِ محمد تہی مہرِ سما

وہ تہی والدِ شیرِ حق بالیقین | وہ عالی نسب تہی وہ ذی تمکین

اونہین مانتی تہی سب اہلِ عرب | جری تہی بہادر تہی عالی نسب

لکہا ہی کہ اکروز خیر البشر | عبادت مین مصروف تہی بخیر

پہاڑونمین مشہور تہا ایک غار | نماز اوسجگہہ پڑہتی تہی شہریار

علی پیچہی پڑہتی تہی اونکی نماز | خدا سی تہی مشغول راز و نیاز

ابی طالبِ نامور نی یہہ حال | جو دیکہا تو خرم ہوئی خوشخصال

علی کی بڑی بہائی جعفر جو تہی | ابیطالب اونسی یہہ کہنی لگی

تمہین بہی اجازت یہی ہی مری | اطاعت کرو ابن عم کی یونہی

کرو پیروی مصطفی کی ضرور | ملین تا کہ جنت مین غلمان حور

وہ تہا شبل فرزند خیر الانام
تہمتن جری حیدر نیکنام

امیر عرب پر بہی احکام دین
کئی جاری شہنی بصدق ویقین

علی نی بدل وہ کئی سب قبول
ہوئی دولت دین ودنیا حصول

یہہ دو کیون نہون ایک مشہور ہے
علی اور محمد کا اک نور ہے

یہہ فرماتی ہین شاہ شیر خدا
ہوئی جب کہ مبعوث خیر الوریٰ

کمر پہلی طاعت پہ جسنی کسی
ہمین ہین ہمین ابن عمّ نبی

وہ ہم ہین کہ اوسدنسی تا ہفت سال
چہپی کیک ہم تہی وہ بدر کمال

جو سجّادی پر ہوتی تہی شہ مکین
مین پروانہ سان گرد شمع جبین

قرین جب کہ ہوتا تہا وقت نماز
پس پشت شہ مین سوئی بی نیاز

عبادت جو کرتا تہا وہ مقتدا
نبی کو سمجہتا تہا مین پیشوا

اوسی جا پہ ہوتا تہا مین مقتدی
سوا انکی کی تہی نہ دل مین بدی

چراغِ ہدایت ہو ماہِ منیر | شبِ قدر رہو مثلِ خورِ بی نظیر

یہہ لکہتی ہین اربابِ اخبارِ گل | ہوئی جبکہ مبعوث ختم الرّسل

ہوا ساتہہ فرمانِ ربّ جلیل | نبی سی کہو جا کی ای جبرئیل

کہ پوشیدہ دعوت کرو خلق کو | چہپا اور ہدایت کرو خلق کو

زمانی مین ہین اہلِ جور و جفا | نہون در پئی طینتِ باوفا

روادار ہون وہ نہ آزار کی | نہ گل پر تعب ہون رخِ خار کی

خدیجہ جو تہین بانوی ارجمند | وہ فرمانِ شہ سی ہوئین مستمند

خدیجہ کو دی شہ نی تکلیفِ دین | وہ خود منتظر اسکی مدت سی تہین

بصدقِ دل ایمان حاصل کیا | رخِ کبک کو مہ پہ مائل کیا

یداللہ خیبر شکن نامور | نبی سی شب و روز شیر و شکر

وہ پروانہ شمعِ ہدایت کی پاس | کشادہ جبین حیدرِ حق شناس

مُروّج ہو دنیا مین دین آپکا | جہا مین ہو تاج و نگین آپکا
بتدریج جاری ہون احکامِ شرع | رہین تا قیامت یہہ ایّامِ شرع
محیطِ زمانہ ہو دین آپ کا | بجالائی فرمان زمین آپ کا
یہہ احکام جو جو بیان کردئی | مطابق ہین سب قولِ انجیل کی
سُنا آپنی بہی یہہ جبریل سے | بیان جو کیا مینی انجیل سی
وہانسی جو رخصت ہوا شاہِ دین | ضیا بخشِ خانہ بنامہ جبین

مامور ہونا سیّد عالم کا بندونکی رہنمائی کیواسطی چہپکر اہل عناد سی اور کیفیت اسلام لانی حضرت خدیجہ کبریٰ اور علیٰ مرتضیٰ اور کتنی اور اصحاب بیوفا او باوفا کے

مئی پاک و اطہر پلا ساقیا | کف آبِ کوثر پلا ساقیا
دلا فکرِ خمخانہ و دیر کے | بہت لاؤ بالی پہر اسیر کے

وطن مین بہت رنج دینگی تمہین بہت زرغۂ غم مین لین گی تمہین

کرینگی ستم تم پہ ای شاہِ پاک یہہ مخبر ہوئیگا روحی فداک

صد افسوس ورقہ بہی جیتا اگر فدا کرتا جانِ حزین شاہ پر

ستم حد سی زائد یہہ ہو جائین گے کہ ترکِ وطن آپ فرمائین گے

اندہیری مین سلطان و شاہِ زمن کرینگی صد افسوس ترکِ وطن

ادہر قصدِ یثرب کرینگی حضور اودہر اہلِ یثرب ملینگی ضرور

تعجب نہین جان نثاری کرین کہ سرمہ وہ گردِ سواری کرین

خدا دیگا پہر شہ کو حکمِ جہاد سزا پائیگی قومِ اہلِ عناد

یقین ہی پہنچ جائی نوبت بجنگ کرین قتل اعدا کو شہ بیدرنگ

یقین ہی کہ شمشیر حیدر کہنچی یقین ہی کہ نوبت بہ خیبر پہنچی

یقین ہی کہ رہ کفر سی پاک ہو عدوِ نبیؐ خار و خاشاک ہو

خدا کی قسم ای شہِ نیکذات
ہو تم علّتِ غائیِ ممکنات

تمہین کو خدانی یہہ رتبا دیا
ہوئی تم بس اب خاتم الانبیا

بنائی زمین آسمان تمسی ہی
سرِ دشت و آبِ روان تمسی ہی

یہہ دینِ گذشتہ مٹاؤگی تم
نیا دین اپنا بتاؤگے تم

یہہ گذری جو ہین انبیا ذی شرف
مٹی دین بہی اونکی سب لاتخف

جو ہی دینِ عیسائیانکا رواج
پرستش بتونکی جو کرتی ہین آج

وہ موسائیون کا جو آئین ہی
وہ باطل ہی سب بس یہی دین ہے

مٹاؤگی سب دین آئین کو
مروّج کروگی نئی دین کو

قیامت تلک اب یہی دین ہی
یہی رسم و رہ یہہ ہی آئین ہی

مگر دوگی جب سبکو تکلیفِ دین
تو ہوینگی درپی تمہاری لعین

منافق عداوت سی اور بغض سی
لعین سب شقاوت سی اور بغض سی

حضور شہنشاہ گردون مقام | خدیجہ گئین با دل شاد کام
یہہ کیعرض چلئی شہ خوشخطاب | ذرا ورقہ کی پاس عالیجناب
قرین ورقہ کی جب روانہ ہوئی | فرحناک شاہ یگانہ ہوئی
جو آئی شہنشاہ گردون اساس | پہر اگر دشہ ورقہ خوش قیاس
بتعظیم اوٹہا کرغبار قدم | لگا تا تہا آنکہونسی وہ دمبدم
بچہایا پہر اک مسند پاک کو | بٹہایا وہان شاہ لولاک کو
یہہ کیعرض بعد از درود وسلام | بیان کیجئی ای شہ نیکنام
جو تہا حادثہ گذرا اوس شاہ پر | بیان بیش ورقہ کیا سر بسر
تو اوسوقت ورقہ اوٹہا نیم قد | درود اونپہ بہیجا کیا لاتعد
لیا قدمونکا بوسہ اور عرضکی | حقیقت مین ہین آپ حقکی نبی
حبیب خدا بالیقین آپ ہین | یہہ دین آپکا اور امین آپ ہین

خبر ورقہ سی ہو بہو وہ کہی جو گذری تہی کل ہو بہو وہ کہی

تبسم کیا اوسنی بولا کہ واہ خوشا سر زمین جسپہ ہوئی یہہ شاہ

خوشا وہ زمین جسپہ جبریل ہو خوشا وہ زمین جسپہ تنزیل ہو

خوشا وہ زمین اور خوشا اوسکی قدر کہ جبریل سا جسپہ طالع ہو بدر

وہ ناموس اکبر ہی اللہ کا برادر ہی وہ شاہ ذیجاہ کا

فرشتہ مقرّب ہی درگاہ کا بڑا رازدان ہی وہ اللہ کا

نبیّون کو پیغام اوسنی دیا وہی کہدیا حکم حق جو ہوا

خدیجہ تم اسکا کرو افتخار محمّدؐ ہوئی حق کی مختار کار

یہہ تہی فخرِ آدم نبیؐ ہو گئی یہہ اب باعث خرّمی ہو گئی

محمّدؐ ہوئی رازدارِ خدا محمّدؐ ہوئی خاتم الانبیا

محمّدؐ کو لی آؤ تم میری پاس کہی خود زبانسی شہِ حق شناس

رُخِ مہر کہولا سرِ ماہ نی
بڑا اونکو مژدہ دیا شاہ نی

کہا جو کہ گذرا تہا امرِ غریب
وہ سب سانحہ تہا لطیف و عجیب

یہہ مژدہ خدیجہ نی سنکر کہا
مبارک تمہین ای شہِ انبیا

کلاہِ تفاخر کہان پر گئے
مری عزّت اب آسمان پر گئی

سُنا حال جبریل جب جزو کل
شگفتہ ہوا چہرہ مانندِ گُل

ہوا اونکا فرطِ خوشی سی یہہ حال
کہڑی ہو گئی جسم پر ساری بال

وہ نورانی چہرہ دُرخشان ہوا
وہ نجمِ فلک ماہِ تابان ہوا

خدیجہ کا بہائی چچا زادہ تہا
وہ نامِ محمد پہ دلدادہ تہا

اوسی ورقہ کہتی تہی دُنیا تمام
وہ تہا علمِ انجیل مین نیکنام

وہ ماہر تہا احوالِ جبریل کا
وہ سب علم رکہتا تہا انجیل کا

اوسیکی مکانمین روانا ہوئین
خدیجہ وہین رونق افزا ہوئین

خدیجہ کبریٰ سی اور ظاہر کرنا بانوی محترم کا و رقہ
اپنی چچا کی بیٹی سی اور پانا خوشخبری رسالت اور حقیقت
جبرئیل کی اوس عالمِ علم انجیل یعنی ورقہ سی

کدہر ہی تو ای ساقیِ مہروش
چہ داری برون آر کُن پیشکش
کری آج دوزخ شرارونکو بند
کری روئی مہراب ستارونکو بند
زُلالِ مصفّا پلا دی مجہی
رہِ خانۂ دین بتا دی مجہی
جو ہیکون تو ہو جائی وہ رہنما
علیؑ شیر ابنِ عمِ مصطفےٰ
ملا مجہسی معشوق وہ رشکِ حُور
جو بہر بہر کی دیوی شرابِ طہور
یہان راویان صداقت شعار
رقم کر گئی ہین یہہ انجامِ کار
جہی جبکہ نظر و نسی رُوح الامین
چلی شاہ دولت سرا کو وہین
خدیجہ جو تہین بانوئی محترم
نبی کی وہ زوجہ بہت ذی کرم

وہین چشمۂ آب پیدا ہوا | وضو کا قرینہ ہویدا ہوا
وضو پہلی روح الامین نی کیا | بہ آئین نیک اور با قاعدا
ہوا اونسی جسطرح صادر وضو | اوسی وضع سی پہر شہ نیکخو
بہ ترتیب کرکی وضو سی فراغ | سوئی قبلہ استادہ تہی باغ باغ
بتایا وہ جبن سی جلی سب حسود | قیام و قعود و رکوع و سجود
کہون کیا کہ آگی تو روح الامین | پس پشت ختم الرسل شاہ دین
دو رکعت جو جبریل نی کی ادا | ہوئی مقتدی اونکی خیر الورا
ادا کر چکی جب شہ دین نماز | کہا شکر ای خالق بی نیاز
امامت سکہائی ہی جبریل نی | رسالت بتائی ہی جبریل نی
بگریہ بجالائی سب شاہ دین | تو روح الامین جہب گئی پہر وہین

اظہار کرنا سید انبیا صلی اللہ علیہ و آلہ کا صورت حالکو حضرت

گئی خیر سی مہ کو چالیس سال ‌ ‌ یہہ ظاہر ہوا آخر اوسکا کمال

روان آگئی تو وہ خوش سیر ‌ ‌ چلا پیچہی پیچہی یہہ رشک قمر

نمایان ہوا خانۂ کعبہ سبہی ‌ ‌ قرین کوہ مروہ کے پہنچے نبی

نہ تہا وہ جوان ایک ذرّہ ستوہ ‌ ‌ کہ احمدؐ سا ہمراہ تہا پرشکوہ

مگر اوسنی اک طُرفہ سامان کیا ‌ ‌ قد و قامت اپنا نمایان کیا

کیا اسقدر اپنی قد کو دراز ‌ ‌ کہ دنیا کا دیکہا نشیب و فراز

زمین پر کفِ پا سر افلاک پر ‌ ‌ پڑا اوسکا سایہ شہ پاک پر

زمرّد کی پردونون بازو پہ تہی ‌ ‌ کہ وہ طعنہ زن باغ خوشبو پہ تہی

دراز زمین تہی شرق سی غرب تک ‌ ‌ زمانی پہ پڑتی تہی اونکی چمک

اور اک پرچۂ لعل زیبِ گلو ‌ ‌ وہ تہا کان یاقوت کی آبرو

گلی پر عجب عالم نور تہا ‌ ‌ وہ سینہ نہ تہا سینۂ طور تہا

نظر باز تھی کارِ خلّاق پر — تعجّب کنان خلق و آفاق پر

کہ ناگاہ اک مردِ روشن جمال — ستارہ جبین و خجستہ خصال

محمدؐ کی آگی نمایان ہوا — دلِ پاک شہ اوسّی حیران ہوا

جو گذرا پیمبرّ پہ یہہ حادثا — وہین نامِ یزدان زبان پر لیا

کہا دل مین اے مالکِ نیک و بد — فنا سب ہین باقی ہی تو تا ابد

عجب ہی یہہ ہی کون صاحب جمال — مجھی وہم ہی یا یہہ ہی کچھہ خیال

وہ اتنی مین آیا قریبِ رسولؐ — سفیر و کلیم و حبیبِ رسوّل

تبسّم کنان با دلِ مہربان — کشادہ جبین اور خندہ دہان

کہا اے نبیِّ زمان و زمین — مری شہریار او خدا کی امین

اُٹھو میری ہمراہ آؤ چلو — گھڑی ہو مری شاہ آؤ چلو

لکھا ہی کہ یہہ مرتبا جب ہوا — تو تھا شاہِ ذیشان چہل سالکا

مئی پاک ایسی پلا ساقیا | دکھائی رخ دین شاہ ہدا
بس اک جرعۂ حوض کوثر پلا | ملی آبرو رشک گوہر پلا
بہشتی ہین ہم ایسی مینوش ہین | غم دین و دنیا فراموش ہین
مکرم ہین خمخانۂ دہر مین | بہنستا تو نہ پیر مغان قہر مین
نہین ہمکو دم بہر بہی غفلت پسند | نہ غم بی زریکا نہ ثروت پسند
توصل ہی عشق شہ پاکسی | نہین کام انگور کی تاکسی
نہ مشغول عیش و طرب اوسی | نہ کچھہ عیش باقی ہی اب ورسی
طپش قلب مین لب پہ نام خدا | منقش جگر پر کلام خدا
ادہر آ ادہر آ دل دردمند | سخنگوئیسی گوش سامع ہو قند
یہہ لکھتا ہی راوی خوش نہاد | تو میری زبانسی رکھہ اب اسکو یاد
شرف بخش کونین خیر البشر | ردا ایکین قتلۂ کوہ پر

سب ادیان و ملّت کو کہو ئیگا وہ | جو اگلی نوشتی ہین دہوئیگا وہ
بتائیگا سبکو وہ اسلام و دین | بڑا رتبہ ہوگا خدا کی قرین
بڑی دیر کی بعد آئیگا وہ | بہت دورسی نامہ لائیگا وہ
نبوّت ہی اوس شاہ کی بعد ختم | شب غم ہی اوس ماہ کی بعد ختم
وہ پیغمبر آخر زمانیکا ہے | یہہ دین گذشتہ دکہانیکا ہے
نظر آیا وہ امر مجہکو درست | کروگی تمہین سبکی دینونکو سُست
خبر یہہ تمہاری نبوّت کی ہی | علامت یہہ بالکل رسالت کی ہی
نہ جن اور نہ دیو و پریکا ہی کام | فرشتی یہہ کرتی ہین تمپر سلام

کیفیت نزول روح الامین بفرمان حضرت ربّ العالمین اور مبعوث ہونا سید الانبیاء علیہ افضل التحیّۃ والثنا کا

لگا آتشی ایسا تیر شہاب | کہ ہو مرغ روح معاند کباب

وہ تہین زوجۂ پاک اوس شاہ کی — وہ تہین بندۂ نیک اللہ کی

حبیب خدا کی وہ محبوبہ تہین — پیمبر کی وہ خاص مطلوبہ تہین

وہ یہہ عرض کرتی تہین اوس شاہ سے — یہہ آوازین آتی جو ہین راہ سے

نہ آپ اسکو جن کی صدا جانئے — نہ دیو و پری نہ ہوا جانئے

شہا عہد آدم سی اس دم تلک — پہنچتی ہین اخبار یون ہم تلک

زمانیسی عیسیٰ کی سُنتی ہین ہم — تواتر یہہ اخبار صحّت بہم

کہ ہوگا اک آخر مین پیغام بر — خدا کا نبی قاصدِ نامور

زمانیمین ہی یہہ جو بطحا زمین — حقیقت مین ہی خوب زیبا زمین

اسی سرزمین مین یہہ ہوئیگا گُل — کہین گی ہم اوس گلکو ختم الرُّسُل

وہ خلاق اور قادرِ ذُو الجلال — کریگا پہر اوس مہ کو بدر کمال

کہ وہ ناسخ دین و شاہِ جہان — نیا دین جاری کریگا یہان

سُنو وقتِ بعثت جب آیا قریب
تو آثار ظاہر ہوئی یہہ عجیب

کہ جسجا پہ چلتی تہی وہ شاہِ دین
اک آواز سُنتی تہی مہرِ مبین

شجر اور حجر اور درخت و ثمر
صدا اوسّی سُنتا تہا یہہ دادگر

سلامٌ علیک ای رسولِ خدا
سلامٌ علیک ای شہِ رہنما

وہین فکر کرتا تہا وہ شاہِ دین
نہو قومِ جن سی صدائی زمین

کبہی اتفاق اسطرح کا ہوا
کہ اسمِ مبارک کسینی لیا

توجہہ جو فرمائی پایا نہ کچہہ
سوائی عجب ہاتہہ آیا نہ کچہہ

نیاتی تہی جب کچہہ شہِ انبیا
تو دلین تحیّر کو دیتی تہی جا

یہہ کہتی تہی اسجا گذاری ہین دن
نہ انسان ہی یہان نہ کوئی ہی جن

پہر آتی تہی جب سُوئی دولتسرا
حرم سی یہہ کہتی تہی سب ماجرا

وہ اہلِ حرم بانوئی نامور
خدیجہ مہِ چرخِ رشکِ قمر

بنی دیکھتی تھی تامّل کی ساتھہ — گلونکی نمائش تھی بلبل کی ساتھہ

نہ خالق کو دیکھا شہنشاہ نی — نہ تاریکی پائی رخِ ماہ نی

متفکّر ہوئی اپنی دلمین رسول — تحیّر سی چپ مثلِ غنچہ ملول

کہ ہی صانعِ پاک اس گلکا کون — نگہبان ہی جانِ بلبل کا کون

بنایا ہی کسنی مہ و مہر کو — حسین کردیا ہر پریچہر کو

مقامِ فلک کسنی برتر کیا — رخِ مہر کو کسنی انور کیا

شبستانِ چرخِ خوش اسلوب پر — کیا کسنی روشن چراغِ سحر

کہی کون کیفیّتِ حادثا — بتا کسّی پوچھون مین اس حال کا

اسی فکر مین وہ شہِ پرشکوہ — سرِ صبح جاتی تھی بالائی کوہ

وہ مہرِ عرب فکر سی وقتِ شب — پہر آتا تھا گھر مین برنج و تعب

تو پہر دوسری روز وقتِ سحر — اوسی فکر مین تھی شہ بحر و بر

بروی زمین وسعتِ بیحدار | ددو گرگس و کرگدن مور و مار

وہ نور و ضیائی رخِ مہر و ماہ | زمین و زمان ابر تاریک راہ

سریع و بطی سیرِ سیّارگان | فلک نصف ظاہر بشکل کمان

دو رنگی کہین صبح اور شام کے | بلندی و پستی در و بام کے

کہین کوہ و دریا کا پست و بلند | کہین تندرستی کوئی دردمند

عناصر کی اجزا کا باہم ملاپ | کہین اُمِّ حیوان کہین اونکا باپ

کہین بارشِ ابرِ تر لطف خیز | نباتات اکثر کہین رنج بیز

کبھی جستجو نطق حیوانکی تھی | کبھی فکر تن کی کبھی جان کی تھی

کبھی خیر و شر سی زمانیکی رنگ | کبھی جمع اضداد سی دلمین تنگ

کوئی نرم دیکھا تو کوئی کرخت | کہین نازنین اور کہین دیو سخت

کہا دل سی تھہنی کہ ربِّ عظیم | ضرور انکا ہوگا نہ کر خوف و بیم

رُخِ عقل سی وہ ثریّا مکان — منفکر بسوئی مہ و مہر و جان

ستارون کی ضَو سی تحیّر طلب — نہالونکی جانبسی حیرتکا ڈہب

درخت اور پہاڑ اور رُخِ سبزہ زار — وہ چشمی وہ جہیلین وہ ابر بہار

وہ منہہ کا برسنا کڑکنی کی دہوم — چمک برق کی مہوشونکا ہجوم

خرامان خرامان کہین جانور — گُل اور بوٹی اونپر بہی بیشتر

کسی جا پہ تالاب چھُقّر کہین — زراعت مین آبِ روان ہر کہین

سمان شام کا گاہ اور گاہ دن — کہین شکل حیوان کہین ترس جن

درختونپہ کہہ بلبلون کی صدا — چمن مین نمایان گلونکی ہوا

فلک کی صفائی وہ شان و شکوہ — بیابان کہین گاہ دامان کوہ

نئی قسم کی ہر جگہہ جانور — پہاڑون پہ ہر جا شجر پر ثمر

شب و روز اک گردش آسمان — وہانکی یہان اور یہانکی وہان

یقین ہی خدا اسّی مسرور ہو | جو یہہ نظم دُنیا مین مشہور ہو
غلط گر کہین ہو چہپا نا اسی | کسی سی نہ کہنا بنا نا اسی

آغاز داستان مبعوث ہونا سرور کائنات کا ہدایت خلقکیواسطے

نگارندۂ داستان کُہن | خوش انداز و خوشخلق شیرین دہن
جو لکہتی ہین مین بہی اوسیکو لکہون | نہی کلک فوّارۂ سرنگون
وہ قصّہ سُناؤن کہ ہو جسمین رنگ | طبیعت مین ہو دوستونکی اُمنگ
وہ قصّہ کہ دل جسسّی مسرور ہو | وہ قصّہ سراسر جو پُر نوُر ہو
وہ قصّہ جمنکی دکہائی بہار | وہ قصّہ جہا نمین رہی یادگار
یہہ عادت شہ دین و دُنیا کی تہی | نہ رہتی تہی دولتسرا مین کبہی
پہاڑ ایک تہا اوسکا حرّا تہا نام | وہان جاتی تہی شاہ گردون مقام
سر کوہ مثل مہ آسمان | نگاہ کرم آفتاب جہان

اسیطرح جب کٹ گئی ہفت ماہ — طبیعت بہی کچہہ ہو چلی رو براہ

لگاتا تہا مین نظم مین اپنا دل — کہ یہہ ہو نجائی کہین مضمحل

اوسی فکر مین اور ہیجان طپان — خیال آگیا دلمین یہہ ناگہان

کہ وہ کر جو ہو بعد نام آوری — لگا دیکہنی حملۂ حیدری

زبس فارسی نظم تہی بیشمار — دکہاتا تہا باغ امامت بہار

مری دلمین تجویز یہہ آگئی — الم سی طبیعت جو گہبرا گئی

مضامین خوش جنکی بہر لیجئی — اسی نظم اُردو مین کر لیجئی

خلاصہ ہو اور رنیک تمہید ہو — خدائی حقیقی کی تائید ہو

مُروّج زمانیمین ہو یہہ کلام — مزا جب ہی اسکو پڑہین خاص و عام

فراموش ہون داستان دروغ — نہ ہو جہوٹ باتونسی دلکو فروغ

مجہی نام کے فکر جب آگئی — کہا دلنی کہہ ہیبت حیدری

نہ کچھہ ملک کی فکر نہ مال کی ۔ نہ تھی کچھہ خبر اپنی احوال کی

شب و روز بیہوش گرد شمین تھا ۔ فلک شل سر پوش گرد شمین تھا

نہ کہاتا تھا کہانا نہ پیتا تھا آب ۔ حرارتسی دلکی جگر تھا کباب

مری یار روتی تھی اوس حال پر ۔ جوانی پہ میری سن و سال پر

کوئی لخلخہ کی سُنگہاتا تھا بو ۔ دعا مانگتا تھا کوئی با وضو

کوئی ہاتھہ سی پاؤن سہلاتا تھا ۔ کہانیسی قصّی سی بہلاتا تھا

پلاتا تھا کیوڑا کوئی گلبدن ۔ طلاکی جوارش کوئی سیم تن

کوئی کہولتا تھا کلام مجید ۔ تفاءلسی لیتا تھا نام مجید

نجومیّ و رمّال بی انتہا ۔ ہوئی صاحب ملک و مال و عطا

کوئی کہتا تھا میری مشکلکشا ۔ گرہ غم کی کہولو ملی مدّعا

مرا شاہ عادل سلامت رہی ۔ سلامت رہی با کرامت رہی

مقدّر سے اسد رجہ ناچار ہون ‏ کہ زنجیر غم مین گرفتار ہون

مگر شکر ہے شکر ہے اے خدا ‏ ابہی تک ہے حاصل وہی مرتبا

ہوئی جب یہہ تالیف اے نکتہ سنج ‏ تو ہجرت سے تہی بارہ سو شصت و پنج

طبیعت مری تہی نہایت علیل ‏ نکلتی نتہی بسط کی کچہہ سبیل

بہت دل الٹتا تہا اور رنج تہا ‏ کہ کانٹا سا نظروں مین ہر گنج تہا

نہ لگتا تہا دل بوستان مین کبہی ‏ نہ گلچین رہا گلستان مین کبہی

طبیعت کا بیرنگ سامان تہا ‏ کہ آنکہون مین صحرا گلستان تہا

عناصر مین تہا اسقدر اختلاف ‏ نہ آتا تہا گلشن نظر مجہکو صاف

نہ کچہہ لطف باقی ترانیمین تہا ‏ نہ نغمہ سراؤنکی گانیمین تہا

کہانیسی قصّے سے مین بدمزاج ‏ مفرّح اوامر سے اور اختلاج

نہ محسن نتہا یار جانی کوئی ‏ نہ کہتا تہا شبکو کہانی کوئی

مجھی دوستی اسّی حاصل نہ تھی | طبیعت حکومت پہ مائل نہ تھی

بچارہتا تھا اسّی اکثر فقیر | کہ ہی جائی دنیا فقط دار وگیر

مقدّر نہ سمجھا جہان مین حقیر | نہ دستِ تحسّر سی چہوڑی لکیر

جو طالع ہمارا عیان ہوگیا | وہ سب فقر جو ری ہوئی کہو گیا

نچہوڑا ذرا مجھکو تقدیر نی | دیا ساتھہ ہرگز نہ تدبیر نی

فقیری کا جُبّہ دکہایا بہت | حکومت سی مونہکو چہپایا بہت

مقدّر کیا تھا جو اللہ نی | لیا نورِ خورسی رُخِ ماہ نی

عنایت ہوا جسّی تہا احتراز | عطا ہوگیا عدلِ کُنجشک و باز

مقرّر جو تہا وقت وہ آگیا | پکڑ کر سرِ تختِ پہنچا گیا

بنا میری زیرِ قلم سب اودہ | ہوا قبضۂ ملک مین اب اودہ

خدانی مری سر پہ رکّہا یہہ بار | مگر دیکھئی اسکا انجامِ کار

ادھر آ دلِ نوجوانِ سخن　　وہ پیرِ مغان قدردان سخن

سُن اے میری سرمایۂ زندگی　　ہمیشہ خدا کو ہی پائندگی

نوشتی کا بھی حشر تک نام ہی　　اس آغاز کا نیک انجام ہی

کچھ احوال آبا و اجداد کا　　عماد السعادت مین بھی ہی لکھا

مری اب جو تھی ابنِ سلطان تھے وہ　　خدا کی قسم اہلِ ایمان تھی وہ

خدا اُنکو بخشی اونھین دی جنان　　او وہ مین ہین مشہور جنّت مکان

اونھین کا پسر یہہ سراپا قصور　　بسلطان ہی مشہور نزدیک و دور

زمانہ مصنّف سی خُرّم رہی　　لقب اسکا سلطانِ عالم رہی

جو واجد علیشاہ ہی میرا نام　　تو اختر تخلّص ہی ای خوش کلام

غلامِ حُسین و حَسن دلسی ہون　　نثارِ رہِ پنجتن دلسی ہون

یہہ دُنیا ہی مشہور نخوت سرا　　نہین بلکہ کہئی مصیبت سرا

گنہہ از من و عفو باید ترا | ز خوردان خطا و ز بزرگان عطا

بس اب بخشدی رب گنہگار ہون | گرفتار زنجیر اقرار ہون

ہر آغاز بد کا ہوا انجام نیک | زمانیمین مشہور ہو نام نیک

رعایا کا دل مجھسی خورسند رکھہ | گروہِ عدو قلعہ مین بند رکھہ

عدالت کی راہین دکھادی مجھے | لب گور ہون اب بچادی مجھے

رعایا دلونمین رہی مجھسی شاد | بہ نیکی ہمیشہ رہون اونکو یاد

مصیبت مین اس قلب کو صبر دے | سر کشتِ امید پر ابر دی

عبادت کرونمین تری تا حیات | زکوٰۃ و دعا سبحہ صوم و صلوٰۃ

کرون بی ضرر سیر دور ای قریب | سکندر کی مانند ہوئی نصیب

مرا جاہ و اقبال صد چند ہو | ہر اک دل محبت سی خورسند ہو

سبب تالیف اس کتاب مستطاب کا اور بیان مختصر ناظم عفی عنہ

تجھی علم ہی ای سمیع و بصیر
تری ذات تو ہی علیم و خبیر

ہوئی مجھسی کب ترک صوم و صلوٰۃ
مین ہر سال دیتا ہون خمس و زکوٰۃ

تو ہی عالمِ غیب ای کبریا
نہین مجھپہ ہرگز نمازین قضا

مگر کیا کرون سخت ناچار ہون
کہ زنجیرِ غم مین گرفتار ہون

کبھی صبح کی اور کبھی شام کی
نمازین قضا ہین ان ایّام کی

نہین رکّھی روزی کئی سال سے
تو واقف ہی ای رب مری حال سے

غم جرم دل کسکا سہتا نہین
مرض مین تو کچھہ ہوش رہتا نہین

خطا بخشدی میری ای میری رب
جو طاقت ملیگی ادا ہوگا سب

گنہگار ہون ہیچ کارا ہون مین
خطا ہی عیان آشکارا ہون مین

اسی بخشدی ای کریم و رحیم
مسلّط نہو مجھہ پہ دیو رجیم

برآرندۂ جملہ حاجات ہے
شفا بخشِ عالم تری ذات ہے

پئی حشمتِ جعفرِ پاک دین — عدالتسی میری بہری ہو زمین

پئی موسیِ کاظم ای بی نیاز — بنا میری کامونکو ہو کارساز

خدایا بحقِ امامِ رضا — عنایت ہو میرا دلی مدعا

خدایا محمد تقی کی لئی — خدایا علی النقی کی لئی

خدایا طفیلِ شہِ عسکری — بہ مہدی بروحِ نبی و علی

مجہی عقل اور ہوش دی اسقدر — کہ ہو ہفت اقلیم پیشِ نظر

خدایا کرین مہدیِ دین ظہور — دکہادی مری آنکہہ کو اونکا نور

ولای ائمہ مجہی دی خدا — جہان مین ہمیشہ رہی مرتبا

مددگار ہون میری بارہ امام — بحقِ محمد علیہ السلام

مجہی صحت اور تندرستی ملی — مری قبح بنیون کو سستی ملی

علالتسی ہون آشنا روز و شب — حرارتمین ہون مبتلا روز و شب

کرم مجھہ پہ سبسی زیادہ ہوا
مُسلمان مرا باپ دادا ہوا

مجھی دینِ احمد مین پیدا کیا
وہ سب دینِ روشن ہویدا کیا

کیا شیر پستانِ دایہ مین خلق
کہ وہ تر کری خُرد سالیمین حلق

مجھی ہاتھہ اوٹھانیکی طاقت نتھی
نوالہ بنانیکی عادت نتھی

سُجھائی جہانکی نشیب و فراز
تو ہی ہی تو ہی خالقِ بی نیاز

مگر سال بھر سی مین ناچار ہون
حمایت کا تجھسی طلبگار ہون

آلٰہی طفیلِ رسولؐ کبار
آلٰہی طفیلِ شہِ نامدار

آلٰہی طفیلِ علیؑ ولی
آلٰہی بروحِ وصیؑ و نبیؐ

آلٰہی بروحِ بتولؑ ہدیٰ
آلٰہی طفیلِ شہِ مجتبیٰؑ

آلٰہی بروحِ حسینؑ شہید
پئی سیّد السّاجدینؑ ای سعید

بجاہِ شہِ پاک باقرؑ امام
رہون عمر بھر عدل مین نیکنام

سزا وار سرِّ خفی و جلی
علی ہی علی ہی علی ہی علی

کہان منقبت اور کہان یہہ زبان
علی ہی ید اللہ خوش و جوان

کہانتک کرون مدحِ حیدر نہان
عیان ہی عیان ہی عیان ہی عیان

تری راہ تکتا ہون مین دیرسی
بچایا ہی سلمانکو شیر سی

مناجات بدرگاہِ خالقِ زمین و زمان قاضی حاجات انس و جان

زمانیسی بندہ جو واقف ہوا
تری حُسن عظمت سی خائف ہوا

قرین جب ہوا مجھسی سنِّ تمیز
نگہبان رہی میری ساری عزیز

بظاہر اگر وہ نگھبان تہی
بباطن کرم تیری ہر آن تہی

تو ہی ای خدا مجھکو پالا کیا
دو بالا تن و قدّ و بالا کیا

وہ دی عقل باقی رہی جس سی ہوش
عنایت کئی دست و پا چشم و گوش

بشر کو بہائم سی افضل کیا
کہ اشرف کیا جزءِ اوّل کیا

منقبت حضرت ولایت مرتبت مظہر عجائب علی ابن ابیطالب ع

بس اب منقبت لازم دین سمجھہ — یہی گردشِ چرخ آئین سمجھہ

علیؑ سی ملا جو علیؑ ہی سے علےؑ — وہ شیرِ خدا ابنِ عمِّ نبی

علیؑ شیرِ حق ہی علیؑ شاہِ حق — علیؑ مہرِ حق ہی علیؑ ماہِ حق

علیؑ اسمِ اعلیٰ سی مشتق ہوا — یداللہ نامِ علےؑ حق ہوا

جو عقل گران مایہ کی اسمین صرف — تو لفظِ علی مین ملی تین حرف

اشارہ ثلاثہ پہ لعنت کا ہی — علی پر یقین صاف بیعت کا ہے

یہہ ثابت ہی ایمایَ عینِ علی — عمر نی بگاڑی رہِ پیروی

ابوبکر و عثمان و غاصب عمر — تبرّی کی قابل ہین ای ذی ہنر

علیؑ ولی شاہِ خیبر کشا — علی ابن عمِّ رسولِ خدا

علیؑ مالکِ خانۂ احمدی — علیؑ وارث و ابنِ عمِّ نبیؐ

مناسب ہی نعت محمدؐ کرون
سعادت ہی تعریف احمدؐ کرون

سیاہی سفیدی کی ہون رنگ فق
ملی صفحۂ صبح شب کی ورق

پڑہائین ملک نعت خیر الانام
نہو تا قیامت وہ جب بہی تمام

بہم سات دریا سیاہی کی ہون
بہم تختۂ و تخت شاہی کی ہون

اگر صفحۂ ہفت افلاک ہو
نہ کافی ہئی مدحت پاک ہو

یہہ بڑہ ہجائی گہٹجائین ہفت آسمان
مجال قلم نعت احمدؐ کہان

اک ادنا سا یہہ رتبۂ شاہ ہی
کہ اوس شاہ کی عرش تک راہ ہی

اوسکی تو تابع ہین ساتون سپہر
اوسیکی تو فرمانین ہین ماہ و مہر

جدا ہو الف اسم احمد سی گر
فقط حمد رہجائی ای خوش سیر

الف کی جدائی ہی حد تیہ دال
احد سی ملا ہی شہ خوش خصال

فقط حمد ہی حمد رہجائیگی
محمدؐ سی حمد آبرو پائیگی

قوی تن کوئی اور کوئی نازنین
کوئی گوہ تن اور کوئی مہ جبین

کوئی صاحبِ علم و فہم و ذکا
کوئی مالکِ تخت و تاج و لوا

کوئی مہر تن اور کوئی ماہرو
کوئی بدصدا اور کوئی خوش گلو

کوئی عابد و زاہد و نیک بخت
کوئی دزد خونریز اور کوئی سخت

کوئی شاد اور کوئی غمگین ہے
یہہ ہی رسم دنیا یہہ آئین ہے

وہی خالقِ نور و ظلمات ہی
بڑی کنہ اوسکی بڑی ذات ہی

وہ اوّل بہی ہی اور آخر بہی ہے
وہ باطن بہی ہی اور ظاہر بہی ہے

حکیم و علیم و حلیم و قدیم
ودود و رؤف و غفور و رحیم

علیّ و عظیم و سمیع و بصیر
کریم و عزیز و جلیل و خبیر

کہانتک کرون حمدِ ربّ العباد
بڑی دین و ایمان وحدت زیاد

نعت جنابِ رسالتمآب سیّد عالم اشرف اولاد آدم محمد مصطفےٰ صلعم

فرشتہ وہ ہی مثلِ انگشتِ نر — خفا ہوتا ہی وہ ملک ابر پر

اوس آواز سی خوف کرتی ہین سب — وہی رعد ہی جس سی ڈرتی ہین سب

خدا نی کہا کُن ہوئی آشکار — زمین آسمان نجم و کُوہ و بحار

کہین بہوت پیدا کئی شو ربہشت — کہین دیو ظاہر کئی ہین درشت

عجب اوسنی پیدا کئی نازنین — کوئی خوبصورت کوئی بدترین

کوئی ماہ پیکر کوئی زشت رو — کوئی نیکخو اور کوئی تند خو

کوئی سانولا اور کوئی سبزہ رنگ — کوئی سرخرو اور کوئی قوم زنگ

کوئی چنپئی اور کوئی گندمی — بہشتی کوئی دوزخی ہی کوئی

کوئی نیکدامن کوئی زشت بخت — کوئی موم دل اور کوئی سنگ سخت

کوئی مرد خوشرو کوئی نیک زن — ہر اک کو دیا اک نیا پیرہن

علالت مین کوئی کوئی تندرست — کوئی تیز و چالاک اور کوئی سست

ہر اک پھول اوسنی تراشا عجیب
شجر ہی بنائی عجیب و غریب

نہ ساکن نہ مسکن نہ ہی گھر کہین
نرالی طرح آبرو ہر کہین

بنایا ہی بی پایہ ہر آسمان
مدوّر رُخ بیضۂ طائران

فلک سی فلک تک اگر ہو گذر
نہو پانسو سال تک طی وہ گہر

ہر اک چرخ کا جسم ہی اسقدر
فلک ایک اک ایسا ہی گندہ تر

اوڑی آدمی پانچ سو سال تک
نہ پائی پر اوس چرخ کا حال تک

فلک پر ملک اوسنی پیدا کئے
ستاری بہی اوسپر ہویدا کئی

کہین بحر مَوّاج و ذخّار ہی
کہین ابر و برقِ شرر بار ہی

جو سُنتی ہین سامع گرجنی کی دُہوم
جو ہوتی ہی بادلکی بجنی کی دُہوم

تڑپتی ہی اور تیز ہوتی ہی برق
چھپا رہتا ہی ابر سی غرب و شرق

یہہ مشہور ہی اک فرشتہ ہی سعد
فرشتونمین کہتی ہین سب اوسکو رعد

وہ ہی خالقِ خاک و آب و ہوا — وہ ہی خالقِ برگ و بار و دوا

وہ ہی خالقِ آتش و دود و نور — وہ ہی خالقِ روح غلمان و حور

وہ ہی خالقِ مور و مار و مگس — وہ ہی خالقِ ہمّ و غم دادرس

وہ ہی خالقِ سرو شمشاد و گل — وہ ہی خالقِ معدن جزو کُل

وہ ہی خالقِ عشق و حسن حسین — وہ ہی خالقِ جلوۂ مہ جبین

وہ ہی خالقِ ارض و آفاق و کوہ — وہ ہی خالقِ خوب و زشت و شکوہ

وہ ہی خالقِ نخل خلدِ چمن — وہ خلّاق ہر طوطی خوش سخن

وہ ہی خالقِ برق و آبِ سحاب — وہ ہی خالقِ مرد و زن شیخ و شاب

وہ خلّاق نور و ضیای سحر — وہ خلّاق شمس و صفائی قمر

وہ خلّاق صورت گرائی فیل — وہ ہی خالقِ قلزم و رود نیل

جو خواہش ہوئی سامنی دہر دیا — نیا رنگ پہولونمیں بہر دیا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حمد حضرت کردگار عزّ اسمہٗ

شروعِ سخن صاف ہی حمدِ رب — دُرِ لعل بن صاف ہی حمدِ رب

خداوند دُنیا و دین و زمین — ضیابنہ دُنیا و دین و زمین

وہی خالقِ عرش و ماہ و سپہر — وہی خالقِ اختر و [illegible] مہر

وہی خالقِ شمس و افلاک طور — وہی خالقِ جنّ و انس و طیور

يا ايها الرسول بلغ ما انزل اليك من ربك ط

الحمد لله والمنة که کتاب لاجواب از تصنیفات حضرت سلطان عالم

هدایت حیدری

در شهر رمضان المبارک سنه ۱۲۹۲ هجری بدار الحکومت کلکته

در مطبع سلطانی باهتمام رئیس الدوله زیور طبع آراست